تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ
پاور آف پاکستان
اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | منگل 25 نومبر 2025، 04 جمادی الثانی 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 102

لاہور: چیئرمین وزیر اعلیٰ ٹاسک فورس برائے جیل خانہ جات رانا منان خان محکمہ داخلہ پنجاب میں پریزن ریفارمز بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

غزہ میں اسرائیلی حملے شرم الشیخ امن معاہدے کی کھلی خلاف ورزی ہیں، پاکستان

اسرائیلی حملوں میں معصوم بچے، خواتین جاں بحق اور زخمی ہوئے، اسرائیل ان حملوں سے بین الاقوامی قوانین اور حالیہ امن معاہدے کی سنگین خلاف ورزی کر رہا ہے

یہ حملے امن کی کوششوں کو سبوتاژ کر رہے ہیں، یہ حملے شرم الشیخ میں طے پانے والے امن معاہدے کی بھی کھلی خلاف ورزی ہیں، حکومت پاکستان عالمی برادری سے اسرائیلی استثنیٰ اور جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کو ختم کرنے کا مطالبہ کرتی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے غزہ میں اسرائیلی قابض فورسز کی جانب سے معصوم فلسطینیوں پر حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ (بقیہ نمبر 1)

سہیل آفریدی آپریشنز پر وفاق کا ساتھ دیں، گورنر خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ کے پی سہیل (بقیہ نمبر 2)

پی ٹی آئی کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے ہمارا کوئی تعلق نہیں، شیخ وقاص اکرم

پشاور (این این آئی) مرکزی سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی شیخ وقاص اکرم نے انفارمیشن ونگ کا پارٹی (بقیہ نمبر 3)

وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی سرگودھا ڈویژن کی ویٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو، ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن شیر احمد خان اور دیگر بھی موجود ہیں۔

وزیر اعلیٰ مریم کی مسقط میں ٹیم اسنوکر ورلڈ کپ فائنل میں شاندار فتح پر پوری قوم کو مبارکباد

پاکستان کا نام روشن کرنے والے کیو ویسٹ محمد آصف اور اسجد اقبال قومی ہیروز ہیں' مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مسقط میں ٹیم اسنوکر ورلڈ کپ فائنل میں شاندار فتح پر پوری قوم کو مبارکباد دی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کیو ویسٹ محمد آصف اور اسجد اقبال کو بہترین پرفارمنس پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ (بقیہ نمبر 4)

بنوں میں 3 ماہ کے دوران 140 دہشتگردوں کے حملے ناکام بنائے گئے

بنوں (این این آئی) بنوں ریجن میں 3 ماہ کے دوران پولیس تھانوں اور (بقیہ نمبر 5)

ضمنی انتخاب اکثریتی حلقوں میں پی ٹی آئی نے بائیکاٹ کیا، وزیر اطلاعات

لاہور فیصل آباد، ساہیوال اور ڈیرہ غازی خان میں مسلم لیگ (ن) کا ٹرن آؤٹ انتہائی حوصلہ افزاء رہا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ضمنی انتخاب کے دوران اکثریتی حلقوں میں پی ٹی آئی نے بائیکاٹ کیا، سیاست میں کوئی بائیکاٹ نہیں ہوتا، بائیکاٹ کا سیاسی طور پر ہمیشہ نقصان ہوتا ہے۔ ضمنی انتخابات میں لوگوں کا ووٹ ڈالنے کے لئے نکلنا حکومت کی کارکردگی پر اعتماد کا مظہر ہے۔ اتوار کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ لاہور میں پولنگ کیمپس (بقیہ نمبر 6)

وزیر داخلہ کی بنوں میں امن کمیٹی کے دفتر پر فتنہ الخوارج کے حملے کی مذمت

فتنہ الخوارج کی ایسی بزدلانہ کارروائیاں عوام کے بلند حوصلے کو غیر متزلزل نہیں کر سکتیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بنوں کے علاقے میں امن کمیٹی کے دفتر پر فتنہ الخوارج کے حملے کی مذمت کی ہے۔ جاری بیان میں انہوں نے حملے میں جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر داخلہ نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی (بقیہ نمبر 8)

یوسف رضا گیلانی کی دربار حضرت موسیٰ پاک شہید پر توسیعی کام تیز کرنے کی ہدایت

ملتان (نمائندہ خصوصی) قائم مقام صدر پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے اتوار کے روز دربار حضرت موسیٰ پاک شہید (بقیہ نمبر 7)

ملتان: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی دربار حضرت موسیٰ پاک شہید کے دورہ کے دوران توسیعی منصوبے کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت دے رہے ہیں

گورننس کی نگرانی مزید سخت، کوتاہی برداشت نہیں ہوگی

صوبے کے ہر ضلع میں گورننس کے معیار کی مکمل نگرانی کے لئے خفیہ ٹیمیں بھیجی جائیں گی، ستھرا پنجاب کا وکنٹریکٹر معیاری کام نہیں کرے گا اس کی ادائیگی فوری طور پر معطل ہوگی، صفائی کی صورتحال تسلی بخش نہ ہونے پر ستھرا پنجاب کنٹریکٹ دوبارہ کرنے پر غور ہوگا

پنجاب کی ہر شہر میں صفائی کے معیار کو بہتر سے بہترین بنانے کے لئے کوڑے دان کی صفائی اور ویسٹ انکلوژر بنانے کا حکم دیا ہے اور شہروں کا ماحول صاف اور خوشگوار رکھنے کے لئے ویسٹ انکلوژر کے گرد چار دیواری بنا کر مکمل طور پر بند کرنے کی ہدایت کی گئی

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب میں غیر معیاری کارکردگی اور کسی بھی قسم کی کوتاہی برتنے والوں کو کسی قسم کی رعایت نہیں ملے گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے بھر میں گورننس اور صفائی کے انتظامات کی نگرانی مزید سخت کر دی۔ مریم نواز شریف کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر کے لئے مقرر کردہ "کی پرفارمنس انڈیکیٹر" کی کڑی جانچ پڑتال جاری ہے، وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر صوبے کے ہر ضلع میں گورننس کے معیار کی مکمل نگرانی کے لئے خفیہ ٹیمیں بھیجی جائیں گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے بعض شہروں میں صفائی کی غیر (بقیہ نمبر 10)

دفتر خارجہ میں مینا بازار خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے سرگرم ہیں، اسحاق ڈار

مینا بازار مختلف ثقافتوں کو یکجا کرنے کا موقع فراہم کرتا، دوست ممالک سے تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے دفتر خارجہ میں مینا بازار کا افتتاح کر دیا جس میں مختلف ممالک کے ثقافتی رنگ نمایاں ہو گئے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ گزشتہ سال بھی مینا بازار کا انعقاد کیا گیا تھا، (بقیہ نمبر 14)

حکومت مڈل مین کا کردار محدود کرنے کیلئے میکنزم بنائے' مسرت جمشید چیمہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ مصنوعی (بقیہ نمبر 13)

ملک پور فیکٹری حادثے کے متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں' ہمایوں اختر خان

فیصل آباد/ تاندلیانوالہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے ملک پور کے علاقے (بقیہ نمبر 12)

بے اختیار لوگوں سے مذاکرات کا فائدہ نہیں، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ بااختیار لوگوں سے (بقیہ نمبر 11)

ضمنی انتخاب میں کوئی غیر معمولی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے، چیف الیکشن کمشنر

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف بلاتفریق ایکشن لیا، ڈی آر اوز نے بھی کچھ رپورٹس بھیجی ہیں، سکندر سلطان راجا

اسلام آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمیشن سکندر سلطان راجا نے ضمنی انتخابات کے دوران سیکیورٹی کے موثر اقدامات پر صوبائی حکومتوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضمنی انتخاب میں کوئی غیر معمولی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔ چیف الیکشن کمشنر (بقیہ نمبر 9)

بلاول بھٹو کو جدوجہد کر کے وزیر اعظم بنانا ہے' گورنر پنجاب

شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے پائے کے لیڈرز ابھی تک پیدا نہیں ہوئے' سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو جدوجہد کر کے وزیر اعظم بنانا ہے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے مختلف جامعات کے طلبا و طالبات نے گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا کہ اساتذہ روحانی والدین ہیں ان کی عزت و احترام واجب ہے، چیئرمین بلاول بھٹو نوجوان پڑھا لکھا دلیر لیڈر ہے، بلاول بھٹو جلد آپ کے درمیان ہوں گے۔ (بقیہ نمبر 15)

لاہور ہائیکورٹ میں رواں ہفتے 6 ڈویژن، 25 سنگل بنچز سماعت کریں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ رواں ہفتے 6 ڈویژن اور 25 سنگل بنچز سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں دو رکنی بنچ تمام نوعیت کی اپیلوں پر سماعت کرے گا، جسٹس عابد عزیز شیخ کی سربراہی میں ڈویژن بنچ ٹیکس (بقیہ نمبر 16)

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی ساحر شمشاد مرزا 27 نومبر کو ریٹائر ہوں گے

جنرل ساحر شمشاد مرزا 18 ویں اور آخری چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی ہونگے

لاہور (این این آئی) چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا 27 نومبر 2025 کو اپنی ملازمت کی مقررہ مدت پوری کرنے کے بعد ریٹائر ہو جائیں گے۔ جنرل ساحر شمشاد مرزا مسلح افواج کے 18 ویں اور آخری چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی ہوں گے۔ آئین میں 27 ویں ترمیم کے نتیجے میں ان کے بعد کوئی چیئرمین چیفس آف اسٹاف کمیٹی نامزد نہیں کیا جائے گا۔ جنرل شمشاد مرزا اس عہدے پر اپنے تین سال مکمل جبکہ مرحوم (بقیہ نمبر 17)

سہیل آفریدی الیکشن کمیشن نوٹس کو کور کرنے کیلئے مریم نواز پر الزام لگا رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

مریم نواز نے لاہور سمیت کسی بھی ضمنی الیکشن والے شہر میں ترقیاتی منصوبے کا افتتاح نہیں کیا' وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے لاہور سمیت کسی بھی ایسے شہر میں ایک بھی ترقیاتی منصوبے کا افتتاح نہیں کیا جہاں ضمنی انتخابات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز نے انتخابی ضابطہ اخلاق کی مکمل پاسداری کرتے ہوئے کسی لیگی امیدوار کی انتخابی مہم میں حصہ نہیں لیا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ سہیل آفریدی الیکشن کمیشن سے ملنے والے نوٹس کو چھپانے (بقیہ نمبر 29)

کنٹرول رومز قائم، شہری بلاخوف وخطر حق رائے دہی استعمال کریں، الیکشن کمشنر پنجاب

پولنگ سٹیشنوں پر معذور افراد، حاملہ خواتین، بزرگ افراد اور خواجہ سراؤں کا ووٹ ترجیحی بنیاد پر کاسٹ کروایا جائے گا

اسلام آباد، لاہور (این این آئی) قومی اسمبلی کے 6 اور پنجاب اسمبلی کے 7 حلقوں میں ضمنی انتخابات کے لیے الیکشن کمیشن ہیڈکوارٹرز میں کنٹرول روم قائم کر دیئے گئے۔ الیکشن کمشنر پنجاب نے بتایا کہ تمام پولنگ سٹیشنوں پر پولنگ جاری ہے، پولنگ سٹیشنوں پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہری بلاخوف وخطر پولنگ سٹیشنوں پر آئیں اور اپنا حق رائے دہی استعمال کریں، پولنگ سٹیشنوں پر معذور افراد، حاملہ خواتین، بزرگ افراد اور (بقیہ نمبر 18)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن اجتماع عام مینار پاکستان کے اختتامی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں۔

افغانستان دہشتگردی کے خاتمے میں عملی کردار ادا کرے، پاکستان، یورپی یونین

اجلاس میں پاکستان اور یورپی یونین کے باہمی تعلقات، 2019 کے سٹریٹجک انگیجمنٹ پلان کے تحت تعاون، اور مستقبل کے مشترکہ اہداف پر تفصیل سے بات چیت ہوئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان سٹریٹجک مکالمے کے ساتویں دور کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا جس میں افغانستان سے مطالبہ کیا گیا کہ افغان حکومت دہشت گردی کے خاتمے کے لیے عملی کردار ادا کرے۔ وزارت خارجہ سے جاری ہونے والے مشترکہ اعلامیہ کے مطابق اجلاس کی صدارت پاکستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ برائے خارجہ (بقیہ نمبر 19)

لاہور: صوبائی الیکشن کمشنر کی نگرانی میں افسران ضمنی انتخابات کو مانیٹر کرنے کے لیے کنٹرول روم میں موجود ہیں۔

طورخم سرحد کی بندش سے افغانستان کو ایک ماہ میں 45 ملین ڈالر کا نقصان

پشاور (این این آئی) پاک افغان سرحد بندش سے ایک ماہ کے دوران افغانستان کو 45 ملین ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق طورخم کی بندش سے ایک ماہ میں افغانستان کو 45 ملین ڈالر کا نقصان ہوا جبکہ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے نام پر اسمگلنگ سے پاکستان کو سالانہ 3 کھرب 42 ارب روپے کا نقصان ہوتا رہا۔ (بقیہ نمبر 30)

قیدیوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا جیل انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے، ڈی آئی جی جیل خانہ جات پنجاب

سرگودھا (این این آئی) ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب سعید اللہ گوندل نے کہا کہ قیدیوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا جیل انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے جیل عملہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے، سکیورٹی کو مزید موثر کرنے اور مشینری کو اپ گریڈ کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات سعید اللہ گوندل نے سرگودھا ریجن آمد پر سینٹرل جیل (بقیہ نمبر 31)

وزیر صنعت و تجارت پنجاب چوہدری شافع حسین انجمن آڑھتیان سبزی منڈی مرالیاں بائی پاس گجرات کے نومنتخب عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں۔

ملک پور فیکٹری حادثے کے متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں' ہمایوں اختر خان

حکومت متاثرین کی مالی معاونت کرے/ حلقے میں گیس فراہمی کیلئے وزیر توانائی سے ملاقات ہو چکی' سابق وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے ملک پور کے علاقے میں فیکٹری میں بوائلر پھٹنے سے ہونے والے دھماکے میں بچوں اور خواتین سمیت 20 افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مشکل کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ادارے واقعہ کی تمام (بقیہ نمبر 20)

چیئر پرسن وزیر اعلیٰ انسپکشن کا سوہدرہ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی معائنہ

لاہور (این این آئی) چیئر پرسن وزیر اعلیٰ پنجاب انسپکشن، سرویلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے سوہدرہ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی معائنہ کیا، جن میں سیوریج سسٹمز، گلیوں کی تعمیر، پی سی سی اور ڈرینج نالہ اسکیمیں شامل ہیں۔ بریگیڈیئر (ر) (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی، فلور ملز میں کام کرنے والے شہری کے اغواء اور قتل کا معمہ حل

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ہفتہ قبل فلور ملز میں کام کرنے والے 20 سالہ شہری کے اغواء اور اندھے قتل کا معمہ حل کر لیا۔ پولیس کے مطابق شہری کے قتل میں ملوث دو افراد کو گرفتار کر لیا گیا، زیر حراست افراد نے خنجر کے وار اور پسٹل کے بٹ مار کر قتل کیا تھا۔ زیر حراست افراد (بقیہ نمبر 25)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین، داتا دربار و بھاٹی چوک توسیع منصوبے کی سائٹ کا دورہ کر رہے ہیں۔

فیصل آباد، صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب نے میڈیا پر چلنے والی جھوٹی خبر کا نوٹس لیا

ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افیسر اور ریٹرننگ افسران کو میڈیا پر چلنے والی خبر کی تحقیقات کا حکم جاری

فیصل آباد (این این آئی) صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب نے فیصل آباد میں ضمنی انتخابات کے حوالے سے میڈیا پر چلنے والی ایک خبر کا فوری نوٹس لیا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ انتخابی سامان کی ترسیل میں انتظامی غفلت برتی گئی ہے جس پر الیکشن کمیشن نے فوری تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ فیصل آباد کے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افیسر اور ریٹرننگ افسران کو میڈیا پر چلنے والی خبر کی تحقیقات کرنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ تمام انتظامات مکمل طور پر درست (بقیہ نمبر 32)

پاکستان کی غزہ میں امن معاہدے کے برخلاف اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت

بین الاقوامی برادری اسرائیلی حملے روکنے کیلئے فوری اقدامات کرے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے غزہ میں اسرائیلی قابض افواج کی جانب سے کیے گئے حملوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے، جن کے نتیجے میں مبینہ طور پر متعدد فلسطینی شہری شہید اور کئی زخمی ہوئے ہیں۔ دفتر خارجہ کے بیان میں کہا گیا کہ ایسے اقدامات بین الاقوامی قانون، متعلقہ اقوام متحدہ کی قراردادوں، اور حال ہی میں شرم الشیخ میں طے پانے والے امن معاہدے کی صریح خلاف ورزی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ حملے خطے میں دیرپا امن اور استحکام (بقیہ نمبر 22)

مشرقی ہواؤں سے بھارتی شہروں کی آلودگی لاہور میں داخل ہوگی، مریم اورنگزیب

صوبے بھر میں اسموگ ایمرجنسی اسکواڈز 24/7 فیلڈ میں الرٹ ہے' سینئر صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ لاہور میں آلودگی بڑھنے کا امکان ہے، مشرقی ہواؤں سے بھارتی شہروں کی آلودگی لاہور میں داخل ہو گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ صبح ہواؤں کا رخ بدلنے سے اے کیو آئی میں بہتری کا امکان ہے، لاہور میں میکینکل اسٹریٹ واشنگ جاری ہے۔ لاہور میں واٹر اسپرے اور ریئل ٹائم ایئر کوالٹی مانیٹرنگ بھی جاری ہے، بھٹوں اور انڈسٹری کی چیکنگ (بقیہ نمبر 33)

پشاور: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی پولیس کے اسپیشل برانچ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قوموں کی ترقی میں خواتین کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے، قائمقام چیئرمین سینٹ

تعلیم یافتہ بیٹیاں کسی بھی قوم کی سب سے بڑی طاقت ہوتی ہیں، جناح یونیورسٹی فار ویمن بزنس انکیوبیشن سنٹر میں خطاب

کراچی (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ قوموں کی ترقی میں خواتین کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے اور جہاں عورت نے قلم اٹھایا، وہاں ترقی نے بھی اپنا راستہ بنایا۔ جناح یونیورسٹی فار ویمن کے بزنس انکیوبیشن سنٹر میں منعقدہ ایک پروقار تقریب میں قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن، جانچ پڑتال کیلئے آٹھ مشکوک افراد تھانے منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کے دوران 235 افراد، 15 گھروں، 31 گاڑیوں اور 28 موٹر سائیکلوں کو چیک کیا، جبکہ جانچ پڑتال کیلئے آٹھ مشکوک افراد کو تھانہ منتقل (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد، عمرہ ویزے کی آڑ میں یورپ جانے کی کوشش ناکام، مسافر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ایف آئی اے امیگریشن کی کارروائی کے دوران ایک مسافر کو عمرہ ویزے کی آڑ میں غیر قانونی طور پر یورپ جانے کی کوشش کرتے ہوئے گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق امیگریشن کلیئرنس کے دوران (بقیہ نمبر 27)

پی سی ایم ای اے کے وفد کی اسٹیٹ بینک پاکستان کے اعلیٰ افسران سے ملاقات

برآمدات سے متعلقہ مسائل سے آگاہ کیا، نئی پالیسیوں، ضابطوں پر آگاہی سیشنز منعقد کئے جائیں' وفد کا مطالبہ

کراچی/ لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے 6 رکنی وفد نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعلیٰ افسران سے ملاقات کر کے برآمدات سے متعلقہ مسائل سے تفصیلی آگاہ کیا۔ اسٹیٹ بینک کے اعلیٰ افسران سے ملاقات کرنے والوں میں چیئرمین میاں عتیق الرحمان، پیٹرن انچیف عبد اللطیف ملک، سینئر ممبران عثمان اشرف، شاہد حسن شیخ، نعیم کھوکھر اور محمد نعیم ساجد شامل تھے۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ اسٹیٹ بینک نئی (بقیہ نمبر 26)

ایس آئی ایف سی کا عزم، ڈیجیٹل پاکستان کا نیا باب، آئی ٹی شعبے میں انقلابی قدم

نئی کیبلز کی بدولت ملک میں عالمی ٹیک کمپنیوں کی سرمایہ کاری میں تیزی آئیگی

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی پاکستان میں عالمی سطح پر جدید، محفوظ اور مسابقتی ڈیجیٹل نیشن کے قیام کیلئے پرعزم ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ ایک سال سے پاکستان میں سب میرین کیبل انفراسٹرکچر کی تاریخ ساز توسیع دیکھنے میں آئی ہے۔ 2024 میں 2 Africa اور Africa1 کیبل کی آمد کے بعد ملک میں تیز رفتار بین الاقوامی ڈیٹا لنکس کا (بقیہ نمبر 34)

پاک افغان سرحدی بندش سے افغانستان میں بنیادی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ

کوئٹہ (این این آئی) پاک افغان سرحدی بندش سے افغانستان میں بنیادی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا تاہم پاکستان کی سرحدی بندش سے افغانستان کو شدید معاشی نقصان کے باوجود افغان طالبان کی ہٹ دھرمی برقرار ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاک افغان سرحد (بقیہ نمبر 35)

پنجاب حقیقی معنوں میں تعمیر و ترقی کے نئے دور میں داخل ہو چکا' چودھری شہزاد نذیر سندھو

مریم نواز کے ویژن کی مکمل حمایت، علاقے کی مزید بہتری کے لیے ہر سطح پر کردار ادا کرتے رہیں گے

رائے ونڈ (این این آئی) چیئرمین پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی و مسلم لیگی رہنما چودھری شہزاد نذیر سندھو نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی عوام دوست پالیسیوں اور علاقے کے لیے کئے جانے والے ترقیاتی اقدامات قابل تحسین اور خوش آئند ہیں، مریم نواز (بقیہ نمبر 37)

کاشتکاروں نے شوگر ملز کا 400 روپے فی من نرخ مسترد کر دیا

گھوٹکی/ سجاول (این این آئی) گھوٹکی میں گنے کے کاشتکاروں نے شوگر ملز کی جانب سے 400 روپے فی من نرخ مسترد کر دیا۔ (بقیہ نمبر 36)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے تھائی لینڈ کے سفیر رونگ ودھی ویرابتر گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کر رہے ہیں۔

غزہ منصوبے کو نہیں مانتے، پاکستان آزاد خارجہ پالیسی اپنائے، حافظ نعیم الرحمن

ہم دوستی کریں گے تو عزت و وقار کے ساتھ کریں گے، امریکا کی غلامی اختیار کر کے ہم نے خود کو تباہ کر لیا

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی آزاد خارجہ پالیسی ہونی چاہیے، ہم دوستی کریں گے تو عزت و وقار کے ساتھ کریں گے، امریکا کی غلامی اختیار کر کے ہم نے خود کو تباہ کر لیا، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے موجودہ حالات بھی اسی کا نتیجہ ہیں۔ جماعت اسلامی پاکستان کے 3 روزہ اجتماع عام بدل دو نظام میں ملک بھر سے آئے شرکا سے اپنے خطاب میں (بقیہ نمبر 28)

عوام نفرت انتشار کی سیاست سے تھک چکے ہیں، احسن اقبال

پاکستان کو سفارتی میدان میں کامیابیاں مل رہی ہیں، دشمنوں کی نیندیں اُڑی ہوئی ہیں، وفاقی وزیر

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ عوام نفرت اور انتشار کی سیاست سے تھک چکے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں احسن اقبال نے کہا کہ ضمنی الیکشن نفرت اور انتشار کی سیاست کرنے والوں کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ 3 سال پہلے ملک دیوالیہ ہو رہا تھا، اب معیشت بحال ہے، وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کو سفارتی میدان میں کامیابیاں مل رہی ہیں۔

سندھ حکومت کے زیر اہتمام منعقدہ سندھ ای اسپورٹس چیمپئن شپ کا شاندار اختتام

ویلورینٹ کے فائنل میں ٹیم گیم تھیوری نے کامیابی حاصل کرتے ہوئے چیمپئن کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کے زیر اہتمام منعقدہ سندھ ای اسپورٹس چیمپئن شپ کا شاندار اختتام ہوگیا، جہاں ویلورینٹ کے فائنل میں ٹیم گیم تھیوری نے کامیابی حاصل کرتے ہوئے چیمپئن کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ ایونٹ کی مجموعی انعامی رقم 15 لاکھ روپے رکھی گئی تھی جسے مختلف پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیموں میں تقسیم کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق دلچسپ مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں ٹیم لیجن نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹیم واہ واہ کو شکست دی اور 5 لاکھ روپے نقد انعام اور ٹرافی حاصل کی۔ ترجمان نے کہا کہ تقریب میں اعلان کیا گیا کہ فائنل کی پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیم کو 5 لاکھ روپے جبکہ دوسری پوزیشن حاصل کرنے والی دونوں ٹیموں کو ڈھائی ڈھائی لاکھ روپے انعام دیا گیا۔

مولانا ارشد کا بیان بھارت میں اقلیتوں کیساتھ امتیاز کا حقیقی عکاس ہے، سینیٹر حافظ عبدالکریم

لاہور (این این آئی) امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث سینیٹر حافظ عبدالکریم نے کہا ہے کہ بھارت میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں عالمی برادری کیلئے لمحہ فکریہ ہیں۔ بھارتی عالم دین کے بیان پر سینیٹر حافظ عبدالکریم نے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مولانا ارشد کا بیان بھارت میں اقلیتوں کے ساتھ امتیاز کا حقیقی عکاس ہے۔ امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث نے کہا کہ بھارت میں مسلمانوں کیلئے اعلیٰ عہدوں کے دروازے بند کیے جا رہے ہیں۔

لاہور: پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف اور جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ پارٹی رہنما فائزہ ملک سے ان کی بھاوج کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

ڈینگی میں اضافہ تشویشناک، حکومت فوری اقدام کرے، ایاز میمن موتی والا

ڈینگی کنٹرول نہ ہوا تو صورتحال بگڑ سکتی ہے، ایاز میمن موتی والا کا شہر میں فوری اسپرے مہم تیز کرنے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) کراچی تاجر الائنس کے چیئرمین و بانی عام آدمی پاکستان ایاز میمن موتی والا نے ڈینگی کی بڑھتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر میں کیسز میں اضافہ تشویشناک ہے اور حکومت فوری طور پر سنجیدہ اقدامات کرے۔ ایاز میمن موتی والا نے کہا کہ اسپتالوں میں داخل مریضوں کی تعداد میں اضافہ عوام کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے۔ صوبے بھر میں روزانہ سیکڑوں ٹیسٹ مثبت آنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صورتحال کنٹرول میں نہیں۔ انہوں نے حکومت سندھ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ ہنگامی بنیادوں پر اسپرے مہم تیز کی جائے، نکاسی آب کے نظام کو فوری بہتر بنایا جائے اور عوامی آگاہی مہم کو وسیع کیا جائے تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔ ایاز میمن موتی والا نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ احتیاطی تدابیر کو ہرگز نظرانداز نہ کریں

آئی ایم ایف نے وفاقی حکومت کی کارکردگی اور بدعنوانی میں ملوث ہونے کا پردہ چاک کردیا ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف نے وفاقی حکومت کی کارکردگی اور بدعنوانی میں ملوث ہونے کا پردہ چاک کردیا ہے وزیراعظم شہباز شریف نے تاحال آئی ایم ایف کی جانب سے کرپشن کے حوالے سے لگائے گئے سنگین الزامات کی تردید نہیں کی آئی ایم ایف نے حکومت پر ساڑھے تین ہزار ارب روپے کی کرپشن کا الزام عائد کیا ہے

ہمیں اپنی تقریر اور تحریر میں وطن کے مثبت پہلو کو اجاگر کرنا چاہیے، وزیر بلدیات ناصر شاہ

وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ کا کیڈٹ کالج سانگھڑ میں منعقدہ ساتویں آل پاکستان ذولسانی مقابلہ تقاریر میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے خطاب

کراچی (این این آئی) ساتویں آل پاکستان ذولسانی مقابلہ تقاریر کیڈٹ کالج سانگھڑ میں منعقد ہوا۔ اس تقریب میں ملکی ٹیلنٹ کے ساتھ ساتھ مقامی ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے کے لیے مختلف سیشنز کا اہتمام کیا گیا۔ جن میں اسکول، کالج اور یونیورسٹی کیٹیگری شامل تھے۔ مقامی ٹیلنٹ کو موثر انداز میں سننے کے لیے اسکول کیٹیگری سیشن علیحدہ رکھا گیا جس میں میرپورخاص، سانگھڑ، شہداد پور اور شہید بے نظیر آباد کے 09 اسکولز شامل تھے۔

وکلاء اور پولیس کے درمیان تصادم افسوس ناک ہے پیر ریاض محمد شاہ

سندھ ہائی کورٹ کے تقدس کو پامال کیا جانا قابل مزمت ہے ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

کراچی (این این آئی) ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان و ڈپٹی اٹارنی جنرل فار پاکستان پیر ریاض محمد شاہ نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ ہاء کورٹ میں وکلاء برداری اور پولیس کے مابین تصادم انتہاء افسوس ناک المیہ ہے تصادم کی وجہ سے ہائی کورٹ کا تقدس پامال ہوا جو کہ افسوس ناک اور قابل مذمت ہے، ملک دشمن عناصر اور بھتہ خوری شہر قائد کے امن و امان کو متاثر کرنے کے درپے ہیں، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے شہر قائد میں امن و امان قائم کرنے کیلئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں ان حالات میں وکلاء اور پولیس کے مابین حالیہ تصادم افسوس ناک پہلو ہے اس واقع سے معاشرے پر منفی اثرات پڑیں گے عام آدمی پولیس اور وکلاء کو اپنا مسیحا سمجھتا ہے تصادم کسی بھی مسئلے کا ہرگز حل نہیں ہے وکلاء برادری اور محکمہ پولیس افسران مل بیٹھ کر افہام و تفہیم سے اس سنجیدہ مسئلے پر غور و فکر کر کے جامع حکمت عملی اپنائیں

لورالائی اور گردونواح میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ قابل مذمت ہے، سردار یعقوب خان ناصر

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر نے لورالائی دکی ان کے پاس سگریٹ مشین ہے اور ڈویژن کے دیگر اضلاع میں کیسکو کے ناروا بجلی لوڈشیڈنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ فوری طور پر واپڈا غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کرے اسوقت عوام شدید سردی میں تکلیف اور مشکل صورتحال کا سامنا کر رہے ہیں بجلی نہ ہونے کی وجہ سے پورا حلقہ تاریکی میں ڈوبا ہوا ہے ہسپتالوں میں بجلی کی عدم فراہمی سے مریضوں کو تکلیف ہے

خواتین کو صحت اور تعلیم کے چیلنجز درپیش ہیں، رخسانہ سعید

عورتوں کو ماں کی صحت، نفسیاتی سہولیات اور بنیادی صحت مراکز تک محدود رسائی کا سامنا ہے

کراچی (این این آئی) پاک ایجوکیشنل اکیڈمی کی ایڈمنسٹریٹر رخسانہ سعید نے ملک میں خواتین کی صحت اور تعلیم کے شعبے میں فوری اور مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں خواتین کو صحت اور تعلیم کے شعبے میں کئی چیلنجز درپیش ہیں۔۔ انہوں نے یہ بات چیئرمین پاک امن ویلفیئر ایسوسی ایشن، سعید احمد بیگ کے زیر صدارت منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی، جس میں مختلف تعلیمی اور سماجی شعبوں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ رخسانہ سعید نے کہا کہ خواتین کو ماں کی صحت، نفسیاتی سہولیات اور بنیادی صحت مراکز تک محدود رسائی کا سامنا ہے، جبکہ تعلیم کے شعبے میں دیہی اور پسماندہ علاقوں کی خواتین آج بھی تعلیمی مواقع سے محروم ہیں۔ اس سے نہ صرف خواتین کی ذاتی ترقی متاثر ہوتی ہے

برائلر گوشت کی قیمت میں 15 روپے کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 15 روپے اضافے سے 468 روپے کی سطح پر آ گئی، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 10 روپے اضافے سے 323 روپے کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 344 روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی۔ اوپن مارکیٹوں میں کئی مقامات پر دکاندار برائلر گوشت سرکاری نرخ سے 30 روپے کلو زائد قیمت پر فروخت کر رہے ہیں۔

کراچی: میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب محکمہ انجینئرنگ کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بھارت کے افغان سرزمین استعمال کرنے سے پاکستان خوفزدہ نہیں، علامہ طاہر اشرفی

مولانا ارشد مدنی کا بیان زیر بحث ، اللہ کا شکر ہے کہ ہمیں پاکستان جیسی نعمت ملی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان علما کونسل کے چیئرمین حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ہم بھارت کے افغان سرزمین استعمال کرنے سے خوفزدہ نہیں۔ ایک بیان میں علامہ طاہر اشرفی نے کہا کہ بھارتی مسلمانوں کے مذہبی لیڈر مولانا ارشد مدنی کا بیان زیر بحث ہے، اللہ کا شکر ہے کہ ہمیں پاکستان جیسی نعمت ملی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت گزشتہ 30 سال سے پاکستان کے خلاف افغان سرزمین استعمال کر رہا ہے

گھوٹکی: گنے کے کاشتکاروں نے شوگر ملز کا 400 روپے فی من نرخ مسترد کردیا

گھوٹکی (این این آئی) گنے کے کاشتکاروں نے شوگر ملز کی جانب سے 400 روپے فی من نرخ مسترد کردیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق سندھ کے ضلع گھوٹکی کے شہر اوباڑو میں گنے کے کاشتکاروں نے شوگر ملز کی جانب سے 400 روپے فی من نرخ مقرر ہونے کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی اور کہا کہ یہ ریٹ مقرر کرنا کسانوں کا معاشی قتل ہے۔ کسان رہنما آفتاب مزاری نے کہا کہ چینی 240 فی کلو جبکہ گنا 400 روپے من کسان کا معاشی نقصان ہے

خیبر انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ اینڈ چلڈرن ہسپتال پشاور میں عالمی یومِ اطفال منایا گیا

بچوں کے عالمی دن کے موقع پر بچوں کے ماہر ڈاکٹرز کے ساتھ یونیسف اور محکمہ صحت خیبر پختونخوا کے افسران نے تقریب میں شرکت کی

پشاور (این این آئی) خیبر انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ اینڈ چلڈرن ہسپتال پشاور میں گزشتہ روز عالمی یومِ اطفال منایا گیا۔ اس دن کو منانے کا مقصد بچوں کے حقوق کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا، جبکہ والدین کو یہ پیغام دیا گیا کہ بچوں کو کھیل، سیر و تفریح اور معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنا ان کی شخصیت اور مستقبل کی ترقی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ اس موقع پر پاکستان پیڈیاٹرک ایسوسی ایشن کے عہدیداران، ماہرین اطفال، یونیسف کے نمائندگان اور اسپیشل سیکرٹری ہیلتھ نے شرکاء کو بچوں کی صحت کے حوالے سے آگاہ کیا۔ تقریب میں ایس او ایس اسکول کے بچوں نے بھی خصوصی شرکت کی۔ شرکاء نے خیبر انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ اینڈ چلڈرن ہسپتال کو جلد از جلد کھولنے پر زور دیا۔

تمباکو کمپنیوں نے طلب میں کمی کر کے اضافی پیداوار سے منافع کمالیا

اسلام آباد (این این آئی) تمباکو خریدنے والی کمپنیوں نے 2026 کی فصل کی خریداری میں نمایاں کمی کر دی ہے، جس کی وجہ سے مقامی کاشتکاروں کو بھاری مالی نقصان ہوا ہے، جب کہ کمپنیوں نے اضافی پیداوار سے اربوں روپے کا منافع کمایا ہے۔ تمباکو خریدنے والی کمپنیوں نے 2026 کی فصل کم مقدار میں خریدنے کا فیصلہ کیا ہے، انہوں نے اپنی خریداری میں 1 کروڑ 31 لاکھ 83 ہزار کلو کی کمی کر دی ہے۔

راولپنڈی: شیخ رشید احمد کشمیری بازار میں ناشتہ خرید رہے ہیں۔

طورخم سرحد کی بندش سے افغانستان کو ایک ماہ میں 45 ملین ڈالر کا نقصان

افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے نام پر اسمگلنگ سے پاکستان کو سالانہ 3 کھرب 42 ارب روپے کا نقصان ہوتا رہا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں وفاقی حکومت کے ذرائع کا کہنا ہے کہ طورخم کی بندش سے ایک ماہ میں افغانستان کو 45 ملین ڈالر کا نقصان ہوا جبکہ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے نام پر اسمگلنگ سے پاکستان کو سالانہ 3 کھرب 42 ارب روپے کا نقصان ہوتا رہا۔ افغانستان سے تجارتی بندش عام پاکستانی کی زندگی پر تقریبا کوئی اثر نہیں پڑا، ذرائع نے کہا کہ پاکستان کا 11 اکتوبر 2025 کو افغان سرحد بند کرنا ردعمل نہیں بلکہ تجارتی نظام کی اصلاح کا باعث ہے۔

لاہور: ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضال چوہدری پنجاب اسٹیڈیم میں نیشنل گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

معروف فلاحی ادارے کے چیئرمین مولانا بشیر فاروقی بھی حکومتی بدعنوانیوں پر پھٹ پڑے

مولانا بشیر فاروقی کے صبر کا پیمانہ بھی لبریز ہوگیا، آئی ایم ایف کے مطابق پاکستان میں ہر سطح پر بدعنوانی، سیلانی کا اظہار تشویش

کراچی (این این آئی) سیلانی ویلفیئر کے بانی اور چیئرمین مولانا محمد بشیر فاروق قادری نے پاکستان میں ہر سطح پر بدعنوانی عام ہونے کے حوالے سے آئی ایم ایف کی 186 صفحات پر مشتمل جاری ہونے والی رپورٹ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے سوال کیا ہے کہ آخر کیوں ان معاملات کو ٹھیک کرنے کی فکر نہیں کی جا رہی ہے۔ مولانا بشیر فاروق قادری نے آئی ایم ایف کی ایک حالیہ رپورٹ جس میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں ہر سطح پر بدعنوانی عام ہے، طاقتور حلقوں نے معاشی پالیسیاں یرغمال بنالیں پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ریاست پہلے اپنے گھر سے صفائی شروع کرے۔ مسائل گھر کی صفائی سے ہی حل ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے رپورٹ کے نکات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے سوال کیا کہ آخر کیوں ان معاملات کو ٹھیک کرنے کی فکر نہیں کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب معاملات ٹھیک کرنا کسی اور کی نہیں بلکہ حکومت کی اپنی ذمہ داری ہے۔

آئی ایم ایف نے شوگر ملز مالکان کو بے نقاب کر دیا، ممتاز چانگ

کسانوں کیلئے کم از کم گنے کی قیمت 600 روپے فی من ہونی چاہیے، پی پی رہنما

رحیم یار خان (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ممتاز چانگ نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف نے شوگر ملز مالکان کو بے نقاب کر دیا۔ جاری ایک بیان میں ممتاز چانگ نے کہا کہ جب تک گنے کی قیمت پر نظر ثانی نہ کی جائے تب تک شوگر ملز مالکان کو گنا نہیں دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 2024 میں گنے کا ریٹ 400 روپے فی من تھا، آج بھی وہی ہے، جبکہ چینی کا ریٹ 1 سال پہلے 120 روپے تھا، آج 220 روپے ہے۔ پی پی رہنما نے کہا کہ ڈیزل، یوریا، بیج اور دیگر کھاد مہنگی ہوگئی اور گنے کا ریٹ وہی کا وہی ہے، کسان خود کو تنہا نہ سمجھیں، پیپلز پارٹی ہمیشہ کسانوں اور مظلوموں کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کو ہر حکومت نے رگڑا لگایا گیا ہے، آئی ایم ایف نے شوگر ملز مالکان کو بے نقاب کیا اور انہیں ملکی ترقی میں رکاوٹ قرار دیا ہے۔ ممتاز چانگ نے کہا کہ اس معاملے میں شوگر ملز مالکان اور وفاقی حکومت کا گٹھ جوڑ ہے یا پھر آئی ایم ایف جھوٹ بول رہا ہے؟۔

لاہور: ناظم اعلیٰ جامعہ نعیمیہ علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ترقیاتی منصوبوں میں غیر معیاری کام پر سمجھوتا نہیں ہوگا، ڈاکٹر شام سندر کے ایڈوانی

منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھنا اصل کام نہیں، اصل ذمہ داری کام کے معیار کو برقرار رکھنا ہے

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی برائے اقلیتی امور ڈاکٹر شام سندر کے ایڈوانی نے کہا ہے کہ منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھ دینا یا افتتاح کر دینا اصل کام نہیں، اصل ذمہ داری کام کے معیار کو یقینی بنانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ اقلیتی امور کی جانب سے سوامی نارائن مندر کراچی میں زیر تعمیر ہاسٹل کی سائٹ کے دورے کے موقع پر کیا جہاں انہوں نے کام کا تفصیلی جائزہ لیا اور استعمال کی جانے والی تمام اشیا کا معائنہ کیا۔ محکمہ اقلیتی امور کے افسران، انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ کا عملہ، ایکسین اور دیگر متعلقہ افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ افسران نے تعمیراتی کام کے حوالے سے ڈاکٹر شام سندر آڈوانی کو جامع بریفنگ پیش کی۔ ڈاکٹر شام سندر آڈوانی نے واضح ہدایات جاری کیں کہ محکمہ اقلیتی امور کے تمام منصوبوں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور تمام جاری منصوبوں کو جلد اور بہترین معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے۔

لاہور: حلقہ این اے 129 میں ضمنی انتخاب کے موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے کیمپ میں خواتین سپورٹرز اور کارکنان موجود ہیں۔

پی سی ایم ای اے کے وفد کی اسٹیٹ بینک پاکستان کے اعلیٰ افسران سے ملاقات

برآمدات سے متعلقہ مسائل سے آگاہ کیا، نئی پالیسیوں، ضابطوں پر آگاہی سیشنز منعقد کئے جائیں' وفد کا مطالبہ

کراچی/لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے 6 رکنی وفد نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعلیٰ افسران سے ملاقات کر کے برآمدات سے متعلقہ مسائل سے تفصیلی آگاہ کیا۔ اسٹیٹ بینک کے اعلیٰ افسران سے ملاقات کرنے والوں میں چیئرمین میاں عتیق الرحمان، پیٹرن انچیف عبد اللطیف ملک، سینئر ممبران عثمان اشرف، شاہد حسن شیخ، نعیم کھوکھر اور محمد نعیم ساجد شامل تھے۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ اسٹیٹ بینک نئی پالیسیوں اور ضابطوں پر آگاہی سیشنز منعقد کرنے کے لیے تمام کمرشل بینکوں کو ہدایات جاری کرے تاکہ نہ صرف برآمد کنندگان بلکہ بینکوں کے عملے کو بھی ان سے آگاہی حاصل ہو سکے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے افسران نے یقین دہانی کرائی کہ ملاقات میں جن مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے ان کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

معیشت کی ترقی کیلئے ایڈہاک ازم کو چھوڑ کر طویل المدت پالیسی بنانا ہوگی' اشرف بھٹی

ادارے کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنے کی بجائے مشکلات کا باعث ہیں' مرکزی صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ مشکل معاشی صورتحال میں آئی ایم ایف کے پروگرام کو چلانا ناگزیر ہے تاہم اپنی صلاحیت کے حامل پاکستان کو مستقبل میں اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی قومی پالیسی بنانی ہوگی، سرکاری ادارے کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنے کی بجائے مشکلات کا باعث ہیں جس کی وجہ سے کاروبار کرنے والے متنفر ہو رہے ہیں۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ دنیا میں جو بھی قومیں معاشی طور پر مضبوط ہوئی ہیں انہوں نے ایڈہاک ازم کو خیر باد کہہ کر طویل المدت پالیسیاں بنائی ہیں۔ ہمارے ہاں ایک روز ایک پالیسی بنتی ہے اور اگلے ہی لمحوں میں نئی پالیسی آ جاتی ہے۔ ادارے فیصلوں اور پالیسیوں کے نفاذ سے قبل اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کو اپنی توہین سمجھتے ہیں۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ ٹیکسیشن کے نظام کو انتہائی پیچیدہ بنا دیا گیا ہے جس پر تحفظات کا اظہار کیا جائے تو اور یہ کہا جاتا ہے کہ کاروباری لوگ ٹیکس نہیں دینا چاہتے حالانکہ تاجروں کی اکثریت بھاری یوٹیلٹی بلز کے ساتھ کئی طرح کے ٹیکسز بھی ادا کر رہے ہیں۔

راولپنڈی: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے شہر میں چلائی جانے والی الیکٹرک بسیں صدر اسٹیشن تا منور کالونی اڈیالہ روڈ اپنے اسٹیشن پر کھڑی ہیں

پاکستان کا ایز آف ڈوئنگ بزنس میں 108 نمبر پر آنا لمحہ فکریہ ہے' مقررین

ایز آف ڈوئنگ بزنس کو فروغ، یوٹیلٹی بلز، ٹیکسز ریٹس کم کئے جائیں، سرکاری اداروں کی مداخلت کو کم کیا جائے

لاہور (این این آئی) پاکستان کا ایز آف ڈوئنگ بزنس میں 108 نمبر پر آنا لمحہ فکریہ ہے، بھارت اس فہرست میں 63 ویں اور ویتنام 70 ویں نمبر پر ہے، گزشتہ تین سے چار سالوں میں بیرون ممالک سے پاکستان میں مجموعی طور پر صرف ڈیڑھ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آئی جبکہ بھارت میں 49 ارب ڈالر، ویتنام میں 17 اور بنگلہ دیش میں 3.4 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آئی۔ ان خیالات کا اظہار ماہر معاشیات و صدر انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن عاشق علی رانا، جنرل سیکرٹری پنجاب چیپٹر محمد اسحاق بریار، سینئر نائب صدر ملک غلام حسین، فنانس سیکرٹری شیخ عدیل شاہد اور دیگر نے " سرمایہ کاری کا رجحان اور ہماری پالیسیاں" کے موضوع پر منعقدہ مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر شیخ عباس، سید عدیل حیدر، یاسر اکرم قریشی، نغمانہ شہزادی، زاہد رسول گورائیہ، اعجاز احمد، تابش علی، جاوید میو، میاں محمد زاہد، واصف علی شیخ اور دیگر بھی موجود تھے۔

پی ٹی آئی کا 26 نومبر کو یوم سیاہ منانے کا اعلان

پاکستان تحریک انصاف کی قیادت نے اپنے کارکنوں کو کسی بڑے احتجاج کے بجائے اضلاع کی سطح پر احتجاج کی ہدایت کردی ہے

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے پارٹی کے بانی عمران خان کی رہائی کے لیے اسلام آباد میں احتجاج پر تشدد کو ایک سال ہونے پر 26 نومبر کو کسی بڑے احتجاج کے بجائے یوم سیاہ منانے کا اعلان کرتے ہوئے کارکنوں کو ریجن کی سطح پر احتجاج کی ہدایت کردی ہے۔ پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر نے سوشل میڈیا پر پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی ریجنل تنظیمیں اضلاع کی سطح پر احتجاج کریں۔

پاکستان میں اگلے سال تک سولر پینلز کی بجلی نیشنل گرڈ سے تجاوز کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان قابل تجدید توانائی کے شعبے میں ترقی پزیر ممالک کیلیے مثال بن گیا، آئندہ سال پاکستان کے انڈسٹریل زونز میں دن کے وقت سولر پینلز سے بننے والی بجلی نیشنل گرڈ سے تجاوز کرے گی۔ خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سولر پینلز سے بجلی کی پیداوار میں لاہور سب سے آگے ہیں، فیصل آباد دوسرے اور سیالکوٹ تیسرے نمبر پر ہے

ملک میں گاڑیوں کی اسمبلی کٹس کی درآمدات میں 123 فیصد اضافہ

صارفین دونوں، استعمال شدہ اور مقامی طور پر تیار شدہ گاڑیوں میں دلچسپی ظاہر کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں گاڑیوں کی اسمبلی کٹس کی درآمدات میں پچھلے سال کے مقابلے میں 123 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے باعث مقامی آٹو مارکیٹ میں سرگرمی بڑھ گئی ہے۔ ملک میں نئی اور استعمال شدہ گاڑیوں کے ساتھ ساتھ مقامی اسمبلی کے لیے آٹو پارٹس کی درآمدات میں تیزی دیکھی جا رہی ہے، کیونکہ صارفین دونوں، استعمال شدہ اور مقامی طور پر تیار شدہ گاڑیوں میں دلچسپی ظاہر کر رہے ہیں۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (پی بی ایس) کے مطابق مقامی کار ساز کمپنیوں کی طرف سے گاڑیوں کے اسمبلی کٹس (ایس کے ڈی/سی کے ڈی) کی درآمدات پچھلے سال کے مقابلے میں 123 فیصد بڑھ کر چار ماہ کے دوران 62 کروڑ 80 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔

کراچی: وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کی اسٹیرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

آغا سراج درانی پیپلز پارٹی کا سرمایہ تھے، وزیر اعلیٰ سندھ

انہوں نے سختیاں برداشت کیں مگر پارٹی سے وفادار رہے، امید ہے کہ آغا شہباز خان درانی اپنے والد کے نقش قدم پر چلیں گے

شکارپور (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ آغا سراج درانی پیپلز پارٹی کا سرمایہ تھے انہوں نے مشکلات کے باوجود ایوان کو کئی بار اچھی طرح چلایا انہوں نے سختیاں برداشت کیں مگر پارٹی سے وفادار رہے، امید ہے کہ آغا شہباز خان درانی اپنے والد کے نقش قدم پر چلیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آغا سراج خان درانی کے چہلم کے موقع پر کوٹ درانی گڑھی یاسین میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کیں۔ چہلم کی تقریب گڑھی یاسین کوٹ درانی میں ہوئی جہاں مرحوم کے بھائی آغا مسیح الدین درانی نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا چہلم کی تقریب میں لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر مرحوم کے بڑے صاحبزادے اور خالی ہونے والی نشست پی ایس، 9 کے نامزد امیدوار آغا شہباز خان درانی کو دستار پہنائی گئی۔

صحرائی جہاز اونٹ خطرناک وائرس کا شکار، دس ہلاک، درجنوں بیمار پڑ گئے

صادق آباد (این این آئی) صادق آباد کے قصبے کوٹ سبزل میں صحرائی جہاز اونٹ خطرناک وائرس کا شکار ہو گئے، جس کے باعث دس اونٹ ہلاک اور درجنوں بیمار پڑ گئے۔ مالکان کے مطابق وبا دن بہ دن پھیل رہی ہے، اونٹ کو زکام ہوتا ہے، پھر شدید بخار کی وجہ سے بیہوش ہوتا ہے پھر ہلاک ہو جاتا ہے، لاکھوں مالیت کے اونٹ آنکھوں کے سامنے مر رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب نے زراعت پر خصوصی توجہ مرکوز کی ہے، سید عاشق کرمانی

رواں سیزن میں ایک کروڑ 65 لاکھ ایکڑ پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر ہے' وزیر زراعت کی زیر صدارت ڈویژنل ویٹ کمیٹی کا اجلاس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو اور مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن شبیر احمد خان کے ہمراہ سرگودھا ڈویژن کی ڈویژنل ویٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پنجاب حکومت کسانوں کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے ، پیداوار میں اضافے کے لئے زراعت میں جدت لائی جا رہی ہے۔

بھارت جتنی کوششیں کرلے مگر اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا، مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان سنی تحریک

پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا اور جھوٹے الزامات نے بھارت کے چہرے کو مزید بے نقاب کر رہے ہیں، بلال سلیم قادری شامی

کراچی (این این آئی) سیکرٹری جنرل پاکستان سنی تحریک صاحبزادہ علامہ بلال سلیم قادری شامی نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ بھارت جتنی بھی سازشیں کرلے، اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا۔ بھارتی حکمرانوں کی خطے میں عدم استحکام پھیلانے کی کوششیں نہ صرف ناکام ہوچکی ہیں بلکہ پوری دنیا بھارت کے مکروہ کردار کو پہچان چکی ہے۔ پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا، جھوٹے الزامات، سرحدی خلاف ورزیاں اور دہشت گردی کی پشت پناہی جیسے اقدامات بھارت کے چہرے کو مزید بے نقاب کر رہے ہیں۔ بھارت کی جانب سے پاکستان کو کمزور کرنے کے خواب ماضی میں بھی نامکمل تھے اور آج بھی نامکمل رہیں گے۔ پاکستان نہ صرف ایک مضبوط دفاعی صلاحیت رکھتا ہے بلکہ اس کے عوام نظریاتی طور پر بھی انتہائی باشعور ہیں۔ پاکستان سنی تحریک، اہلسنت قیادت اور پوری قوم مادرِ وطن کی حفاظت کیلئے ایک پیج پر ہیں

اسکول پیسہ کمانے کی مشینیں ہیں، 7 سال سے پہلے بچوں کو اسکول نہ بھیجیں، اسد صدیقی

کراچی (این این آئی) معروف اداکار اسد صدیقی نے واضح کہا ہے کہ اسکول اب پیسہ کمانے کی مشینیں بن چکے ہیں اور والدین کو چاہیے کہ سات سال کی عمر سے پہلے بچوں کو اسکول نہ بھیجیں، کیونکہ کم عمری میں تعلیم کا آغاز بچوں کے لیے مناسب نہیں۔ اسد صدیقی نے حال ہی میں اپنی اہلیہ زارا نور عباس کے پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر کھل کر گفتگو کی۔

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 5 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 5 ملزمان گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ رتہ امرال، صادق آباد، چکلالہ اور کہوٹہ کے علاقوں میں کی گئیں۔

جاپان قونصلیٹ میں پرفارمنگ آرٹ کلچرل پروگرام منعقد کیا گیا

کلچرل پروگراموں سے دونوں ممالک کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے: سید فیروز شاہ

کراچی (این این آئی) پاکستان جاپان کلچرل ایسوسی ایشن سندھ کے زیر اہتمام قونصلیٹ آف جاپان کراچی کے تعاون سے کلچرل پروگرام منعقد کیا گیا جو جاپان اور پاکستان کی ثقافت، روایات کا ایک حسین امتزاج تھا۔ کلچرل پروگرام میں جاپان کے ساکائی انٹرنیشنل کمیونٹی آرٹس گروپ نے خصوصی شرکت کی اور اپنی جاندار پرفارمنس، برجستہ مکالموں اور گانوں کی پرفارمنگ آرٹ سے سامعین سے خوب داد تحسین وصول کی۔ میڈم جنکو ماتسوکا اور ساکائی انٹرنیشنل کمیونٹی آرٹس گروپ فنکاروں کی شاندار پرفارمنگ آرٹ نے سماء باندھ دیا اور کچھ سامعین اس کی شاندار کارکردگی سے بہت متاثر ہوئے اور خوشی سے آنسو بہانے لگے۔ کلچرل پروگرام میں پاکستانی حکومت کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ اور پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین سید فیروز شاہ نے خصوصی شرکت کی۔

لاہور: پرنسل فار مادرانڈ پروفیسر اسحاق میں نوجوان وکلاء کو قانون کی کتابیں بطور عطیہ پیش کر رہے ہیں۔

کراچی میں 31 ارب روپے کی 756 ترقیاتی اسکیمیں تیزی سے جاری ہیں، شرجیل میمن

کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی 76 اسکیمیں سوا 13 ارب روپے کی لاگت سے چل رہی ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کی سنجیدہ اور فعال پالیسی کے تحت کراچی میں اس وقت 756 ترقیاتی اسکیمیں جاری ہیں، جن کا مقصد شہر کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط اور جدید بنانا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ کراچی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی 76 اسکیمیں سوا 13 ارب روپے کی لاگت سے چل رہی ہیں

نیشنل گیمز کی 'سب کمیٹی فار میڈیا کوریج' میں حامد علی خان شامل

حامد خان نیشنل گیمز کی پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا میں بھرپور کوریج کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معاشی حب اور ساحلی شہر کراچی میں منعقد ہونے والی 35 ویں نیشنل گیمز کیلئے محکمہ کھیل حکومت سندھ نے 'سب کمیٹی فار میڈیا کوریج' کا اعلان کر دیا ہے۔ محکمہ کھیل حکومت سندھ کی جانب سے اعلان کردہ کمیٹی میں سینئر صحافی اور محکمہ کھیل میں تین دہائیوں سے میڈیا کوآرڈینیٹر اور پبلک ریلیشن آفیسر کے فرائض انجام دینے والے حامد علی خان بھی شامل ہیں۔ عمران سانگی کو کمیٹی کا کوآرڈینیٹر مقرر کیا گیا ہے جبکہ ممبران میں سینئر صحافی اور پی آر او حامد علی خان، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر کورنگی شکیل احمد، مجاہد علی، سلیم عارف، اور سندھ اولمپک ایسوسی ایشن کا ایک نمائندہ بھی شامل ہے۔ واضح رہے کہ حامد علی خان کو دو نیشنل گیمز، تین سندھ گیمز، سندھ بلوچستان گیمز، اور متعدد صوبائی ایونٹس کی نیشنل میڈیا میں بھرپور کوریج کا تجربہ حاصل ہے۔

راولپنڈی، 6 ملزمان گرفتار، 30 لیٹر سے زائد شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان کو گرفتار کر کے 30 لیٹر سے زائد شراب برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 10 لیٹر اور 1 بوتل شراب برآمد کی، گنجمنڈی پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، تھانہ نئی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 5 لیٹر شراب برآمد کی، نیوٹاؤن پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 5 لیٹر شراب برآمد کی

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سکیورٹی کیلئے موثر انتظامات

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سکیورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کے 400 سے زائد افسران و جوانوں نے سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سکیورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے 400 سے زائد افسران و جوانوں نے سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سر انجام دیے، تھانوں کی موبائلز، ایلیٹ فورس اور ڈولفن فورس کی خصوصی ٹیموں نے گشت کے فرائض سرانجام دیئے

لاہور: پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے 58 ویں یوم تاسیس کی مناسبت سے ریلی نکالی جا رہی ہے۔

مسلمان نیویارک، لندن کا میئر بن سکتا ہے لیکن بھارت میں وائس چانسلر بھی نہیں بن سکتا، مولانا ارشد مدنی

آزادی کے 75 سال گزرنے کے باوجود مسلمانوں کو تعلیم، قیادت اور انتظامی ڈھانچوں میں ترقی سے منظم طریقے سے روکا گیا ہے۔

دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے ہند کے صدر اور دارالعلوم دیوبند کے اساتذہ کے سربراہ مولانا ارشد مدنی نے کہا ہے کہ آج ایک مسلمان نیویارک یا لندن کا میئر بن سکتا ہے، لیکن بھارت میں ایک مسلمان ایک یونیورسٹی کا وائس چانسلر بھی نہیں بن سکتا۔ مولانا ارشد مدنی کا بیان سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا جب کہ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ان کے اس بیان کے بعد حکومتی ایوانوں میں ہلچل مچ گئی ہے۔

اشاعت خاص

ذخیرہ اندوزی

تحریر: علامہ پیر محمد تبسم بشیر اویسی

اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا فرمانے سے پہلے اس کی غذا کا انتظام فرمایا۔ خوراک میں حلال چیزوں کو جائز اور حرام چیزوں کو ناجائز قرار دیا۔ مگر حلال اشیاء خورد و نوش کو منافع خوری کیلئے انسانیت کیلئے روک کر ذخیرہ اندوزی کرنے کو اسلام نے حرام قرار دیا۔ تاکہ انسانیت و حامیان اسلام میں احساس ہمدردی پیدا ہو۔ اسی سلسلہ میں یہ مضمون نظر قارئین ہے۔

غلہ روکنا: شیخ ابو اللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ حضرت معمر بن عبد اللہ عدوی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ذخیرہ اندوزی غلط کار آدمی ہی کر سکتا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ جو شخص لوگوں کی تنگی کے باوجود چالیس روز تک غلہ روکے رکھتا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے کٹ گیا اور اللہ تعالیٰ اس سے بری ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضور اکرم ﷺ سے نقل فرماتے ہیں کہ غلہ لانے والا رزق پاتا ہے اور روک رکھنے والا ملعون ہے۔

جالب اور محتکر: حدیث مبارکہ کی رو سے جالب سے مراد وہ شخص ہے جو غلہ خرید کر شہر میں لاتا ہے اور بیچتا ہے۔ سوایسا شخص روزی پاتا ہے کہ لوگوں کو اس سے فائدہ ہوتا ہے اور اُسے مسلمانوں کی دعاؤں کی برکت نصیب ہوتی ہے اور محتکر ایسے شخص کو کہتے ہیں جو روک رکھنے کیلئے غلہ خریدتا ہے کہ لوگوں کو تنگی پہنچے۔

گندم فروشی، گوشت بنانا اور کفن فروشی: شعبی رحمۃ اللہ علیہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنے بیٹے کو کسی کام پر لگانے کا ارادہ کیا اور حضور اکرم ﷺ سے مشورہ لیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اسے گندم فروش نہ بنائیو اور نہ ہی اسے گوشت بنانے والے کے سپرد کرنا، نہ کفن بیچنے والے کے پاس کام میں لگانا۔ پھر گندم فروش کے متعلق ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے حضور زنا اور شراب خوری کا جرم لے کر پیش ہونا اس سے کہیں بہتر ہے کہ چالیس روز تک لوگوں کی تنگی کے باوجود غلہ کو روکے رکھے۔ گوشت بنانے والے کے متعلق ارشاد فرمایا کہ جانور ذبح کرتے کرتے اس کا دل سخت ہو جاتا ہے، شفقت اور رحمت ختم ہو جاتی ہے اور کفن بیچنے والا میری امت کی موت کی تمنا میں رہے گا۔ حالانکہ میری اُمت کا ایک بچہ بھی مجھے پوری دنیا سے زیادہ عزیز ہے۔

ذخیرہ اندوزی کی صورتیں: فقیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حکرہ یعنی ذخیرہ اندوزی جو منع ہے اس کی صورت یہ ہے کہ شہر سے غلہ خرید کر بند کرے جب کہ شہریوں کو بھی ضرورت ہو اور تنگی محسوس کریں۔ ہاں اگر کسی کی اپنی زمین کی فصل ہو یا دوسرے شہر سے خرید کر لایا ہو تو اسے جمع کرنا منع نہیں۔ تاہم افضل یہی ہے کہ اسے فروخت کر دے۔ روک رکھے گا تو بُرا کرے گا کہ اس کو مسلمانوں کے ساتھ کوئی ہمدردی نہیں۔ مناسب ہے کہ ذخیرہ اندوز کو غلہ کی فروخت پر مجبور کیا جائے، نہ مانے تو تنبیہ اور تادیب کی جائے تاہم اسے کسی نرخ کا پابند نہ کیا جائے بلکہ بازار والے عام نرخ پر بیچنے کو کہا جائے۔

نرخ کا فیصلہ: حضور اکرم ﷺ سے منقول ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں بھاؤ مقرر نہیں کرتا۔ بھاؤ کے فیصلے اللہ تعالیٰ کرتے ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ گرانی اور ارزانی اللہ تعالیٰ کی جماعتوں میں سے دو جماعتیں یا لشکر ہیں۔ ایک کا نام رغبت اور دوسری کا نام رہبت ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کسی چیز کی ارزانی کا ارادہ فرماتے ہیں تو لوگوں کے قلوب میں رہبت اور خوف پیدا فرما دیتے ہیں۔ اس لئے لوگ اس شے کو بازار سے لا ڈالتے ہیں اور ارزاں ملنے لگتی ہے اور جب اللہ پاک کسی چیز کی گرانی کا ارادہ فرماتے ہیں تو لوگوں کے قلوب میں اس کی رغبت ڈال دیتے ہیں جس سے وہ اس شے کو محفوظ کرنے لگتے ہیں، اس لیے وہ کمیاب اور گراں ہو جاتی ہے۔

نیت کا ثمرہ: روایات میں آتا ہے کہ بنی اسرائیل کے عابدوں میں سے ایک عابد ریت کے ٹیلے پر سے گزرا۔ دل میں کہنے لگا کہ اگر یہ ٹیلہ آٹے کا ہوتا تو میں بنی اسرائیل کو جو اس وقت قحط میں مبتلا ہیں خوب پیٹ بھر کر کھلاتا۔ اللہ تعالیٰ نے اس وقت کے نبی پر وحی فرمائی کہ فلاح شخص سے کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے وہ اجر لکھ دیا ہے جو تو ٹیلے کی مقدار آٹا صدقہ کر کے حاصل کرتا۔ مطلب یہ کہ اس نے ایک اچھی نیت کی تو اللہ تعالیٰ نے اس کی اچھی نیت پر مخلوق پر شفقت اور مہربانی کے جذبہ پر اسے اجر عطا فرمایا۔ لہٰذا ہر مسلمان کو چاہیے کہ مسلمانوں کیلئے شفیق اور مہربان ہو کے رہے۔

چھ نصیحتیں: ایک آدمی حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آ کر کہنے لگا کہ مجھے کچھ نصیحت فرمائیے۔ آپ نے فرمایا کہ میں تجھے چھ باتوں کی تاکید کرتا ہوں: 1) ایک ان چیزوں کے متعلق قلبی یقین پیدا کرنا جن کے ضامن اللہ تعالیٰ ہو چکے ہیں۔ دوسری یہ کہ فرائض کو ان کے وقت پر ادا کرنا۔ تیسری یہ کہ زبان کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر رکھنا۔ چوتھی یہ کہ شیطان کی موافقت نہ کرنا کہ وہ مخلوق سے حسد کرتا ہے۔ پانچویں یہ کہ دنیا کو آباد نہ کرنا، یہ تیری آخرت برباد کر دے گی۔ چھٹی بات یہ ہے کہ مسلمان کیلئے ہمیشہ ہمدرد اور خیر خواہ رہنا۔

حضرت فقیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کو مسلمانوں کا خیر خواہ ہونا چاہیے کہ یہ سعادت کی علامتوں میں سے ہے۔

سعادت اور بد بختی کی علامتیں: بزرگ کہتے ہیں کہ سعادت کی گیارہ علامات ہیں جو یہ ہیں: 1) آدمی دنیا سے بے رغبتی اور آخرت میں رغبت رکھتا ہے۔ 2) عبادت و تلاوت قرآن اس کا اہم مقصد ہو۔ 3) غیر ضروری بات بہت کم کرتا ہو۔ 4) پانچوں نمازوں کا پابند ہو۔ 5) حرام سے بہت بچنے والا ہو خواہ وہ تھوڑا ہو یا زیادہ۔ 6) اس کی ہم نشینی نیک لوگوں کے ساتھ ہو۔ 7) مسکین طبع ہو، متکبر نہ ہو۔ 8) بااخلاق سخی ہو۔ 9) اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے ہمدردی رکھتا ہو۔ 10) مخلوق کیلئے نفع رساں ہو۔ 11) موت کو کثرت سے یاد کرتا ہو۔

شقاوت و بد بختی کی بھی گیارہ علامتیں ہیں: 1) مال جمع کرنے پر حریص ہو۔ 2) دنیاوی لذات اور خواہشات میں منہمک ہو۔ 3) گفتگو میں بدزبان اور کثیر گو یعنی زیادہ بولنے والا ہو۔ 4) نمازوں میں سستی کرتا ہو۔ 5) حرام اور مشتبہ مال کھاتا ہو اور برے لوگوں سے ہم نشینی رکھتا ہو۔ 6) بدخلق ہو۔ 7) متکبر اور مغرور ہو۔ 8) لوگوں کو نفع پہنچانے سے روکتا ہو۔ 9) مسلمانوں سے ہمدردی نہ رکھتا ہو۔ 10) بخیل ہو۔ 11) موت سے یکسر غافل ہو۔ مطلب یہ کہ موت یاد ہو تو مسلمانوں سے ہمدردی کرتا ہے۔ ضرورت کے وقت غلہ وغیرہ بیچنے میں رکاوٹ نہیں ڈالتا۔

کسی زاہد کا واقعہ ہے کہ اس کے گھر میں کچھ گندم پڑی تھی، قحط پڑ گیا تو سب بیچ ڈالی اور پھر لوگوں کی طرح خود بھی حسب ضرورت خریدنے لگا۔ کسی نے کہا کہ پہلے ہی اپنی ضرورت کو رکھ لی ہوتی۔ کہنے لگا میں نے چاہا کہ لوگوں کے قحط والے غم میں میں بھی شریک ہو جاؤں۔

مذکورہ تمام احادیث و حکایات اور اقوال بزرگان دین سے ثابت ہوتا ہے کہ ذخیرہ اندوزی سے اللہ و رسول ﷺ کی ناراضگی اور مخلوق خدا کی نفرت میسر آتی ہے۔ لہٰذا وہ کام جس سے اللہ و رسول ﷺ ناراض ہوں وہ جہنم میں لے جاتے ہیں۔ تاجر برادری اور دوکانداروں کو چاہیے کہ وہ ماہ رمضان و غیر ماہ رمضان میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں یکساں رکھیں۔ ذخیرہ اندوزی کر کے مصنوعی قحط کی کیفیت پیدا کر کے مخلوق خدا کو تنگ کر کے منافع خوری وقتی قلبی خوشی کا باعث تو ہو سکتی ہے مگر آخرت کی راحت کا سامان کبھی نہیں ہو سکتی۔ آج پاکستانی قوم مختلف آفات سے دوچار ہے اور ذخیرہ اندوزی کرنے والے روپیہ بنانے کے چکر میں ہیں جو سراسر زیادتی ہے اور خسارہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں شریعت اسلامیہ کی پاکیزہ تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ذخیرہ اندوزی سے بچنے اور مخلوق خدا سے ہمدردی کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

☆☆☆

☆☆☆



دہشت گردی اور افغانستان

ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے اپنی ہفتہ وار بریفنگ میں کہا ہے کہ دہشت گردوں کی معاونت ختم نہ ہونے تک افغانستان کے ساتھ تجارت بند رہے گی۔ افغانستان کے ساتھ سرحدی بندش اور تجارت معطلی کی پالیسی برقرار ہے کیونکہ افغان طالبان دہشت گرد گروہوں کو سپورٹ کررہے ہیں اور افغانستان کی سرزمین مسلسل پاکستان کے خلاف دہشت گردی میں استعمال ہورہی ہے۔

طالبان کو ان افغان شہریوں کو روکنا ہوگا جو پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہیں۔ پاکستان کے پاس افغانستان کے ساتھ تجارت بند کرنے کے سوا کوئی آپشن نہیں ہے' انھوں نے مزید کہا کہ افغانستان نے پاکستان کے تاجروں اور تجارت پر حملے کیے، پاکستان اپنے شہریوں کی زندگی کی قیمت پر افغانستان کے ساتھ تجارت نہیں کرسکتا۔

انھوں نے کہا کہ کئی ممالک نے پاک افغان ثالثی کی بات کی ہے، افغانستان میں ہمارا سفارت خانہ اور افغانستان کا یہاں سفارت خانہ کھلا ہے، دونوں سفارت خانوں سے مواصلاتی چینل کھلے ہوئے ہیں۔ طاہر اندرابی نے کہا کہ پاک بھارت جنگ پر امریکی کانگریس کی تحقیقی رپورٹ اوپن سورس معلومات پر مبنی ہے۔

افغانستان کی جانب سے پاکستان میں دہشت گردی ہونے کے بارے میں اقوام عالم بھی تصدیق کررہے ہیں۔ اقوام متحدہ میں ڈنمارک کے سفیر نے واضح طور پر کہا ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی پاکستان میں دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث ہے اور افغانستان کی حکومت اس تنظیم کی مکمل طور پر سہولت کاری کررہی ہے۔

اس حوالے سے کئی بار پاکستان بھی ثبوت افغانستان کی موجودہ عبوری حکومت کو مہیا کر چکا ہے، لیکن اس کے باوجود طالبان کی عبوری حکومت نے اس مسئلے کے حل کی جانب کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا۔ طالبان کے موجودہ سیٹ اپ میں کئی ایسے لوگ موجود ہیں جو ٹی ٹی پی کو پاکستان کے خلاف بطور ہتھیار استعمال کررہے ہیں۔

افغانستان باقاعدہ طور پر پاکستان کے صوبے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی پشتو بیلٹ میں پاکستان مخالف پراپیگنڈا کر رہا ہے۔ ماضی میں بھی افغان حکمران پشتونستان اسٹنٹ پھیلانے میں ملوث تھے اور موجودہ طالبان رجیم بھی اسی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

افغانستان کی اس حکمت عملی کی وجہ سے پاکستان کے شمال مغربی علاقوں میں مسلسل بے چینی اور بے امنی موجود رہی ہے۔ کئی لوگ منفی پروپیگنڈے کا شکار ہوجاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے صوبے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے پشتو بیلٹ مسلسل دہشت گردی کی لپیٹ میں چلی آرہے ہیں۔

اگلے روز بھی خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے علاقے ہویددرئی دڑیز میں امن کمیٹی کے دفتر پر دہشت گردوں کے حملے میں 7 افراد شہید اور ایک زخمی ہوگیا، امن کمیٹی کے سربراہ قاری جلیل موجود نہ ہونے کی وجہ سے بچ گئے۔

دریں اثناء سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا میں دو مختلف کارروائیوں کے دوران بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے 13 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، آئی ایس پی آر کے مطابق فورسز نے ضلع لکی مروت کے علاقے پہاڑ خیل میں خوارج کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر میں قانون نافذ کرنیوالے اداروں کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کی۔

اس دوران شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا اور 10 خوارج مارے گئے، فورسز نے علاقے کو کلیئر کرتے ہوئے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا، دوسری کارروائی ڈیرہ اسماعیل خان میں کی گئی جہاں سیکیورٹی فورسز نے 3 دہشت گرد کو ہلاک کردیا۔

آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک دہشت گرد بھارت کی سرپرستی میں فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور معصوم شہریوں پر حملوں اور ٹارگٹ کلنگ میں ملوث تھے، آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ عزم استحکام کے تحت ملک بھر میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بھرپور رفتار سے کارروائیاں جاری رکھیں گے۔

دوسری جانب اے پی پی کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بنوں میں امن کمیٹی کے دفتر پر فتنہ الخوارج کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔

وزیر اعظم نے متعلقہ حکام کو حملے کے ذمے داروں کا تعین کرکے انھیں قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کی۔ انھوں نے کہا کہ ایسی بزدلانہ کارروائیاں فتنہ الخوارج کے پاکستان میں بدامنی کے ناپاک عزائم کو بے نقاب کرتی ہیں اور یہ کسی قیمت پر پاکستانیوں کے حوصلوں کو پست نہیں کرسکتیں۔

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی بنوں کے علاقے میں امن کمیٹی کے دفتر پر فتنہ الخوارج کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کی وجوہات کے بارے میں تو بہت کچھ کہا جاچکا ہے اور ارباب اختیار اس حوالے سے بہت کچھ جانتے بھی ہیں۔ پاکستان میں برسوں سے جس قسم کی سوچ اور مائنڈ سیٹ کو پروان چڑھایا گیا ہے، اس کے نتیجے میں انتہا پسندی اور تنگ نظری میں اضافہ ہوا ہے۔

جس بھی معاشرے میں انتہا پسندی اور تنگ نظری ایک طرز عمل اور نظریے کی شکل میں پروان چڑھے گی تو اس کے نتیجے میں سوائے لڑائی جھگڑے اور انارکی کے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

سرد جنگ کی ضروریات کے تحت افغانستان اور پاکستان میں ایک مخصوص مائنڈ سیٹ کے حامل طبقے کو طاقتور بنانے کا جو عمل شروع کیا گیا تھا، اس کے نتیجے میں جو جاری نظام تھے، اس میں خرابیاں پیدا ہونا شروع ہوگئیں۔

کالے دھن کی فراوانی ہونے لگی، پاک افغان سرحد کو کھلا چھوڑ دیا گیا، اس وجہ سے غیر قانونی تجارت جن میں منشیات اسمگلنگ 'اسلحے کی تجارت اور آٹو موبائل گڈز کی اسمگلنگ نے عروج حاصل کیا ہے۔ اس طریقے سے ایک ایسا طبقہ دولت مند بن گیا جس کی پرورش ہی غیر قانونی انداز میں ہوئی تھی۔

اب یہ طبقہ قانون کی عملداری تسلیم کرنے سے انکاری ہے۔ یہ لوگ آئین اور قانون سے ماورا ہوکر کام کرنا چاہتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو قانون کے شکنجے سے بچانے کے لیے مسلح لشکروں کی پشت پناہی کرتے ہیں، انھیں فنانشل مدد فراہم کرتے ہیں اور انھیں قانون کی گرفت سے بچانے کے لیے پناہ گاہیں فراہم کرتے ہیں۔

افغانستان میں طالبان حکومت کے برسر اقتدار آنے کے بعد ہتھیار بند لشکروں کو محفوظ پناہ گاہ میسر آگئی۔ ٹی ٹی پی، داعش اور دیگر دہشت گرد تنظیمیں افغانستان میں بغیر کسی خوف و خطر آپریٹ کر رہی ہیں۔ افغانستان تقریباً ڈھائی لاکھ مربع میل رقبے کا ملک ہے۔ ہتھیار بند گروہوں کے پاس اتنا بڑا رقبہ اپنی نقل و حرکت کے لیے مل جائے تو انھیں اور کیا چاہیے۔

وفاق، آئین اور وحدتیں

جاوید قاضی

آئین ایک عمرانی معاہدہ ہوتا ہے جو مخصوص زمانوں میں اور مخصوص حالات میں بنتا ہے۔ پاکستان میں جو آئین 1947 میں بننا تھا، وہ 1971 کے حالات کے پس منظر میں بنا، اگر یہ آئین 1947 میں بن جاتا تو یہ ملک دولخت نہ ہوتا۔

ہندوستان کے آئین میں صوبائی خودمختاری یا یوں کہیے کہ وحدتوں کا اختیار اتنا واضح نہیں ہے۔ ہندوستان کے آئینی ماہر بی، این، باسو اس کا سبب یہ بیان کرتے ہیں کہ پاکستان کی وحدتیں اپنا جدا گانہ تشخص اور تاریخ رکھتی ہیں جب کہ موجودہ ہندوستان کی ریاستیں صدیوں سے ایک سلطنت ہیں اور مسلسل ساتھ ساتھ رہی ہیں۔

ہندوستان کے ماہر قانون امبیدکر کے سامنے ہندوستان کی تاریخ اور حقیقتیں تھیں اور اسی طرح جب ہمارے آئین کی بنیاد رکھی گئی تو یہی حقیقت ہمارے آئینی ماہرین کے سامنے تھی۔ 1940 قرارداد پاکستان کا پس منظر کیا تھا؟

کیا وجہ تھی کہ شیر بنگال فضل حق اور قائد اعظم نے ایک ساتھ آل انڈیا مسلم لیگ 1940 کے سالانہ اجلاس کی صدارت کی۔ خاکسار جماعت کے جتھوں نے دونوں کو سلامی دی تھی۔ ہمارا آئین 1973 میں تشکیل پایا لیکن اس آئین نے 1940 کی قرارداد پاکستان کی حقیقت کو تسلیم کیا ہے۔

ایسا بھی نہیں کہ جو آپ نے مانا وہ آئین ہوگیا مگر جو آئین کا بین الاقوامی معیار ہے، وہ آئین کا حصہ ہو جیسا کہ بنیادی حق۔ آئین، ملک میں تمام بسنے والی اقوام، ان کی ثقافت، زبان، تاریخی تشخص کا ترجمان ہے اور یہ آئین ان تمام اقوام کے درمیان افہام و تفہیم اور رضامندی سے تحریر کیا جاتا ہے جس کو انگریزی میں Consensus Document کہا جاتا ہے۔

آئین کی ترامیم وقتی تقاضوں کے مطابق کی جاتی ہیں لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ترامیم کے ذریعے آئین کے بنیادی ڈھانچے کو ہی ہلا دیا جائے۔ آئین بنانا اور ترامیم کرنا دونوں ہی الگ الگ حقیقتیں ہیں۔ نہ ہی 1956 کے آئین نے پاکستان کو وفاق مانا تھا اور نہ ہی 1962 کے آئین نے۔

1973 کے آئین پاکستان کی تاریخی حیثیت ظاہر کی اور پاکستان کو وفاق مانا۔ وفاق کے معنی کیا ہیں؟ جب مختلف اقوام تاریخی اعتبار سے اپنی جداگانہ حیثیت سے دستبردار ہوکر، ایک ساتھ اور جڑ کر ایک ملک بنائیں۔

1947 میں ہندوستان بنا نہیں تھا بلکہ آزاد ہوا تھا جب کہ پاکستان بنا تھا۔ پاکستان کی بنیاد وہ ریاستیں بنیں جو ہندوستان سے الگ ہوئیں۔ یعنی 1947 ہم بھی آزاد ہوئے تھے اور ہم سب نے مل کر ایک آزاد ملک بنایا اور ہندوستان ایک ملک تھا جو 1947 میں آزاد ہوا۔

اکبر بادشاہ کے دور میں سندھ اور بنگال کو فتح کر کے ہندوستان کا حصہ بنایا گیا اور پنجاب پہلے سے ہی حصہ تھا۔ ان ادوار میں مغل، ترخان، ترک اور ارغون حملہ آور درہ خیبر سے داخل ہوتے تھے، پانی پت کے میدانوں میں جنگیں ہوتی تھیں اور جو فاتح ہوتا، دہلی کا تخت نشین ہوجاتا تھا۔

اورنگزیب بادشاہ کے دور حکومت میں جب دلی کی حکومت کمزور ہوئی تو سندھ اور پنجاب نے اپنا آزادانہ تشخص دوبارہ بحال کیا۔ رنجیت سنگھ نے کشمیر، شمال مغربی علاقے اور پنجاب و پشاور تک کے علاقوں کو اکٹھا کرکے ایک سلطنت قائم کردی۔

نیچے خان آف قلات نے ڈیرہ غازی خان کا علاقہ فتح کیا۔ انگریزوں کے تقسیم کے وقت ان تمام علاقوں کی حدود کو ایسے ہی برقرار رکھا سوائے فرنٹیئر کے جس کو انھوں نے NWFP قرار دیا۔

اسی لیے ہمارا 1973 وفاق کے معاملے میں انتہائی حساس ہے، جو بھی ترامیم آئین میں کی جائیں گی اس کے لیے دوتہائی اکثریت درکار ہے مگر کوئی نیا صوبہ بنانے کے لیے صوبائی اسمبلی کی دوتہائی اکثریت کی بھی ضرورت ہوتی ہے، یہ ہمارا آئین کہتا ہے۔

ہندوستان کے آئین میں ایسی شقیں موجود نہیں، اس کی وجوہات ڈاکٹر باسو اور بہت سے آئینی و تاریخی ریسرچرز اور اسکالرز سمجھا سکتے ہیں۔ بنگال کی تاریخی حقیقتیں ہمارے سامنے ہیں جب پاکستان کے ابتدائی حکمرانوں نے بنگالی قوم پر اردو زبان مسلط کرنا چاہی تو، اس کے نتائج کیا نکلے؟ وہ ہم سب کے سامنے ہیں۔

پی ٹی آئی، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) وفاقی جماعتیں نہ سہی لیکن بڑی سیاسی جماعتیں ہیں۔ ان تینوں پارٹیوں کی تین صوبوں میں مضبوط بنیادیں ہیں۔

مسلم لیگ (ن) کی پنجاب میں، پی ٹی آئی کی خیبر پختونخوا میں، پیپلز پارٹی کی سندھ میں مگر تینوں ہی پارٹیاں وفاق میں سیاست کرتی ہیں بلکہ اقتدار کی سیاست کرتی ہیں۔

پی ٹی آئی اس وقت اپنی بقاء کی جنگ لڑ رہی ہے، یہ جنگ پی ٹی آئی اپنی ضد اور غیر دانشگی کے باعث تیزی سے ہار بھی رہی ہے، وہ اس لیے کہ 2024 میں خیبر پختونخوا میں ہونے والے انتخابات شفاف نہ تھے، مگر مسلسل دو حکومتیں خان صاحب کے پاس رہیں۔

مگر خیبر پختونخوا میں قوم پرستوں کی حمایت خان صاحب کو حاصل نہ تھی۔ ان کو پنجاب میں مقبولیت حاصل تھی۔

معدنیات اور سیاسی داؤ پیچ

زاہدہ حنا

دنیا کی تاریخ کو اگر دیکھا جائے تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے صدیوں سے ایک ہی کہانی بار بار لکھی گئی ہو، طاقت کی ہوس، دولت کی حرص، زمین کی لوٹ مار اور انسان کا خون بہانے کی۔

فرق صرف یہ ہے کہ پہلے یہ سب کچھ تلواروں اور گھوڑوں کے ساتھ ہوتا تھا اور آج انھی حملوں کو نئے نام دیے گئے ہیں، سرمایہ کاری، استحکام، جمہوریت کی بحالی اور انسانی حقوق کی پاسداری مگر جو آنکھ دیکھنا چاہے اسے صاف دکھائی دیتا ہے کہ اس نئی دنیا میں بھی پرانے زمانے کی سلطنتوں کی روح زندہ ہے اور اس کے ہاتھ اب بھی خون آلود ہیں۔

آج کے دور کا سب سے بڑا کھیل جس کے گرد پوری دنیا کی سیاست گھوم رہی ہے، وہ ہے زمین میں چھپے وہ قیمتی معدنیات جن پر ہماری جدید زندگی کی ہر سانس ٹکی ہوئی ہے، سونا چاندی، تیل، تانبا، لیتھیم، کوبالٹ، پلاٹینم جن سے افریقہ کے پہاڑ اور ریگستان بھرے پڑے ہیں۔ دنیا کے بادشاہوں، کارپوریشنز اور طاقتور ممالک نے ایک ایسا کھیل شروع کیا ہے جس کی بساط افریقہ ہے، مہرے لوگ ہیں اور انعام دنیا کی دولت۔

مگر انصاف کا تقاضا ہے کہ یہ سوال اٹھایا جائے، کیا یہ کہانی آج شروع ہوئی ہے؟ نہیں۔ صدیوں پہلے جب یورپ ابھی اندھیروں میں تھا، افریقہ کی ریت اور اس کے دریا روشنی میں نہائے ہوئے تھے۔

مالی کی سرزمین وہ تھی جہاں مملکت مالی کا سورج چمکتا تھا، ایک ایسے دور کی بادشاہت جس کے قصے دنیا کے جہاں گرد آج بھی حیرت سے سناتے ہیں اور پھر اس سلطنت کے سینے سے ایک نام ابھرتا ہے مانسا موسیٰ۔

کہتے ہیں کہ مانسا موسیٰ وہ شخص تھا جس کی دولت کا کوئی شمار نہ تھا۔ سونا اس کے دربار میں ایسے بہتا تھا جیسے پانی۔ وہ جب سفر پر نکلا تو راستے بھر سونا بانٹتا گیا اور اس کی سخاوت نے مصر اور حجاز کی معیشت کو ہلا کر رکھ دیا۔

مورخین لکھتے ہیں کہ دنیا نے کبھی اس قدر مالدار انسان نہیں دیکھا۔ یہ بھی تاریخ کا تلخ طنز ہے کہ جس سرزمین سے دنیا کا امیر ترین انسان اٹھا، آج اسی ''مالی'' میں لوگ ننگے پاؤں، بھوکے پیٹ اور شکستہ امیدوں کے ساتھ دن گزارتے ہیں۔

مگر یہ زوال خود بخود نہیں آیا۔ اسے پیدا کیا گیا، پہلے نوآبادیات کے نام پر یورپ نے افریقہ کی دولت نوچی۔ فرانس، برطانیہ، پرتگال، بیلجیم، ہر جھنڈے کے نیچے لٹا پٹا افریقہ خون تھوکتا رہا، پھر دنیا بدل گئی جھنڈے اتر گئے لیکن کھیلنے والوں کے ہاتھ نہ بدلے صرف ان کی شکلیں بدلیں۔ آج وہی قبضہ ملٹی نیشنل کارپوریشنز، ورلڈ بینک، آئی ایم ایف اور سفارتی دباؤ کے پردے میں جاری ہے۔

آج افریقہ وہ براعظم ہے جس سے دنیا کے موبائل فون، گاڑیاں، جہاز، فوجی آلات اور خلائی ٹیکنالوجی بنتی ہے۔ کانگو کا کوبالٹ نائجیریا کا تیل، مالی کا سونا، نائجر کا یورینیم، جنوبی افریقہ کا پلاٹینم یہ سب وہ معدنیات ہیں جن پر پوری دنیا کی ٹیکنالوجی کھڑی ہے۔

فرانس کی جوہری توانائی کا ایک بڑا حصہ آج بھی نائجر کے یورینیم سے چلتا ہے مگر نائجر کے بچے آج بھی بھوک سے مر رہے ہیں۔ یہ ہے عالمی انصاف کا چہرہ اور یہ ہے معدنیات کا کھیل۔

آج بھی طاقتور ممالک افریقہ کی سرزمین کے نیچے چھپی دولت کے لیے ایک دوسرے سے چھپ کر اور کبھی کھل کر جنگیں لڑ رہے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ کا پردہ ہو یا امن مشن کا بہانہ ہر قدم کے پیچھے وہی پرانی لوٹ کی خواہش چھپی ہوئی ہے۔

افریقی ممالک کو قرضوں کی زنجیروں میں جکڑ دیا گیا ہے۔ ان سے کہا جاتا ہے کہ اپنا بجٹ کم کرو، عوامی سہولتیں ختم کرو، مگر کانیں ہمارے حوالے کرو۔ یہ نئی قسم کی غلامی ہے جس میں زنجیر نظر نہیں آتی مگر پاؤں زخمی رہتے ہیں۔

امریکا، چین، روس، یورپ سب کی نظریں افریقہ کی انھی معدنیات پر ہیں۔ چین، افریقہ میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ امریکا اپنے فوجی اڈوں اور سفارتی دباؤ کے ذریعے اثر و رسوخ بڑھا رہا ہے۔

یورپ اپنی پرانی نوآبادیاتی ڈوریں دوبارہ کس رہا ہے اور روس نئے تعلقات قائم کرکے اپنا حصہ کھوج رہا ہے، یوں افریقہ آج بھی جنگوں کے درمیان پسا ہوا ایک ایسا براعظم ہے جسے دنیا ترقی کی منزل سمجھتی ہے مگر جس کے اپنے لوگ آج بھی زندہ رہنے کی جنگ لڑ رہے ہیں۔

افریقہ کے بچے جب مٹی کی سڑکوں پر ننگے پاؤں چلتے ہیں تو ان کے قدم اسی زمین کو چھوتے ہیں جس میں دنیا کے سب سے قیمتی معدنیات دفن ہیں۔ یہ وہ المیہ ہے جسے سمجھنے کے لیے دل بھی چاہیے اور ضمیر بھی۔ جدید دنیا کی ترقی دراصل افریقہ کی غربت کے اندھیرے سے روشنی چراتی ہے۔

یہی کھیل اب صرف افریقہ تک محدود نہیں رہا۔ لاطینی امریکا، افغانستان، مشرق وسطیٰ، وسطی ایشیا ہر جگہ یہی معدنیات کی دوڑ جاری ہے۔ کہیں تیل، کہیں لیتھیم، کہیں گیس۔ قومیں ترقی کا خواب دیکھتی ہیں مگر جاگتی ہیں تو ان کے ہاتھوں میں قرضوں کی زنجیر اور زمین میں بیرونی کمپنیوں کا قبضہ ہوتا ہے۔

آج کی دنیا ایک نئے نوآبادیاتی دور میں داخل ہوچکی ہے۔ جنگیں اب بندوق سے کم اور معاہدوں قرضوں اور کان کنی کے ٹھیکوں سے زیادہ لڑی جاتی ہیں، مگر نقصان وہی پرانا ہے، غریب قومیں، اجڑی ہوئی زمینیں، بدحال بچے اور وہ دولت جو ان کے ہاتھ میں آنے کے بجائے طاقتور ملکوں کے بینکوں میں چلی جاتی ہے۔

مگر سوال یہ ہے کہ کیا یہ کھیل ہمیشہ ایسے ہی چلے گا؟ تاریخ کہتی ہے کہ نہیں۔ مالی کی مملکت ختم ہوگئی مگر اس کی عظمت کی گونج آج بھی زندہ ہے۔ اسی طرح افریقہ کے لوگ آج بھی لڑ رہے ہیں، اپنے حق کے لیے، اپنی زمین کے لیے اپنی آزادی کے لیے۔

ان کے ہاتھ خالی ضرور ہیں مگر ان کی آنکھوں میں وہ چمک موجود ہے جو غلامی کی زنجیروں کو توڑ دینے کا عزم رکھتی ہے۔ آج پاکستان بھی اسی عالمی کھیل کے بیچ کھڑا ہے۔ ہمارے پہاڑ، ریگستان اور وادیاں ایسی دولت اپنے اندر چھپائے ہوئے ہیں جن پر جدید دنیا کا پہیہ چلتا ہے۔

ریکوڈک کا سونا اور تانبہ، تھر کا کوئلہ، خیبر پختونخوا کا گریفائٹ، شمالی علاقوں کی نایاب دھاتیں، بلوچستان کے پہاڑوں میں لیڈ زنک اور کرومائیٹ یہ سب وہ خزانے ہیں جن کی چمک دور بیٹھے ممالک تک پہنچتی ہے لیکن دکھ یہ ہے کہ اس چمک نے ہمیشہ ہمیں نہیں، دوسروں کے آنگن کو روشن کیا۔

پاکستان کی معدنی دولت پر چین سب سے زیادہ نظریں رکھے ہوئے ہے۔ سی پیک کے نام پر تعمیر و ترقی کی کہانی ضرور سنائی جاتی ہے مگر ہر بڑی کہانی کے پیچھے ایک مصلحت بھی چھپی ہوتی ہے۔ چین کو پاکستان میں وہ معدنیات مل رہے ہیں جن کی اسے اپنی صنعت اور عالمی منڈی میں موجودگی کے لیے اشد ضرورت ہے۔

جدید بیٹریوں کے لیے لیتھیم، اسٹیل کی صنعت کے لیے لوہا اور کرومائیٹ ٹیکنالوجی کے آلات کے لیے کاپر، یہ سب وہ وسائل ہیں جو چین کو طاقتور رکھتے ہیں اور جن کے لیے وہ پاکستان جیسے ملک میں بھاری سرمایہ بھی لگا رہا ہے اور اثر و رسوخ بھی بڑھا رہا ہے، مگر چین اکیلا نہیں خلیجی ممالک بھی پاکستان کی معدنیات میں اپنا حصہ چاہتے ہیں۔

سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات بلوچستان کے معدنی وسائل اور تھر کے کوئلے پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ان کے ساتھ ساتھ امریکا اور یورپ بھی اس خطے میں چین کے بڑھتے ہوئے اثر کے جواب میں پاکستان کے وسائل کی اہمیت کو سمجھ چکے ہیں، یوں پاکستان ایک ایسی دوڑ کا حصہ بن چکا ہے جس میں قدم ذرا سا بھی لڑکھڑایا تو منزل ہاتھ سے نکل سکتی ہے۔

یہ المیہ صرف وسائل کا نہیں بلکہ فیصلوں کا بھی ہے۔ پاکستان کے لوگ آج بھی غربت بے روزگاری اور ناانصافی کا شکار ہیں جب کہ ان کی زمین کے نیچے وہ دولت چھپی ہے جس پر دنیا جھپٹ کر آتی ہے۔

جن پہاڑوں سے عالمی کمپنیاں اربوں ڈالر کماتی ہیں، وہاں بسنے والے لوگ پینے کے صاف پانی تک سے محروم ہیں۔ دنیا کے طاقت ور ممالک پاکستان سے کہتے ہیں ہم سرمایہ لائیں گے، ٹیکنالوجی دیں گے، ترقی کے دروازے کھولیں گے۔

مگر ہر معاہدے میں کوئی نہ کوئی شرط ایسی ہوتی ہے جو ہمیں اپنے ہی وسائل سے دور لے جاتی ہے۔ قرضوں، معاہدوں اور سرمایہ کاری کے نام پر وہی پرانی زنجیریں نئے رنگ میں ہمارے پیروں میں ڈال دی جاتی ہیں۔ سب ایک ہی کھیل کی مختلف چالیں ہیں۔

سوال یہ ہے کہ کیا ہم ہمیشہ اپنی زمین کی قیمت پر دوسروں کی ترقی دیکھتے رہیں گے؟ تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ وسائل وہی قومیں استعمال کر پاتی ہیں جو خودمختاری، انصاف اور مضبوط حکمت عملی کے ساتھ آگے بڑھیں۔

پاکستان کے پاس دولت ہے مگر اسے اپنے فیصلوں میں طاقت بھی پیدا کرنا ہوگی۔ بصورت دیگر یہ معدنیات ہمارے لیے نعمت نہیں ایک ایسی کشمکش بن جائیں گی جو ہمیں ہمیشہ دوسروں کے کھیل کا مہرہ بنائے رکھے گی۔

دنیا طاقت کے اس کھیل میں اپنا حصہ چاہتی ہے مگر پاکستان کو یہ فیصلہ خود کرنا ہوگا کہ وہ تماشائی رہے گا مہرہ بنے گا یا اپنے وسائل کا مالک بن کر کھڑا ہوگا۔ زمین کے سینے میں چھپی دولت تب ہی ہمارے کام آئے گی جب اس پر پہلا حق ہم اپنے لوگوں کو دیں۔

کیا بھارت مارشل لا کی جانب بڑھ رہا ہے؟

عثمان دموہی

بھارتی ریاست بہار میں ہونے والے حالیہ ریاستی انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی سب سے زیادہ نشستیں جیت کر بہار کی حکومت بنانے کی پوزیشن میں آچکی تھی مگر اس نے پہلے سے طے شدہ معاہدے کے مطابق نتیش کمار کو بہار کا چیف منسٹر مقرر کردیا ہے۔

کہا تو یہ جارہا تھا کہ اس دفعہ بی جے پی اور نتیش کمار کی جنتا دل یونائیٹڈ پارٹی بری طرح شکست کھا جائیں گی کیونکہ انھوں نے اپنے پانچ سالہ دور میں عوام کو سوائے تکلیفوں کے کچھ نہیں دیا مگر اس کے باوجود بھارتیہ جنتا پارٹی نے 89 اور بی جے ڈی یو نے 85 سیٹیں جیت لی ہیں۔

کانگریس اور لالو پرساد کی آر جے ڈی پارٹی کو بری طرح شکست کا منہ دیکھنا پڑا ہے۔ حالانکہ ان دونوں پارٹیوں نے مل کر بہار میں زبردست انتخابی مہم چلائی تھی اور لگ رہا تھا کہ یہ دونوں مل کر بہار کی آیندہ حکومت بنائیں گی مگر بی جے پی اور نتیش کمار کی جے ڈی یو نے مل کر پھر سے حکومت بنالی ہے۔

تاہم تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ بہار تباہی و بربادی سے نکلنے کے بجائے پھر اسی میں پھنس گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اب صرف بہار یا کسی اور ریاست کی بات نہیں ہے پورا بھارت انتہاپسندوں کے ہتھے چڑھ چکا ہے اور اب انھیں اقتدار سے بے دخل کرنا بہت مشکل ہے۔

بی جے پی اب تک تین عام انتخابات جیت چکی ہے اور شاید آگے بھی کامیاب ہوتی رہے گی۔ لگتا ہے وہ اس وقت تک اقتدار کو نہیں چھوڑے گی جب تک پورا بھارت ہندوتوا کے رنگ میں نہیں رنگ جاتا۔ یہی RSS کا ایجنڈا ہے جس پر بی جے پی کے رہنماؤں کو عمل کرنا ہے۔

بہرحال 78 سالوں سے تو وہ اس مقصد کے حصول میں ناکام ہیں مگر اب چونکہ بھارت کا اقتدار ان کے ہاتھ میں ہے، اس لیے وہ اپنے اس مذموم مقصد کو پورا کرنے کے لیے پورا زور لگا رہے ہیں۔

بہار کا الیکشن جیت کر انھوں نے ایک بڑا ٹارگٹ حاصل کرلیا ہے تاہم بی جے پی کی جیت کو شک و شبے کی نظر سے دیکھا جارہا ہے کیونکہ جے ڈی یو اور دیگر پارٹیوں کے ساتھ مل کر گزشتہ پانچ سال سے حکومت کررہی تھی مگر اس نے عوام کو بہت مایوس کیا ہے۔

اسی مایوسی کی وجہ سے کانگریس اور لالو پرساد کی پارٹیوں کو عوام میں بہت مقبولیت حاصل ہورہی تھی اور لگ رہا تھا آیندہ حکومت کانگریس اور آر جے ڈی مل کر بنائیں گی اور عوام کی محرومیوں پر توجہ دیں گی۔

کئی تجزیہ کار کھل کر کہہ رہے تھے اس دفعہ مودی کو بہار میں مایوسی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آئے گا کیونکہ ان کی حکومت کی کارکردگی سے عوام مطمئن نہیں تھے۔ صوبے میں کرپشن، بے روزگاری اور مہنگائی نے عوام کی زندگی کو اجیرن کردیا تھا۔

بی جے پی کی بدنامی کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس نے الیکشن کمشنر کو ملا کر کئی صوبوں میں الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں گڑبڑی کرا کے نتائج کو اپنے حق میں کرنے کا بندوبست کرلیا ہے۔ کانگریس نے بی جے پی پر ووٹ چوری کے الزامات بھی لگائے تھے جس کا مودی کے پاس کوئی جواب نہیں تھا۔

الیکشن کمیشن کے ذریعے الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں سے انتخابی نتائج کو سبوتاژ کرنے کی بی جے پی کی مہم اب بہت پرانی ہوچکی ہے۔ حزب اختلاف اس کے خلاف بہت احتجاج کر چکی ہے مگر الیکشن کمیشن نے کوئی ایکشن نہیں لیا ہے۔

اب لگتا ہے بی جے پی کو حکومت میں بنے رہنے کا بس یہی اک سہارا رہ گیا ہے جسے وہ کسی صورت ترک کرنا نہیں چاہتی کیونکہ اگر EVM کو ہٹا کر پرانا بیلٹ باکس کا سلسلہ شروع کیا گیا تو بی جے پی کو یقینا ہار کو گلے لگانا پڑے گا۔

الیکشن کمشنر کے خلاف بہت شکایات ہیں مگر بی جے پی اسے ہٹانے کے لیے تیار نہیں ہے پھر حزب اختلاف میں اتنی طاقت نہیں ہے کہ وہ زبردست احتجاجی مہم چلا کر حکومت کو الیکشن کمشنر کو ہٹانے پر مجبور کردے اور الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کا استعمال ترک کرا سکے۔

چنانچہ یہ سلسلہ کامیابی سے چل رہا ہے اور مودی حکومت بغیر کسی خوف کے بھارت کو ایک کٹر ہندوتوا ملک میں تبدیل کرنے کے خواب دیکھ رہی ہے۔

اب اس نے کئی سال سے یہ کھیل شروع کر دیا ہے کہ جب بھی کسی ریاست میں یا پھر مرکز میں نئی حکومت بنانے کے لیے الیکشن ہوتا ہے وہ پاکستان پر جارحانہ حملہ کرا دیتی ہے مگر اس سے پہلے پلان کے مطابق بھارت کے ہی کسی حصے میں اپنے پالتو دہشت گردوں سے حملہ کرا دیتی ہے جس میں کئی لوگوں کو مار دیا جاتا ہے۔

مگر اسے پاکستان کے کھاتے میں ڈال دیا جاتا ہے کہ یہ سب پاکستانی دہشت گردوں کا کیا دھرا ہے جب کہ یہ سراسر جھوٹ ہوتا ہے اور پھر اس کا اس کے پاس کوئی ثبوت بھی نہیں ہوتا۔

پھر بی جے پی زبردستی پاکستان پر الزام لگا کرنا کام فضائی حملے کرا دیتی ہے تاہم اس دفعہ پہلگام کا جو ڈرامہ رچایا گیا وہ مودی کے گلے پڑ گیا جس سے بھارت کو نہ صرف آٹھ قیمتی جدید رفال طیاروں کا نقصان اٹھانا پڑا بلکہ بری فوج کو بھی کافی نقصان کا سامنا رہا۔

ان نقصانات کے بعد لگ رہا تھا کہ اب مودی پاکستان کے خلاف حملہ کرنے کے لیے اپنے ہاں دہشت گردی کا ڈرامہ نہیں رچائے گا مگر اس نے بہار کے الیکشن کو جیتنے کے لیے دہلی میں ڈرامہ رچا ڈالا، شاید اس لیے کہ اس وقت یہ خبر آرہی تھی کہ پہلے مرحلے میں حزب اختلاف کو بھرپور ووٹ ملے ہیں اور اس کی جیت یقینی ہے۔

چنانچہ دوسرے مرحلے سے پہلے ہی دہلی میں دہشت گردی کا ڈرامہ رچا ڈالا جس نے ہی شاید الیکشن کے نتائج کا رخ موڑ دیا مگر اکثر بھارتی تجزیہ کار اسے درست نہیں مانتے۔ کئی تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ شاید ایسا نہ ہو سکے اس لیے کہ مودی نے فوج کو پاکستان کے خلاف جس بری طرح استعمال کیا ہے اس سے اس کی بہت بے عزتی ہورہی ہے۔

خاص طور پر پہلگام کے خود ساختہ دہشت گردی کے بعد پاکستان پر جو حملہ کیا گیا، اس کے جواب میں بھارتی فوج کی ساکھ کو عالمی سطح پر بہت نقصان پہنچا ہے۔ اس نے 1971 میں بنگلا دیش کو بنانے میں جو نام پیدا کیا تھا وہ اب خاک میں مل چکا ہے اور 1965 کی جنگ میں پاکستان نے بھارت پر جو برتری حاصل کی تھی وہ برتری اسے پھر حاصل ہوگئی ہے۔

بھارتی فوج شروع سے سیکولر ہے۔ اسے زبردستی ہندوتوا میں رنگنے کی کوشش ہورہی ہے جس سے فوج بی جے پی حکومت سے سخت ناراض ہے، اب اگر مودی نے پھر اپنے مفاد میں فوج کو پاکستان کے خلاف کسی مہم جوئی میں جھونکنے کی کوشش کی تو اس سے پہلے ہی مودی حکومت کا صفایا کرکے پورے ملک میں مارشل لا نافذ کرسکتی ہے کیونکہ بھارت میں جمہوریت تو پہلے ہی ختم ہوچکی ہے تو پھر اب ملک میں فوجی حکومت قائم ہونے سے کیا فرق پڑے گا۔

آرہا ہے آنے والا

سعد اللہ جان برق

ہم پی ٹی آئی کے وکیل صاحب کے بہت ممنون ہیں کہ انھوں نے ہماری بہت بڑی پریشانی اور الجھن دور کردی ہے۔ انھوں نے اپنے بیان میں فرمایا ہے کہ

''جب بانی آئیں گے تو''

جہاں کہیں گے وہی عدالت ہوگی اور جو بولیں گے وہی قانون ہوگا۔

باقی تفصیل تو جناب وکیل صاحب نے نہیں بتائی ہے کہ وہ جہاں کھڑے ہوں گے، لیٹے ہوں گے، چلتے ہوں گے، کھائیں پئیں گے، وہاں کیا کیا ہوگا، لیکن پھر بھی ہماری بہت بڑی سمسیا حل ہوئی اور یہ الجھن ہماری اس زمانے سے ہے جب ہم اسکول میں پڑھتے تھے اور وہاں ''ٹیکے'' لگانے والے آتے تھے۔

اس کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ یہ کسی آنے والے کی تلاش ہیں، ویسے کسی آنے والے کا ذکر تقریباً ہر مذہب میں موجود ہے، ہندی عقائد کے مطابق وشنو بھگوان جو اس دنیا کا محافظ اور پالن ہار ہے جب بھی اس دنیا پر کوئی ''سنکٹ'' یعنی مصیبت آتی ہے تو وہ کسی اوتار میں آکر دنیا کو اس سے بچالیتا ہے، اب تک وہ نو اوتار لے چکا ہے۔

پہلا اوتار متیسہ (مچھلی) کی شکل میں تھا جب اس نے دنیا کو سیلاب عظیم سے بچایا تھا، اس نے منو مہاراج کو کشتی میں بٹھا کر اور پھر کھینچ کر ہمالیہ پہنچایا تھا اور پھر منو سے انسانی نسل چلی، اس کے بعد اس نے کچھوے کا روپ لیا تھا، پھر رام چندر، کرشن اور بدھ کے روپ میں اوتار لیے لیکن دسواں اوتار کلکی اوتار ابھی باقی ہے۔

جب آخری زمانے میں ساری دنیا پر ظلم کا اندھیرا چھا جائے تو وہ یہ اندھیرا دور کرکے اصلی ویدوں کا دھرم بحال کردے گا۔

ہم ان عقائد پر نہ تو کچھ بول سکتے ہیں نہ بولیں گے کیوں یہ بڑے نازک معاملات ہیں کیوں کہ اپنی گردن کو خوامخواہ شمشیروں کے بیچ دینے سے فائدہ کیا؟ یعنی علمی بحث نہیں کریں گے لیکن ایک دو فلمی مناظر کا ذکر ضرور کریں گے۔

ایک ہندی فلم میں جیل کے اندر قیدی کھانے کے لیے برتن لیے ہوئے کھڑے ہیں، قطار کھڑی ہے لیکن ایک آدمی قطار میں کھڑا ہونے کی بجائے الگ اور سیدھا کھانا دینے والوں کے سامنے کھڑا ہوجاتا ہے، کوئی اس سے کہتا ہے کہ قطار میں کھڑے ہوجاؤ تو وہ کہتا ہے جہاں میں کھڑا ہوجاتا ہوں، قطار وہیں سے شروع ہوتی ہے۔

ایک اور فلم میں ہیرو کہتا ہے، میں مجرم بھی خود ہوں، عدالت بھی میں خود ہوں، قانون بھی میں ہوں، جج بھی میں ہوں اور جلاد بھی میں ہی ہوں۔

ایک پنجابی فلم میں ایک طاقتور بندہ جب چلتا ہے تو دو نوکر ایک چارپائی اور میز اٹھائے ساتھ چلتے ہیں اور وہ جہاں حکم دیتا ہے، ملازم چارپائی اور میز بچھا لیتے ہیں اور وہ چارپائی پر بیٹھ کر اپنی عدالت جما دیتا ہے اور راستہ گزرنے والوں کو پکڑ پکڑ کر انصاف کرتا ہے۔

آپ سوچیں گے کہ ہم نے سارے حوالے فلمی کیوں دیے تو یہ معاملہ ہی سارا فلمی ہے، بیرسٹر گوہر نے جو بیان دیا ہے یا خوش خبری سنائی ہے یا پیش گوئی کی ہے، وہ لگتی ہے جیسے کوئی فلمی ڈائیلاگ مارا ہو۔

دراصل پی ٹی آئی میں جتنے بھی وکلاء صاحبان جمع کیے گئے ہیں، وہ سب کے سب فلمی ڈائیلاگ مارنے میں ماہر ہوتے ہیں اور ان کا ہر ڈائیلاگ پیش گوئی کا رنگ لیے ہوئے ہوتا ہے، اگر یاد ہو تو اس سے پہلے ایک وکیل صاحب جو اور بھی بہت ساری ڈگریاں رکھتا تھا، پنجاب کے بارے میں بہت سارے پیش گویانا ڈائیلاگ روزانہ مارتا تھا، جو سب کی سب پوری ہوچکی ہیں۔

لیکن اس خاص پیش گوئی کا ذکر ہم اس لیے کرنا چاہتے ہیں، ہم جن وکیل صاحب کا ذکر کررہے ہیں، ہم ان کے بہت زیادہ ممنون ہیں کہ اسکول کے زمانے سے ہم جس ''آنے والے'' کے منتظر ہیں اور اس بگڑی ہوئی دنیا کو دیکھ دیکھ کر کڑھ رہے تھے۔

اس کے آنے کی نشانیاں جناب وکیل صاحب نے بتادی ہیں اور یہ تو ساری دنیا جانتی کہ وکلاء لوگ جھوٹ بھی نہیں بولتے اور پھر اگر وہ ''بانی'' کے حلقہ ارادت میں ہوں تو چڑیاں اور دودو ہوجاتے ہیں۔

لیکن ایک بات البتہ کچھ الگ سی ہے، دنیا میں جس ''آنے والے'' کا انتظار ہورہا ہے، اس کے بارے میں سب یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ اپنی طرف سے کچھ ''نیا'' نہیں رائج کرے گا بلکہ پرانے کو ہی اصل شکل میں بحال کرے گا۔ جب کہ وکیل صاحب کا ''آنے والا'' ہر چیز کا ''بانی'' ہوگا۔

سن لی جو خدا نے وہ دعا تم تو نہیں ہو
دروازے پہ دستک کی صدا تم تو نہیں ہو

جماعت اسلامی اور عوام کا ملاپ

جماعت اسلامی سے اختلاف کرنے والے بلکہ اس کی مخالفت کرنے والے، اِس کا راستہ روکنے والے، اِس کی کامیابیوں کو اپنی ناکامیاں سمجھنے والے کم نہیں ہیں، لیکن اِس حقیقت کا کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا کہ جماعت اسلامی پاکستان کی سب سے منظم جماعت ہے۔ جنوبی ایشیا میں اس کے اثر و رسوخ کا کوئی مقابلہ یا موازنہ کسی دوسری جماعت سے ممکن نہیں۔ بنگلہ دیش، بھارت اور مقبوضہ کشمیر تک میں وہ اپنے نام کے ساتھ کام کی وجہ سے بھی ممتاز ہے۔ اللہ کی زمین پر اللہ کا کلمہ بلند کرنا، اسے مطلوب و محبوب ہے۔ بھارت میں اس کی سرگرمیاں دعوتی، سماجی اور علمی ہیں۔ بنگلہ دیش میں وہ انتخابی سیاست میں اپنے آپ کو منوا رہی ہے۔ اس نے متحدہ پاکستان کو قائم رکھنے کی مقدور سے بڑھ کر کوشش کی، سقوطِ ڈھاکہ کے بعد اسے جن مصائب کا سامنا کرنا پڑا، اِن کا ہلکا سا تذکرہ بھی خون کے آنسو رُلا دیتا ہے۔ شیخ حسینہ واجد کے دورِ اقتدار میں اِس کے متعدد رہنماؤں کو پھانسیاں دی گئیں، عمر قید کی سزائیں سنائی گئیں۔ بہت سوں کو غائب کر دیا گیا، پروفیسر غلام اعظم پیرانہ سالی میں حوالۂ زنداں ہوئے اور جیل ہی میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔ اُن کے بیٹے کو جو فوج کے ایک اعلیٰ افسر تھے، اغوا کرکے کسی نامعلوم مقام پر قید رکھا گیا، برسوں بعد اُنہیں رہائی نصیب ہوئی تو بہت کچھ بدل چکا تھا۔ جماعت اسلامی آزمائشوں سے گذرنے کے بعد اب پھر سرگرم عمل ہے۔ بنگلہ دیش کے عوام اس کی طرف متوجہ ہیں۔ آنے والے انتخابات پر اس کے بڑھتے ہوئے اثرات پر دشمن لرزہ براندام ہیں۔ پاکستان میں بھی جماعت اسلامی کے اثر و رسوخ اور حالات کا رُخ موڑنے کی صلاحیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ تعلیم اور سماجی خدمت کے حوالے سے اس کی کارکردگی مثالی ہے۔ اس کے زیر سایہ متعدد تعلیمی ادارے کام کر رہے ہیں اور الخدمت فاؤنڈیشن تو دنیا بھر میں اپنی دھاک بٹھا چکی ہے۔

اِس لاہور شہر میں جہاں 84 برس پہلے سید ابو الاعلیٰ مودودیؒ مرحوم کی دعوت پر ایک سو سے بھی کم افراد نے جمع ہوکر جماعت اسلامی کی بنیاد رکھی تھی، وہیں اس کے حاضر امیر حافظ نعیم الرحمن کے سامنے کارکنوں کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ مینارِ پاکستان کے سائے تلے وہ پورے جوش و جذبے کے ساتھ حالات کا تجزیہ پیش کر رہے تھے، واضح کر رہے تھے پاکستان 25 کروڑ عوام کا ملک ہے۔ اسے کسی فردِ واحد یا ادارے کا غلام نہیں بنایا جا سکتا۔ جماعت اسلامی کے ارکان اور کارکنان کا یہ اجتماع عام "بدل دو نظام" کے فلک شگاف نعرے لگا رہا تھا۔ سٹیج پر پاکستان بھر سے آئے ہوئے جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ وہ سب لوگ جنہوں نے اپنی جوانیاں جدوجہد کی نذر کر دیں لیکن جن کے بڑھاپے پر ضعف طاری نہیں ہوا۔ لیاقت بلوچ جیسے جہاندیدہ ناظم اجتماع اپنی تنظیمی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے تھے۔ حافظ نعیم الرحمن جنہوں نے شعور کی آنکھیں مولانا مودودیؒ کے دنیا سے رخصت ہوجانے کے بعد کھولیں، نئے عزم اور حوصلے کے ساتھ اپنے کارکنوں میں تازہ روح پھونک رہے تھے۔

جماعت اسلامی کے ارکان کی تعداد پچاس ہزار سے تجاوز کر چکی، اس کے رجسٹرڈ کارکنان (بقول لیاقت بلوچ) بیس لاکھ سے زائد ہیں۔ اس کی شاخیں پاکستان کے ہر شہر، قصبے، تحصیل اور ضلع میں موجود ہیں۔ اس کے دستور کے مطابق باقاعدہ انتخابات ہوتے ہیں اور ہر سطح پر منتخب افراد اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے چلے جارہے ہیں۔ انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اسلامی اقدار کو غالب کرنے کی آرزو انہیں توانا رکھتی ہے۔ مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ مرحوم کے انتقال کے بعد یہ نہ دھڑوں میں تقسیم ہوئی نہ مضمحل ہوکر بیٹھی۔ میاں طفیل محمد مرحوم اس کے امیر بنے، قاضی حسین احمد، سید منور حسن، سراج الحق نے یہ ذمہ داریاں سنبھالیں، اب انجینئر حافظ نعیم الرحمن امارت کا پرچم تھامے ہوئے ہیں، کارواں پھیلتا اور آگے بڑھتا جارہا ہے۔ انتخابی طاقت میں اضافے کا چیلنج البتہ ان کو درپیش ہے۔

جماعت اسلامی کا اجتماع عام گیارہ سال کے وقفے کے بعد منعقد ہو رہا ہے۔ کارکنوں کی تعداد جب لاکھوں تک پہنچ جائے تو انہیں ایک جگہ اکٹھا کرنا آسان نہیں رہتا۔ پنڈال میں جہاں پورے پاکستان کی نمائندگی کرنے والے موجود تھے، وہاں دنیا بھر سے اسلامی تحریکوں کے نمائندے بھی شرکت کے لئے پہنچے تھے۔ جماعت اسلامی کے "وزیر خارجہ" آصف لقمان قاضی نے ان کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام کیا تو دل انہیں یک جا دیکھ کر باغ باغ ہوگیا۔

جماعت اسلامی میں کوئی شخص کسی نسبی تعلق کی بنیاد پر آگے نہیں بڑھ سکا۔ مولانا مودودیؒ کے صاحبزادے حسین فاروق مودودی جو امریکہ میں آباد ہیں، اور جماعت اسلامی کے ناقد سمجھے جاتے ہیں، سٹیج پر براجمان اپنے والد کی روح کو آسودہ کرنے میں محو تھے۔ ان کے ساتھ ہی ہوسٹن سے آنے والے ممتاز پاکستانی پروفیسر زبیر احمد صدیقی، ڈاکٹر حسین احمد پراچہ کے ساتھ جڑے بیٹھے تھے۔ حافظ ادریس اور مولانا محمد مالک بھی ضوفشاں تھے لیکن سینئر ایڈووکیٹ اکرم شیخ اور ڈاکٹر عشرت حسین کی نشستیں ان کی منتظر تھیں۔ حفیظ اللہ نیازی اپنے وجود کا خاموش احساس دِلا رہے تھے۔ ڈاکٹر فرید پراچہ بھی سمٹے بیٹھے تھے۔ کراچی سے آنے والے محمد حسین محنتی نے بھی اپنی طرف متوجہ کر رکھا تھا۔ حافظ نعیم الرحمن کا اعلان تھا کہ وہ سہ روزہ اجتماع کے آخری دن لائحہ عمل کا اعلان کریں گے، ماہنامہ "ترجمان القرآن" کے بیدار مغز مدیر سلیم منصور خالد نے مولانا مودودیؒ کی شخصیت اور افکار پر روشنی ڈالی تو سیکرٹری جنرل امیر العظیم نے مستقبل کو زیر کرنے کے لئے نوجوانوں کو متحرک کرنے پر زور دیا۔ جماعت اسلامی میں جو شخص جس بھی منصب پر فائز ہے، وہ اپنی صلاحیت اور اپنے ساتھیوں کے اعتماد کی بدولت یہاں تک پہنچا ہے۔ خوشامد، دولت یا سفارش سے کسی نے کچھ حاصل کیا ہے نہ کرنے کی توقع رکھتا ہے نہ کر ہی سکتا ہے۔

جماعت اسلامی کے رہنماؤں کا دعویٰ ہے کہ ان کے ووٹ بینک میں اضافہ ہوا ہے۔ اسے حزبِ اقتدار اور اختلاف کی روایتی کشمکش میں حریف بننے کے بجائے اپنا الگ تشخص برقرار رکھنے پر اصرار ہے۔ پاکستان کے انتخابی نظام کو تبدیل کرنے اور بلدیاتی اداروں کو آئینی تحفظ دینے کے حوالے سے بھی اہداف واضح ہیں۔ پاکستان کا روایتی سماجی ڈھانچہ جمہوری عمل میں مسلسل رکاوٹیں ڈالتا رہا ہے، موثر زرعی اصلاحات نہ ہونے کی وجہ سے متعدد انتخابی حلقے موروثیت کا شکار ہیں۔ پاکستان دنیا کا واحد جمہوری ملک ہے جہاں بااختیار بلدیاتی ادارے موجود نہیں ہیں۔ بلدیاتی ادارے جمہوریت کی نرسری سمجھے جاتے ہیں لیکن پاکستان کے اہل سیاست اِس کا اعتراف و اہتمام کرنے پر تیار نہیں ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن کا کہنا ہے کہ جب وہ "بدل دو نظام" کا نعرہ لگاتے ہیں تو اِس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ معاشرے کو زیروزبر کر دیا جائے۔

آئین پاکستان جس پر اتفاقِ رائے پیدا کرنے میں جماعت اسلامی کے قائدین نے بہت اہم کردار ادا کیا تھا، اس میں درج سماجی انصاف کے اصولوں کو نافذ کرکے پاکستان کو فلاحی اور عوامی ریاست بنایا جا سکتا ہے۔ جماعت اسلامی دستور کو پورے کا پورا، نافذ کرنے کا مطالبہ کر رہی ہے۔ اسی سے نظام بدلے گا اور عوام کو وہ کچھ ملے گا، جو ان کا حق ہے۔ پاکستان عوام کے ووٹوں سے قائم ہوا تھا، اور عوام کی طاقت ہی سے اسے تبدیل کیا جا سکے گا۔ جماعت اسلامی اور عوام دونوں مل کر یہ کام کیونکر کرسکیں گے، حافظ نعیم الرحمن کو یہ بہرحال واضح کرنا ہے۔

جماعت اسلامی سے اختلاف کرنے والے بلکہ اس کی مخالفت کرنے والے، اِس کا راستہ روکنے والے، اِس کی کامیابیوں کو اپنی ناکامیاں سمجھنے والے کم نہیں ہیں، لیکن اِس حقیقت کا کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا کہ جماعت اسلامی پاکستان کی سب سے منظم جماعت ہے۔ جنوبی ایشیا میں اس کے اثر و رسوخ کا کوئی مقابلہ یا موازنہ کسی دوسری جماعت سے ممکن نہیں۔ بنگلہ دیش، بھارت اور مقبوضہ کشمیر تک میں وہ اپنے نام کے ساتھ کام کی وجہ سے بھی ممتاز ہے۔ اللہ کی زمین پر اللہ کا کلمہ بلند کرنا، اسے مطلوب و محبوب ہے۔ بھارت میں اس کی سرگرمیاں دعوتی، سماجی اور علمی ہیں۔ بنگلہ دیش میں وہ انتخابی سیاست میں اپنے آپ کو منوا رہی ہے۔ اس نے متحدہ پاکستان کو قائم رکھنے کی مقدور سے بڑھ کر کوشش کی، سقوطِ ڈھاکہ کے بعد اسے جن مصائب کا سامنا کرنا پڑا، اِن کا ہلکا سا تذکرہ بھی خون کے آنسو رُلا دیتا ہے۔ شیخ حسینہ واجد کے دورِ اقتدار میں اِس کے متعدد رہنماؤں کو پھانسیاں دی گئیں، عمر قید کی سزائیں سنائی گئیں۔ بہت سوں کو غائب کر دیا گیا، پروفیسر غلام اعظم پیرانہ سالی میں حوالۂ زنداں ہوئے اور جیل ہی میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔ اُن کے بیٹے کو جو فوج کے ایک اعلیٰ افسر تھے، اغوا کرکے کسی نامعلوم مقام پر قید رکھا گیا، برسوں بعد اُنہیں رہائی نصیب ہوئی تو بہت کچھ بدل چکا تھا۔ جماعت اسلامی آزمائشوں سے گذرنے کے بعد اب پھر سرگرم عمل ہے۔ بنگلہ دیش کے عوام اس کی طرف متوجہ ہیں۔ آنے والے انتخابات پر اس کے بڑھتے ہوئے اثرات پر دشمن لرزہ براندام ہیں۔ پاکستان میں بھی جماعت اسلامی کے اثر و رسوخ اور حالات کا رُخ موڑنے کی صلاحیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ تعلیم اور سماجی خدمت کے حوالے سے اس کی کارکردگی مثالی ہے۔ اس کے زیر سایہ متعدد تعلیمی ادارے کام کر رہے ہیں اور الخدمت فاؤنڈیشن تو دنیا بھر میں اپنی دھاک بٹھا چکی ہے۔

اِس لاہور شہر میں جہاں 84 برس پہلے سید ابو الاعلیٰ مودودیؒ مرحوم کی دعوت پر ایک سو سے بھی کم افراد نے جمع ہوکر جماعت اسلامی کی بنیاد رکھی تھی، وہیں اس کے حاضر امیر حافظ نعیم الرحمن کے سامنے کارکنوں کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ مینارِ پاکستان کے سائے تلے وہ پورے جوش و جذبے کے ساتھ حالات کا تجزیہ پیش کر رہے تھے، واضح کر رہے تھے پاکستان 25 کروڑ عوام کا ملک ہے۔ اسے کسی فردِ واحد یا ادارے کا غلام نہیں بنایا جا سکتا۔ جماعت اسلامی کے ارکان اور کارکنان کا یہ اجتماع عام "بدل دو نظام" کے فلک شگاف نعرے لگا رہا تھا۔ سٹیج پر پاکستان بھر سے آئے ہوئے جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ وہ سب لوگ جنہوں نے اپنی جوانیاں جدوجہد کی نذر کر دیں لیکن جن کے بڑھاپے پر ضعف طاری نہیں ہوا۔ لیاقت بلوچ جیسے جہاندیدہ ناظم اجتماع اپنی تنظیمی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے تھے۔ حافظ نعیم الرحمن جنہوں نے شعور کی آنکھیں مولانا مودودیؒ کے دنیا سے رخصت ہوجانے کے بعد کھولیں،

اجتماع عام سے نظام کی مکمل تبدیلی کی ملک گیر تحریک کا آغاز ہوگا، حافظ نعیم

گریٹر اقبال پارک کے تین سو انتیس ایکڑ پر انسانوں کا سمندر نظر آئے گا، مینار پاکستان پر تقریب سے خطاب

لاہور (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ اجتماع عام کے موقع پر جماعت اسلامی نظام کی مکمل تبدیلی کے لیے منظم ملک گیر جدوجہد کا آغاز کرے گی۔ ہماری مزاحمتی تحریک آئینی فریم ورک کے اندر ہوگی۔ بدل دو نظام کے نعرہ کے تحت مینار پاکستان پر ہونے والا اجتماع عام دنیا کی حالیہ سیاسی تحریکوں کا سب سے بڑا اجتماع ہوگا۔ گریٹر اقبال پارک کے تین سو انتیس ایکڑ میں انسانوں کا سمندر نظر آئے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو مینار پاکستان گراؤنڈ میں اجتماع عام کے مرکزی کیمپ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب اور بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ افتتاحی تقریب کے اہم شرکا میں نائب امرا لیاقت بلوچ، پروفیسر محمد ابراہیم، میاں محمد اسلم، ڈاکٹر اسامہ رضی، ڈاکٹر عطاالرحمن، ڈپٹی سیکریٹریز اظہر اقبال حسن، مولانا عبدالحق ہاشمی شیخ عثمان فاروق، ممتاز سہتو، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری، امیر پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم، امیر ہزارہ عبدالرزاق عباسی، امیر لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ شامل تھے۔ ڈپٹی سیکریٹری وقاص انجم جعفری نے نظامت کے فرائض سرانجام دیے۔ امیر جماعت حافظ نعیم الرحمن نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور ناظم اجتماع کی متعلقہ امور کو احسن طریقے سے انجام دینے پر تحسین کی۔ انہوں نے ترکی میں ایک سو انتیس ایکڑ پر ہونے والے دنیا کی حالیہ تاریخ کے سب سے بڑے سیاسی اجتماع کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ جماعت اسلامی کا اکیس، بائیس اور تئیس نومبر کو ہونے والا اجتماع ترکی کا ریکارڈ توڑ دے گا۔ انھوں نے کہا کہ اجتماع عام میں عالم اسلام کے پویلین قائم کریں گے۔ تاجر، صنعتکار، نوجوان اور طلبا تحریکوں کے کارکنان اور رہنما جمع ہوں گے۔ اس موقع پر قومی معاشی پالیسی کی قرارداد پاس ہوگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ سود کی لعنت کے ہوتے ہوئے معیشت بہتر نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ اجتماع عام میں خواتین کی بہت بڑی تعداد جمع ہوگی جن کے لیے علیحدہ انتظامات کیے گئے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا جماعت اسلامی اجتماع عام کے موقع پر قوم کے سامنے تعلیم کے شعبہ میں بہتری، عدالتی اصلاحات کا مکمل ایجنڈا پیش کرے گی۔ استحصالی نظام نے مزدوروں، چھوٹے کسانوں کو کچل کر رکھ دیا ہے، زراعت میں کارپوریٹ سیکٹر کا نیا رجحان جاگیرداری نظام کا تسلسل ہے، ملک میں افسرشاہی اپنے آپ کو حاکم تصور کرتی ہے، سیاست وراثت، خاندان اور ذات کے گرد گھوم رہی ہے۔ ان حالات میں ایک منظم سیاسی جماعت ہی فرسودہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ سکتی ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی نے آئی پی پیز کے خلاف کامیاب تحریک چلائی، جس کے نتیجہ میں قوم کو سستی بجلی ملی اور خزانہ کو اربوں کا فائدہ ہوا۔ اجتماع عام سے نظام کی تبدیلی کی منظم ملک گیر تحریک کا آغاز ہوگا۔ صحافیوں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے چھبیسویں ترمیم کو مکمل طور پر مسترد کیا اور اس موقع پر اپوزیشن کو حکومت سے بات چیت میں نہ الجھنے کا مشورہ بھی دیا تھا۔ ہم مجوزہ ستائیسویں ترمیم کو بھی مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں۔ نائب امیر اور ناظم اجتماع عام لیاقت بلوچ نے انتظامات سے متعلق بریفنگ دی اور بتایا کہ انتظامی امور کے لیے چار سو کے قریب ارکان پر مشتمل سٹینگ کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ اجتماع عام میں شرکت کے لیے آن لائن رجسٹریشن کا آغاز ہوچکا ہے، تمام پروگرامات سوشل میڈیا پر براہ راست نشر ہوں گے، معلومات سے مکمل آگاہی کے لیے خصوصی ویب سائٹ اور ایپ تیار کی گئی ہے۔ جماعت اسلامی کے چھبیسویں سالانہ اجتماع کے لیے دس ترانے بھی تیار ہوئے ہیں۔

لاہور، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن مینار پاکستان گراؤنڈ میں اجتماع عام کے مرکزی کیمپ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

صوابی، پیشہ ور گداگروں نیٹ ورک کیخلاف کارروائی

کارروائی کے دوران بھکاریوں کو پکڑا گیا

صوابی (بیورو رپورٹ) صوبائی حکومت کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر صوابی نصراللہ خان کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ٹوپی ڈاکٹر عثمان خان نے ڈسٹرکٹ افیسر سوشل ویلفیئر صوابی اور مقامی پولیس کے ہمراہ ٹوپی ضلع صوابی میں پیشہ ور گداگروں نیٹ ورک کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران مختلف مقامات کا دورہ کر کے بھکاریوں کو پکڑا گیا اور ان سے بیان حلفی وصول کر کے سختی سے متنبہ کیا کہ آئندہ اس اقدام سے باز رہیں۔ بصورت دیگر سب گداگروں کو گرفتار کر کے محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیرنگرانی قائم شدہ مراکز میں بھجوایا جائے گا۔ اس کے علاوہ اسسٹنٹ کمشنر نے ٹوپی کے علاقہ ھنگہ میں موجود غیر قانونی طور پر مقیم خانہ بدوشوں کی جونپڑیوں کا معائنہ کیا۔ زیادہ تر گداگروں کا تعلق ان خاندانوں سے تھا جس کی بنیاد پر ان کے سربراہان کو جلد از جلد کسی اور جگہ شفٹ ہونے کی تلقین کی گئی۔

فلپائن میں سمندری طوفان کالمگینے تباہی مچادی، 140 افراد ہلاک

سیلابی پانی گاڑیاں، دریائی کناروں پر بنے کچے مکانات، بڑے شپنگ کنٹینرز بھی بہالے گیا

منیلا (انٹرنیشنل ڈیسک) فلپائن میں ہولناک سمندری طوفان کالمگینے تباہی مچادی، طوفان سے متعلقہ حادثات میں کم ازکم 140 افراد ہلاک ہو گئے جبکہ 127 لاپتہ ہیں۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایک روز قبل آنے والے غیر معمولی قرار دیے جانے والے سیلابی پانی نے صوبے کے مختلف شہروں اور قصبوں کو لپیٹ میں لے لیا، پانی گاڑیاں، دریائی کناروں پر بنے کچے مکانات اور یہاں تک کہ بڑے شپنگ کنٹینرز بھی بہالے گیا۔ فلپائن کے صدر فرڈینانڈ مارکوس نے ملک میں قومی آفت کی صورتحال نافذ کرتے ہوئے امدادی فنڈز کے اجرا اور ضروری اشیا کی قیمتوں پر کنٹرول کا حکم دیا ہے۔ مقامی محکمہ موسمیات کی ماہر چارمیگن واریلا نے بتایا کہ سیبو سٹی کے اردگرد کے علاقے میں طوفان سے 24 گھنٹے قبل 183 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی تھی، جو اس علاقے کے ماہانہ اوسط 131 ملی میٹر سے کہیں زیادہ تھی۔ صوبائی گورنر پامیلا بریکواترو نے صورتحال کو غیر معمولی اور تباہ کن قرار دیا ہے۔

سوات، سابق وی ڈی سی ممبر مفتاح الدین قتل کیس کا ڈراپ سین

مرکزی ملزم محمد بادشاہ ولد بحری بوستان ساکن تیلی آباد کانجو کو گرفتار کرلیا گیا

سوات (بیورو رپورٹ) سوات پولیس اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کی مشترکہ کارروائی کے نتیجے میں کانجو میں امن کمیٹی کے سابق رکن مفتاح الدین عرف بیتا کے قتل میں ملوث مرکزی ملزم محمد بادشاہ ولد بحری بوستان ساکن تیلی آباد کانجو کو گرفتار کرلیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات محمد عمر گنڈاپور نے ڈی ایس پی کبل امجد علی اور ایس ایچ او تھانہ کانجو زاہداللہ کے ہمراہ میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ دوروز قبل 4 نومبر 2025ء کو تھانہ کانجو کی حدود میں شہید بابا گورنمنٹ پرائمری اسکول کے قریب نامعلوم حملہ آور نے مفتاح الدین پر فائرنگ کر کے قتل کردیا تھا۔ واقعے کے بعد پولیس اور سی ٹی ڈی نے مشترکہ طور پر شواہد اکٹھے کیے اور جدید ٹیکنیکل ذرائع، سی سی ٹی وی فوٹیج اور خفیہ معلومات کی مدد سے مشتبہ افراد کو حراست میں لیا۔ دوران تفتیش ملزم نے اعتراف کیا کہ مقتول کے ساتھ مالی لین دین کا تنازعہ چل رہا تھا، جس میں مرغ ڈیلر انور خان سے ایک لاکھ چھیاسی ہزار روپے مالیت کی مرغیاں لی گئی تھیں جن کی ادائیگی کی ذمہ داری اس نے خود لی تھی، تاہم رقم واپس نہ کرنے پر تلخ کلامی کے بعد اس نے غصے میں آکر مفتاح الدین کو شہید بابا اسکول کے قریب فائرنگ کر کے قتل کردیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کی نشاندہی پر آلہ قتل برآمد کرلیا گیا ہے جبکہ مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

رفح کی سرنگوں کا بحران حماس کو غیر مسلح کرنے کا ماڈل بن رہا ہے، امریکا

ہم چاہتے ہیں کہ یہ ایک تجرباتی کیس بنے جسے بعد میں غزہ کے دیگر علاقوں تک وسیع کیا جاسکے، عہدیدار

واشنگٹن (انٹرنیشنل ڈیسک) صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ غزہ کی پٹی میں رفح کے جنوب میں اسرائیلی افواج کی لائنوں کے پیچھے سرنگوں میں پھنسے حماس کے مسلح افراد سے متعلق بحران کو اس مقصد کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کر رہی ہے کہ حماس کو غیر مسلح کرنے کے لیے ایک ماڈل تیار کیا جائے جو بعد میں نافذ کیا جاسکے۔ اس بات کا انکشاف دو امریکی اہلکاروں نے کیا۔ دونوں افراد نے بتایا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے یہ خیال اسرائیل کو ایک ایسے ماڈل کے طور پر پیش کیا ہے، جس کی بنیاد پر حماس کو پرامن طریقے سے غیر مسلح کیا جاسکے۔ مذکورہ اہلکاروں میں سے ایک نے بتایا کہ ہم چاہتے ہیں کہ یہ ایک تجرباتی کیس بنے جسے بعد میں غزہ کے دیگر علاقوں تک وسیع کیا جاسکے، مگر اسرائیلی موقف ہمیشہ کی طرح سخت ہے۔ تاہم اہلکار نے واضح کیا کہ اس خیال پر مذاکرات اب بھی جاری ہیں۔ دوسرے امریکی اہلکار نے کہا کہ اسرائیلی جانب کو بالغ نظری کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور کوئی ایسی تکنیکی بحرانی صورتحال ... تزویراتی معاملے یعنی غزہ کے معاہدے کو کمزور نہ کرے۔ ٹرمپ نے حال ہی میں کئی بار اعلان کیا کہ اگر حماس اپنے اسلحے کو نہیں چھوڑے گی تو اسرائیل اسے تباہ کردے گا، مگر ان کے نمائندے ایسا حل تلاش کرنا چاہتے ہیں جو جنگ کی طرف واپسی سے روکے۔ اس کی مخالفت میں اسرائیل کو شک ہے کہ آیا حماس سفارت کاری کے ذریعے اپنے ہتھیار چھوڑے گی یا نہیں، اور بہت سے لوگ وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو کی قیادت میں دائیں بازو کے سخت گیر اتحاد میں یہ سمجھتے ہیں کہ حماس کے ارکان کو معافی دینا ناقابل قبول ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

چیئرمین ڈیڈیک سے ایکسین مواصلات وتعمیرات کی ملاقات

حلقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، زیر تکمیل کاموں بارے بریفنگ

سوات (بیورو رپورٹ) چیئرمین ڈیڈیک وممبر صوبائی اسمبلی اختر خان ایڈووکیٹ سے ایکسین محکمہ مواصلات وتعمیرات نے ڈیڈیک آفس سوات میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران حلقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور زیر تکمیل کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اختر خان ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا عمران خان کے وژن کے مطابق شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل ہماری اولین ترجیح ہے۔ عوامی فلاح کے منصوبے اعلیٰ معیار پر مکمل کیے جائیں تاکہ عوام کا اعتماد برقرار رہے اور ترقی کا عمل تیز تر ہو۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی مسلسل نگرانی اور مؤثر جانچ پڑتال ناگزیر ہے تاکہ معیار و مقدار میں کوئی کمی نہ ہو۔ ایکسین محکمہ مواصلات وتعمیرات نے یقین دہانی کرائی کہ تمام منصوبے مقررہ وقت پر مکمل کیے جائیں گے اور محکمہ کی جانب سے کسی قسم کی شکایت یا تاخیر نہیں ہوگی۔

☆☆☆☆☆

ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے کے لیے امریکی قرارداد سلامتی کونسل میں پیش

ٹرمپ کی جرات مندانہ قیادت کی بدولت امریکہ اقوام متحدہ میں عملی نتائج حاصل کرے گا، ترجمان

نیویارک (انٹرنیشنل ڈیسک) امریکہ نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں غزہ کی پٹی کے لیے امن منصوبے کی حمایت میں ایک قرارداد پیش کی۔ یہ بات اقوام متحدہ میں امریکی مشن نے بتائی امریکی مشن کے ایک ترجمان کے مطابق، امریکی مندوب مائیک والٹز نے کونسل کے دس منتخب اراکین کے ساتھ ساتھ علاقائی شراکت داروں مصر، قطر، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور ترکی کو بھی اکٹھا کیا۔ یہ اس مسودے کے لیے علاقائی حمایت کی علامت ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ یہ قرارداد جس پر ووٹنگ کی تاریخ ابھی طے نہیں کی گئی ہے، اس امن کونسل کا خیر مقدم کرتی ہے جس کی قیادت ڈونلڈ ٹرمپ کریں گے تاکہ غزہ میں عبوری حکومت کی نگرانی کی جاسکے۔ یہ قرارداد بین الاقوامی استحکام فورس کو بھی اختیار دیتی ہے جو صدر ٹرمپ کے 20 نکاتی امن منصوبے میں شامل ہے۔ امریکی ترجمان نے کہا کہ صدر ٹرمپ کی جرات مندانہ قیادت کی بدولت امریکہ اقوام متحدہ میں عملی نتائج حاصل کرے گا، بجائے اس کے کہ بے نتیجہ بحثیں جاری رہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ فریقین نے اس تاریخی موقع سے فائدہ اٹھایا ہے تاکہ دہائیوں سے جاری خون ریزی کا خاتمہ ہو اور صدر کے مشرق وسطی میں پائے دار امن کے وژن کو حقیقت میں بدلا جاسکے۔

☆☆☆☆☆☆☆

شازیہ مری کی بانی پی ٹی آئی کے بیان کی مذمت

بیان ایک خود پسند شخص کا اعتراف ہے جو اقتدار کیلئے پاکستان کو نقصان پہنچانے پر آمادہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے بانی پی ٹی آئی کے بیان کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک خود پسند شخص کا اعتراف ہے جو اقتدار کیلئے پاکستان کو نقصان پہنچانے پر آمادہ ہے۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ عمران خان کا ایکس پر پیغام قابل مذمت ہے، یہ ایک خود پسند شخص کا اعتراف ہے جو اقتدار کیلئے پاکستان کو نقصان پہنچانے پر آمادہ ہے، عمران کے الفاظ مودی کی زبان اور دشمنوں کے بیانیے سے ملتے ہیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ عمران کی سیاست نے اداروں کو کمزور اور قوم کو تقسیم کیا، اقتدار کی ہوس نے عمران نیازی کے اخلاقی وقومی حدود مٹا دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سیاست نہیں، پاکستان دشمن مہم ہے، پیپلز پارٹی جمہوریت، اداروں اور آئین کے دفاع میں پرعزم ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

افغان خواتین پر تعلیمی، طبی اور سماجی پابندیاں برقرار

جولائی تا ستمبر 2025 کے عرصے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں دیکھی گئیں، عالمی رپورٹ

کابل (انٹرنیشنل ڈیسک) اقوام متحدہ کے امدادی مشن برائے افغانستان (یوناما) نے اپنی تازہ سہ ماہی رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ طالبان کے زیر اقتدار افغانستان میں خواتین کے بنیادی حقوق بدستور سلب ہیں اور ان پر تعلیم، روزگار اور نقل و حرکت سمیت متعدد پابندیاں برقرار ہیں۔ رپورٹ کے مطابق جولائی تا ستمبر 2025 کے عرصے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں دیکھی گئیں، خاص طور پر خواتین اور نوجوان لڑکیوں پر سخت پابندیاں بدستور نافذ ہیں۔ یوناما کے مطابق، طالبان حکام نے 2023 میں خواتین کے اقوام متحدہ کے دفاتر میں داخلے پر عائد پابندی کو برقرار رکھا ہے، جب کہ 2022 سے تعلیمی اداروں میں خواتین اور لڑکیوں کے داخلے پر مکمل پابندی برقرار ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ بدخشاں، پکتیکا اور کابل کے متعدد مدارس کو اس بنیاد پر بند کر دیا گیا کہ وہاں جدید یا عصری مضامین پڑھائے جارہے تھے۔ یوناما نے یہ بھی بتایا کہ طالبان حکومت نے 2024 میں میڈیکل اور ڈینٹسٹری تعلیم پر مکمل پابندی عائد کر رکھی ہے، جس کے باعث خواتین طلبہ کا تعلیمی مستقبل خطرے میں پڑ گیا ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ کئی صوبوں میں خواتین کو علاج کے لیے مرد طبی عملے سے رجوع کرنے کے لیے محرم کے ساتھ جانے کی شرط لازمی قرار دی گئی ہے۔ یوناما کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ سہ ماہی میں 456 بلاجواز گرفتاریاں اور 44 ناروا سلوک کے واقعات رپورٹ ہوئے، جنہیں انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزی قرار دیا گیا۔ اقوام متحدہ نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ افغان خواتین کی بگڑتی ہوئی حالت زار پر فوری توجہ دے اور ان کے بنیادی حقوق کی بحالی کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔

شوگر کین کرشنگ سیزن 26-2025 بارے اجلاس

صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق کرشنگ سیزن بروقت شروع کرنے کی ہدایت

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ عبدالناصر خان کی زیرصدارت شوگر کین کرشنگ سیزن 26-2025 کے آغاز سے متعلق اہم اجلاس کا انعقاد، اجلاس میں ضلعی محکمہ خوراک ڈیرہ، اسسٹنٹ کمشنر پروآ سمیت تمام شوگر ملز کے افسران اور گنے کے کاشتکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے صوبائی حکومت خیبر پختونخوا کی ہدایات کے مطابق کرشنگ سیزن کا بروقت آغاز یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کاشتکاروں کو کٹائی، نقل وحمل اور دیگر معاملات میں آسانی کے لیے سیزن شروع ہونے سے پہلے مکمل آگاہی فراہمی کے اقدامات پر زور دیا۔ گنے کی سپلائی کے لیے استعمال ہونے والی ٹریکٹر ٹرالیوں پر ٹریفک لائٹس، چمکدار ریفلیکٹو پٹیاں اور مناسب روشنائی کا استعمال لازمی قرار دیا گیا تاکہ رات کے اوقات میں حادثات کا تدارک ہو اور ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو۔ اس سلسلے میں شوگر ملز کو بھی ذمہ داری سونپی گئی کہ وہ اپنے سپلائرز کی ٹرالیوں کی جانچ پڑتال یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایت کی کہ گنے کی خرید وفروخت میں مڈل مین کا کردار مکمل طور پر ختم کیا جائے اور زمیندار براہ راست شوگر ملز سے معاملات طے کریں تاکہ کاشتکاروں کو منصفانہ منافع ملے۔ اجلاس میں چینی کی ذخیرہ اندوزی (ہورڈنگ) کی شدید مذمت کی گئی اور اسے ناقابل برداشت قرار دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ذخیرہ اندوزی سے نہ صرف کاشتکاروں کو نقصان پہنچتا ہے بلکہ صارفین کو بھی مہنگائی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جو کہ صوبائی حکومت کی پالیسی کے یکسر منافی ہے۔ انہوں نے محکمہ خوراک اور اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ ذخیرہ اندوزی کے کسی بھی واقعے پر فوری قانونی کارروائی کی جائے اور سلسلے میں بلاتفریق کارروائیاں کی جائیں۔ متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ کل مورخہ 7 نومبر 2025 سے تمام شوگر ملز کرشنگ سیزن کے آغاز کے حوالے سے نوٹسز چسپاں کریں گی جس کے بعد ضلع بھر کی ملز 15 نومبر 2025 سے کرشنگ کا باقاعدہ آغاز کر دیں گی اور اس حوالے سے تمام تیاریاں مکمل کرلی جائیں۔ جبکہ کاشتکاروں کو ہدایت کی گئی کہ مقررہ تاریخ تک شوگر ملز کو گنے کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔

بھارت، چور خاتون نے دکاندار کی آنکھوں میں مرچوں کا اسپرے کردیا

احمد آباد (انٹرنیشنل ڈیسک) بھارت میں ایک دکاندار نے کمال حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے خاتون کی جانب سے چوری کی واردات کو ناکام بنادیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ احمد آباد میں پیش آیا جہاں ایک خاتون چوری کی نیت سے جیولر کی دکان میں داخل ہوئی۔ دکاندار سے بات چیت کے بعد خاتون نے مرچوں کا اسپرے دکاندار کی آنکھوں میں کردیا تاہم خاتون کے اس اچانک حملے سے خوش قسمتی سے دکاندار بچ گیا اور حاضر دماغی سے خاتون کا ہاتھ پکڑ کر اسے 17 تھپڑ جڑ دیے۔ بعدازاں دکاندار نے خاتون کا ہاتھ پکڑ کر اسے دکان سے باہر نکال دیا۔ واقعہ کی ویڈیو سی سی ٹی وی کیمرے پر ریکارڈ ہوگئی جب کہ سوشل میڈیا پر بھی یہ ویڈیو خاصی وائرل ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دکاندار نے خاتون کے خلاف شکایت درج کروانے سے انکار کردیا جب کہ پولیس نے خاتون کے خلاف تحقیقات کا آغاز کردیا۔

ڈی آئی خان، سوئی گیس کا ریجنل دفتر کرپشن کا گڑھ بن گیا

لوگوں کو بغیر میٹر ڈائریکٹ سوئی گیس کنکشن دے کر بھتے وصول کئے جانے لگے

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) ڈی آئی خان میں سوئی گیس کا ریجنل آفس کرپشن کا گڑھ بن گیا، لوگوں کو میٹر کے بغیر ڈائریکٹ سوئی گیس کے کنکشن لگا کر بھتے وصول کئے جانے لگے۔ ذرائع کے مطابق ناجائز وغیر قانونی کام گھریلو کنکشن پر پابندی کے دوران سپر وائزر شفیق مروت کی نگرانی میں کیا گیا جس کی سرپرستی سوئی گیس افسران کر رہے ہیں اور لاکھوں روپے ماہانہ بھتہ وصول کر رہے ہیں۔ ناجائز ڈائریکٹ کنکشن شہر بھر میں اور ظفر آباد میں خصوصا موجود ہیں جسکی نشاندہی شہری کھلی کچہریوں اور سوئی گیس محکمے کے افسران کو کر چکے ہیں لیکن خود ملوث ہونے کی وجہ سے کوئی کارروائی نہیں کی جارہی ہے اور اسی وجہ سے شہر بھر میں گیس کا پریشر کم ہے عوامی حلقوں نے وفاقی وزیر پٹرولیم و قدرتی گیس سے غیر قانونی کنکشن ہٹانے اور سوئی گیس کے ریجنل آفس ڈیرہ کے کرپٹ افسران اور اہلکاران کے خلاف کاروائی اور انہیں ہٹانے کا مطالبہ کیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

ریکٹر کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد پروفیسر ڈاکٹر راحیل قمر T.I، ایبٹ آباد کیمپس کے ملازمین سے خطاب کر رہے ہیں

زرعی شعبے میں خواتین کا کردار نہایت بنیادی اہمیت رکھتا ہے، پروفیسر غزالہ یاسمین

دیہی خواتین ملکی غذائی تحفظ، زرعی پیداوار اور معاشی استحکام میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں، وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی صوابی

صوابی (بیورو رپورٹ) ویمن یونیورسٹی صوابی کی وائس چانسلر ڈاکٹر پروفیسر غزالہ یاسمین نے خواتین کسانوں کی تربیتی ورکشاپ کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زرعی شعبے میں خواتین کا کردار نہایت بنیادی اہمیت رکھتا ہے اور اس ورکشاپ کا مقصد انہیں جدید، پائیدار اور موسمیاتی موافق کھیتی باڑی کے طریقوں سے آگاہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی خواتین ملکی غذائی تحفظ، زرعی پیداوار اور معاشی استحکام میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں، اس لیے ان کی تکنیکی تربیت اور بااختیاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے تمام منتظمین، متعلقہ اداروں اور یواین ویمن کا خصوصی شکریہ ادا کیا، جن کے تعاون سے یہ پروگرام ممکن ہوا۔ تقریب سے رائل تھائی ایمبیسی کے سفیر رونگ وودھی ویرابتر نے بھی خطاب کیا۔ ان کے ساتھ ایمبیسی کی مس کمولوان سری پوسل (منسٹر - کونسلر)، مسٹر چوناکانت لرتستت (سیکنڈ سیکرٹری) اور پروٹوکول آفیسر مظہر رفیق سنجرانی شریک تھے۔ سفیر نے کہا کہ پاکستان اور تھائی لینڈ دونوں ممالک میں زراعت معاشی ڈھانچے کا بنیادی حصہ ہے اور خواتین اس شعبے کی اصل قوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو زمین کی ملکیت، جدید ٹیکنالوجی تک رسائی، مناسب مارکیٹنگ مواقع اور موسمیاتی تبدیلی جیسے چیلنجز کا سامنا ہے، اس لیے ان کی پیشہ ورانہ تربیت ناگزیر ہے۔ انہوں نے یواین ویمن کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ مشترکہ شراکت دیہی خواتین کو بااختیار بنانے کی مشترکہ کاوش ہے۔ تھائی لینڈ سے خصوصی طور پر آنے والی زرعی ماہر مس جینیفر انیس ٹیلر نے بطور ٹرینر ورکشاپ کی عملی تربیت کی۔ انہوں نے شرکا کو ریجنیریٹو ایگریکلچر، مٹی کی بہتری، فصلوں کی صحت، اور چھوٹے زرعی یونٹس کو آمدنی کے مؤثر ذرائع میں تبدیل کرنے کے طریقوں پر رہنمائی فراہم کی۔ یہ تربیت یواین ویمن کی شراکت سے منعقد ہوئی، جسے شرکا کی جانب سے بے حد سراہا گیا۔ تقریب کے اختتام پر شریک خواتین اور مہمانوں نے اس تربیتی پروگرام کو ایک مثبت اور اہم پیش رفت قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ یواین ویمن کے تعاون سے جاری یہ منصوبہ خواتین کسانوں کی معاشی بہتری، عملی مہارتوں میں اضافہ اور پائیدار زرعی طریقوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

دیر، ایک ہفتے پر مشتمل ورکشاپ کامیابی کے ساتھ منعقد

ورکشاپ میں 60 سے زائد طلبا و طالبات نے شرکت کی

دیر (بیورو رپورٹ) ڈی سی نوید اکبر اور ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ افیئرز پشاور ڈاکٹر نعمان مجاہد کی ہدایات پر، ڈسٹرکٹ یوتھ آفس اپر دیر نے ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے "مستقبل کے رہنماں کے لیے شخصیت کی تعمیر اور قائدانہ صلاحیتوں کے فروغ" کے عنوان سے ایک ہفتے پر مشتمل ورکشاپ کامیابی کے ساتھ منعقد کی۔ تقریب تقسیم اسناد دیر ٹاؤن میں منعقد ہوئی۔ ورکشاپ میں 60 سے زائد طلبا و طالبات نے شرکت کی اور کامیابی کے ساتھ کورس مکمل کرنے پر اسناد حاصل کیں۔ ماسٹر ٹرینر عمران خان نے نہایت مفید اور عملی سیشنز کا انعقاد کیا، جن میں شخصیت سازی، ابلاغی مہارتیں، قائدانہ خصوصیات، خود اعتمادی، عوامی خطاب، نظم و ضبط اور اخلاقی رویے جیسے اہم موضوعات شامل تھے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مثبت سوچ، مضبوط کردار اور ذمہ دارانہ طرز عمل مستقبل کے رہنماں کے لیے بنیادی اوصاف ہیں۔ تقریب کے مہمان خصوصی یوتھ چیئرمین ریحان کوٹ سیماب علی خان تھے۔ اپنے خطاب میں انہوں نے منتظمین کی کاوشوں کو سراہا اور نوجوانوں کو نصیحت کی کہ وہ سیکھنے کا عمل جاری رکھیں اور معاشرے کی بہتری میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ "ہمارے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، اور ایسی تربیتیں ان کی خود اعتمادی بڑھانے اور مستقبل سنوارنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔" ڈسٹرکٹ یوتھ آفیسر شہزادہ طارق نے تمام شرکا کو مبارکباد دی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ اسی نوعیت کی تربیتی ورکشاپس دیر اپر کے مختلف کالجز اور تحصیلوں میں بھی منعقد کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں پر سرمایہ کاری دراصل روشن، مضبوط اور ذمہ دار مستقبل پر سرمایہ کاری ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

نوشہرہ، جائیداد تنازعہ پر بھائی کے سامنے بھائی کو قتل کردیا گیا

نوشہرہ (بیورو رپورٹ) نوشہرہ کے علاقہ جلوزئی میں جائیداد تنازعہ پر بھائی کے سامنے بھائی کو قتل کردیا گیا، ملزمان فرار ہوگئے جبکہ جلوزئی پولیس نے مقتول کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی اس سلسلے میں اسد انور ولد انور خان ساکن غریب آباد بھٹی کیمپ جلوزئی نے پولیس کو یوں رپورٹ درج کراتے ہوئے بتایا کہ میرا بھائی نوید انور ولد انور خان مسعود حجام کی دکان واقع محلہ غریب آباد بھٹی کیمپ جلوزئی میں موجود تھا اور میں دکان کے باہر کھڑا ہوا تھا کہ اس دوران مسمیان فضل عظیم، جمیل پسران محمد الیاس اور فضل امین ولد فضل عظیم ساکنان غریب آباد بھٹی کیمپ جلوزئی مسلح آئے اور دکان کے اندر موجود میرے بھائی نوید انور پر فائرنگ شروع کردی جس سے وہ لگ کر موقعہ پر ہی جاں بحق ہوگیا جبکہ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے

ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او سوات کی زیرصدارت قومی جرگہ کے مشران وعلاقائی عمائدین کا جرگہ

مجموعی صورتحال، امن و امان و دیگر اہم انتظامی وعوامی امور پر تفصیلی مشاورت

سوات (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات محمد عمر کی زیرصدارت سوات قومی جرگہ کے مشران و علاقائی عمائدین کا جرگہ منعقد ہوا جس میں ضلع سوات کی مجموعی صورتحال، امن وامان اور دیگر اہم انتظامی وعوامی امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ جرگہ میں علاقائی مشران و عمائدین بشمول عبدالجبار، اختر علی، حاجی زاہد خان، خورشید کاکاجی، صلاح الدین، شیر شاہ خان، جاوید بھائی جان، شیر بہادر ایڈووکیٹ سمیت دیگر معزز اراکین نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سوات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے جرگہ کے شرکا کو خوش آمدید کہا اور علاقے میں قیام امن اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون پر ان کے مثبت کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ جرگے میں طے پانے والے فیصلوں پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے خاطر خواہ عملدرآمد کیا گیا ہے اور عوامی فلاح و تحفظ کے لیے مزید اقدامات جاری ہیں۔ اجلاس کے دوران عمائدین نے اپنے تحفظات، آرا اور تجاویز پیش کیں جنہیں ڈپٹی کمشنر سوات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات نے توجہ سے سنا اور اطمینان بخش جوابات فراہم کیے۔ ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت نے اس موقع پر کہا کہ ضلع سوات کے عوام باشعور، غیور اور امن پسند ہیں جنہوں نے ہمیشہ قانون کی پاسداری اور امن کے قیام میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی قیمت پر ضلع کے امن وامان کو متاثر نہیں ہونے دیا جائے گا اور ترقی وخوشحالی کے سفر کو جاری رکھا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات محمد عمر نے اجلاس کے شرکا کو ضلع بھر میں پولیس کے حالیہ اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ امن و امان کے تسلسل کے لیے نئی پولیس چوکیاں قائم کی گئی ہیں، حساس علاقوں میں گشت اور ناکوں کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے جبکہ مختلف کارروائیوں میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر اقدامات عمل میں لائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس عوام کے تعاون سے کسی بھی قسم کی بدامنی کو برداشت نہیں کرے گی اور ضلع میں دیرپا امن کے قیام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ انہوں نے عمائدین پر زور دیا کہ وہ انتظامیہ اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھیں تاکہ ضلع سوات کو مزید پرامن اور محفوظ بنایا جاسکے۔ جرگہ کے اختتام پر خطے اور خصوصا ملک کے امن واستحکام کے لیے اجتماعی دعا مانگی گئی۔

دیربالا، ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں بھاری مشینری کے ذریعے تجاوزات کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے

مردان کے اہم فون نمبرات

ڈی ایچ کیو ہسپتال مردان	0937-9230147
کمشنر مردان ڈویژن	0937-9230572=9230573
ڈپٹی کمشنر مردان	0937-9230048
مردان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال مردان	0937-9230051
ڈی آئی جی مردان	0937-9230112
ڈی پی او مردان دفتر	0937-9230109
ایس پی آپریشن مردان	0937-9230117
ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر مردان	0937-930616
پال برانچ مردان	0937-9230120
ڈی ایس پی سٹی مردان	0937-9230108
تھانہ سٹی	0937-9230125
تھانہ ہوتی	0937-9230244
تھانہ پار ہوتی	0937-561245
تھانہ صدر	0937-9230130
تھانہ شیخ ملتون ٹاؤن	0937-868235
تھانہ شہباز گڑھی	0937-580172
تھانہ رستم	0937-800124
تھانہ طورو	0937-860320
تھانہ چورہ	0937-775981
تھانہ جبر	0937-542112
تھانہ تخت بھائی	0937-551001
تھانہ کاٹلنگ	0937-575302
ساڑوشاہ	0937-503001
تھانہ گڑھی کپورہ	0937-846113
کنٹرول روم پولیس لائن مردان	0937-9230065
پاسپورٹ دفتر مردان	0937-9230560
سوئی ناردرن گیس مردان	0937-880019
ہیلپ لائن	1199
ریسکیو مردان	0937-9230770=1122
کنٹونمنٹ بورڈ دفتر مردان	0937-9230261
سنٹرل جیل مردان	0937-840625
ایف آئی اے تھانہ	0937-9230077

محکمہ تعلیم مردان

ڈی ای او مردانہ	0937-920151
ڈی ای او زنانہ	0937-9230150
مردان کالج	0937-9230033
کامرس کالج مردان	0937-9230220
فضل حق کالج مردان	0937-9230070=9230084
جنرل پوسٹ آفس مردان	0937-9230031
ایکسائز دفتر مردان	0937-9230258
عبدالولی خان یونیورسٹی مردان	0937-9230618=9230620
واپڈا ایمرجنسی مردان	0937-9230155
محکمہ خوراک مردان	0937-9230225
ٹی ایم اے دفتر	0937-9230104
مردان بورڈ	0937-9230250=9230251
گورنمنٹ گرلز کالج مردان	0937-9230218

کھیل کھلاڑی

Sports

ویسٹ انڈیز کے کپتان شے ہوپ کا کرکٹ کی تاریخ میں نیا ریکارڈ

شے ہوپ نے نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کے دوسرے میچ میں سنچری بنائی مگر ویسٹ انڈیز کو میچ اور سیریز میں شکست سے نہ بچا سکے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)ویسٹ انڈیز کی کرکٹ ٹیم کے کپتان شے ہوپ نے نیوزی لینڈ کے خلاف میچ میں بہترین بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے کرکٹ کی تاریخ میں منفرد ریکارڈ قائم کردیا اور ساتھ ہی ویسٹ انڈیز کی تاریخ میں بھی کئی اعزاز اپنے نام کرلیے۔شے ہوپ نے نیپئر میں نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کے دوسرے میچ میں پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے برق رفتار سنچری مکمل کی اور ریکارڈ قائم کیا لیکن ویسٹ انڈیز کو شکست سے بچانے میں کامیاب نہ ہوسکے۔ویسٹ انڈیز کے کپتان نے 69 گیندوں پر 13 چوکوں اور 4 چھکوں کی مدد سے آؤٹ ہوئے بغیر 109 رنز بنایا، جس کی بدولت 34 اوورز میں ٹیم نے 9 وکٹوں پر 247 رنز بنالیا۔نیوزی لینڈ نے ویسٹ انڈیز کو سیریز کے دوسرے میچ میں 3 گیندیں قبل 248 رنز بنا کر ہدف حاصل کرلیا اور سیریز بھی جیت لی۔شے ہوپ نے میچ میں سنچری بنا کر ٹیسٹ کرکٹ کھیلنے والی 11 ٹیموں سمیت تمام فل ممبرز کے خلاف ون ڈے میں سنچری بنانے کا ریکارڈ قائم کیا، اس سے قبل یہ اعزاز سری لنکا کے سابق کپتان مہیلا جے وردھنے اور ویسٹ انڈیز کے ہی کرس گیل نے 12،12 ٹیموں کے خلاف سنچری بنا کر ریکارڈ بنایا تھا۔ویسٹ انڈیز کے اسٹار بیٹر نے 11 ٹیسٹ کھیلنے والے ممالک کے علاوہ نیدرلینڈز اور نیپال جیسی فل ممبر ٹیموں کے خلاف سنچری بنائی، جس کے بعد وہ بین الاقوامی کرکٹ میں 13 مختلف ٹیموں کے خلاف سنچری بنانے والے پہلے بیٹر بن گئے ہیں۔بین الاقوامی کرکٹ میں زیادہ ٹیموں کے خلاف سنچری بنانے والے دیگر بیٹر میں سچن ٹنڈولکر، گیری کرسٹن، رکی پونٹنگ، راہول ڈریوڈ، کمار سنگاکارا، ہاشم آملہ، شیکھر دھون، مارٹن گپٹل اور آئرلینڈ کے پال اسٹرلنگ 11، 11 ٹیموں کے خلاف سنچری بنا چکے ہیں۔شے ہوپ نے ون ڈے میں افغانستان، آسٹریلیا، بنگلہ دیش، انگلینڈ، بھارت، آئرلینڈ، نیپال، نیدرلینڈز، نیوزی لینڈ، پاکستان، جنوبی افریقہ، سری لنکا اور زمبابوے کے خلاف سنچریاں بنائی ہیں۔کرک انفو کے مطابق شے ہوپ نے نیوزی لینڈ کے خلاف سنچری بنا کر ون ڈے کرکٹ میں بھی سب سے زیادہ ٹیموں کے خلاف سنچری کا ریکارڈ بنایا ہے۔

جعلی دستاویزات اسکینڈل، فیفا نے ملائیشین فٹ بال ایسوسی ایشن پر جرمانہ اور 7 کھلاڑی معطل کردیے

ملائیشیا کی فٹ بال ایسوسی ایشن پر 3 لاکھ 50 ہزار سوئس فرانک جرمانہ بھی عائد

لاہور(سپورٹس ڈیسک)ملائیشیا کے فٹبال میں بڑا بحران کھڑا ہوگیا ہے، جہاں فیفا نے قومی ٹیم کے 7 کھلاڑیوں کی معطلی کے بعد فٹبال ایسوسی ایشن آف ملائیشیا کے اندرونی نظام کی باضابطہ تحقیقات شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔فیفا کے مطابق ان کھلاڑیوں نے مبینہ طور پر جعلی یا تبدیل شدہ دستاویزات استعمال کر کے ملائیشیا کی نمائندگی کے لیے اہلیت حاصل کی تھی، جس کے بعد انہیں 12 ماہ کے لیے معطل کر دیا گیا۔یہ تمام کھلاڑی ایشین کپ 2027 کے کوالیفائر میں جون میں ہونے والے میچ میں ویتنام کے خلاف ملائیشیا کی 4-0 کی جیت میں شامل تھے۔فیفا اپیل کمیٹی نے حکم دیا ہے کہ فوری طور پر ایف اے ایم کے اندرونی آپریشنز کی تحقیقات کی جائیں تاکہ معلوم کیا جاسکے کہ دستاویزات میں جعل سازی کا ذمہ دار کون ہے، اور یہ بھی جانچا جائے کہ آیا ایسوسی ایشن کے اندرونی احتساب اور گورننس کا نظام مؤثر ہے یا نہیں۔مزید یہ بھی طے کیا جائے گا کہ ایف اے ایم اہلکاروں کے خلاف اضافی کارروائی کی ضرورت ہے یا نہیں۔اس معاملے نے ملک بھر میں شدید ردِعمل کو جنم دیا ہے، جہاں شائقین اور قانون سازوں نے ایف اے ایم سمیت نیشنل رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ اور وزارتِ داخلہ کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔گزشتہ ماہ ایف اے ایم نے اپنے سیکریٹری جنرل کو معطل کر کے ایک آزاد کمیٹی بھی تشکیل دی تھی۔فیفا نے اس جعلسازی پر ملائیشیا کی فٹ بال ایسوسی ایشن پر 3 لاکھ 50 ہزار سوئس فرانک جرمانہ بھی عائد کیا ہے، جبکہ حال ہی میں ان کی اپیلیں بھی مسترد کردی گئی رپورٹ کے مطابق فیکونڈو گارسز، گیبریل اروچا، روڈیگو ہولگادو، امانول ماچوکا، جواو فیگیریدو، جون ایرازابل اور ہیکٹر ہیول جو سب بیرون ملک پیدا ہوئے کو فٹ بال ایسوسی ایشن کے زیر نگرانی ملائیشین شہریت دی گئی۔

پاکستان کی میزبانی میں ساؤتھ ایشین گیمز، بڑی پیشرفت سامنے آ گئی

وزیراعظم اسحاق ڈار کمیٹی کے سربراہ ہوں گے جس کا اجلاس پیر کو اسلام آباد میں متوقع ہے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)پاکستان کی میزبانی میں ہونے والے ساؤتھ ایشین گیمز سے متعلق بڑی پیشرفت سامنے آ گئی۔تفصیلات کے مطابق پاکستان کی میزبانی میں ہونے والے ساؤتھ ایشین گیمز کے لیے وزیراعظم شہباز شریف نے اعلیٰ سطح کمیٹی کی منظوری دے دی۔وزیراعظم اسحاق ڈار کمیٹی کے سربراہ ہوں گے جس کا اجلاس پیر کو اسلام آباد میں متوقع ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں اب تک کے ممکنہ پلان اور گیمز کی تیاریوں کا جائزہ لیا جائے گا۔گیمز کے اخراجات، اسپورٹس انفراسٹرکچر اور سیکیورٹی پر بھی غور ہوگا۔گیمز کے انعقاد پر کمیٹی اپنی حتمی سفارشات مرتب کرے گی۔وفاقی وزراء احسن اقبال، محمد اورنگزیب، رانا ثناءاللہ، سینیٹر وزیر مریم اورنگزیب، صدر پی او اے عارف سعید اور رانا مشہود احمد خان کمیٹی میں شامل ہیں۔دفاعی اداروں اور وزرائے اعلیٰ کے نمائندے بھی کمیٹی کا حصہ ہیں جبکہ وزارت بین الصوبائی رابطہ، خزانہ اور داخلہ کے وفاقی سیکرٹریز بھی شامل ہیں۔یاد رہے کہ پاکستان نے آئندہ سال جنوری میں سیف گیمز کی میزبانی کرنی ہے۔ساؤتھ ایشین گیمز 23 سے 31 جنوری تک کروانے کا اعلان کیا گیا تھا۔

سنگا کپ 2025 میں تاریخی کامیابی کے بعد لیاری کی فٹبال ٹیم پاکستان پہنچ گئی

رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق نے ایئر پورٹ پر کھلاڑیوں کا استقبال کیا

لاہور(سپورٹس ڈیسک)سنگا کپ 2025 میں تاریخی کامیابی کے بعد لیاری فٹبال اکیڈمی کی ٹیم واپس وطن پہنچ گئی۔ایشیا کے سب سے بڑے یوتھ فٹبال ٹورنامنٹ میں سلور میڈل اپنے نام کرنے والے لیاری کے نوعمر فٹبالرز اور آفیشلز کا کراچی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پرتپاک استقبال کیا گیا، مداحوں نے ان کو ہار پہنائے اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں، فضا پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی۔رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق نے ایئرپورٹ پر کھلاڑیوں کا استقبال کیا، انہوں نے کھلاڑیوں کی بین الاقوامی سطح پر شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ کھلاڑی نہ صرف لیاری بلکہ پورے پاکستان کا فخر ہیں جنہوں نے انتہائی محدود وسائل اور مالی مشکلات کے باوجود ملک کا نام روشن کیا۔لیاری فٹبال اکیڈمی کے صدر شیخ عبدالرحمن نے کہا کہ حکومت سندھ اور صوبائی وزیر کھیل سردار محمد بخش مہر سنگا کپ 2025 میں سلور میڈلز حاصل کرنے والے باصلاحیت کھلاڑیوں کے لیے مکمل سرپرستی، مالی معاونت فراہم کریں تاکہ یہ نوجوان آئندہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا پرچم مزید بلند کرسکیں۔اس موقع پر جماعت اسلامی کے رہنما سفیان دلاور، سید جواد شعیب، جان محمد بلوچ، زوہیب حسین بلوچ ودیگر بھی موجود تھے۔

سہ ملکی سیریز: پاکستان اور سری لنکا آج مدمقابل آئیں گے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)سہ ملکی سیریز کے تیسرے میچ میں آج پاکستان اور سری لنکا مدمقابل آئیں گے۔تفصیلات کے مطابق راولپنڈی میں شیڈول میچ شام 6 بجے شروع ہوگا۔پاکستان ٹیم نے پہلے میچ میں زمبابوے کو شکست دی تھی جبکہ سری لنکا کو اپنے پہلے میچ میں زمبابوے کے ہاتھوں شکست ہوئی تھی۔پاکستان ٹیم اپنا تیسرا میچ کل زمبابوے کے خلاف کھیلے گی جبکہ چوتھا میچ 27 نومبر کو سری لنکا کے خلاف شیڈول ہے۔سیریز کا فائنل 29 نومبر کو راولپنڈی میں ہی کھیلا جائے گا۔

گوہاٹی ٹیسٹ: پہلے روز کھیل کا اختتام، جنوبی افریقا کے 6 وکٹوں کے نقصان پر 247 رنز

لاہور(سپورٹس ڈیسک)دوسرے ٹیسٹ میچ میں جنوبی افریقا نے پہلے روز کھیل کے اختتام تک 6 وکٹوں کے نقصان پر 247 رنز بنالیے۔گوہاٹی میں کھیلے جارہے ٹیسٹ میچ میں جنوبی افریقا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔جنوبی افریقا نے محتاط انداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے چائے کے وقفے تک ایک وکٹ کے نقصان پر 82 رنز بنالیے تھے۔ایڈن مارکرام 38 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے تھے چائے کے وقفے کے فوراً بعد رائن ریکلٹن (35) بھی 82 کے ہی مجموعی اسکور پر آؤٹ ہوگئے۔ٹرسٹان اسٹبس اور کپتان ٹمبا باووما نے تیسری وکٹ کے لیے 84 رنز کی شراکت قائم کی۔اسٹبس 49 اور باووما 41 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ٹونی ڈی زورزی 28 اور ویان ملڈر بھی 13 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔کھیل کے اختتام پر سینورام متھوسامی 25 اور کائل ویرین ایک رن بنا کر کریز پر موجود ہیں۔بھارت کی جانب سے کلدیپ یادیو نے 3 جبکہ جسپریت بمراہ، محمد سراج اور رویندر اجدیجا نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

دبئی ایئرشو میں بھارتی طیارہ گرنے پر شاہد آفریدی کا ردعمل سامنے آگیا

لاہور(سپورٹس ڈیسک)پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی کا دبئی ایئرشو کے دوران بھارتی لڑاکا طیارہ تجس گرنے پر ردعمل سامنے آگیا۔پشاور میں میڈیا سے گفتگو کے دوران صحافی کے سوال پر شاہد آفریدی نے کہا کہ دشمن کے مرنے پر خوشی نہ منانا، کسی دن سجناں بھی مر جائیں گے۔شاہد آفریدی نے کرکٹ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں کافی ٹیلنٹ ہے، ٹیم بھی اچھا کھیل رہی ہے، ورلڈکپ میں بھی اچھا کرے گی۔ان کا کہنا تھا کہ پی ایس ایل میں 2 نئی ٹیموں کو شامل کیا جانا کافی اچھی بات ہے، وہ کھلاڑی جن کو موقع نہیں ملتا، اب انہیں بھی موقع ملے گا۔واضح رہے کہ گزشتہ روز دبئی میں ایئر شو کے دوران بھارت کا تجس لڑاکا طیارہ گر کر تباہ ہوگیا تھا۔

ایشیا کپ رائزنگ اسٹار: شاہینز نے سری لنکا اے کو شکست دیکر فائنل میں جگہ بنالی

ہدف کے تعاقب میں سری لنکا اے کی ٹیم 148 رنز پر آؤٹ ہوگئی، شاہینز کی فائنل میں رسائی

لاہور(سپورٹس ڈیسک)ایشیا کپ رائزنگ اسٹارز کے دوسرے سیمی فائنل میں پاکستان شاہینز نے سری لنکا اے کو 5 رنز سے شکست دے کر فائنل میں جگہ پکی کرلی۔دوحا میں کھیلے گئے ایونٹ کے دوسرے ناک آؤٹ میچ میں سری لنکا اے کی ٹیم 154 رنز کے تعاقب میں 148 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔سری لنکا اے کی جانب سے ملن رتنا نکے 40 رنز بنا کر نمایاں رہے۔وشن ہلمباگے 29 اور لستھ کروسپل 27 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔سری لنکا کی جانب سے اور کوئی بیٹر ڈبل فیگر میں داخل نہیں ہوسکا۔پاکستان کی جانب سے سفیان مقیم اور سعد مسعود نے 3،3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔احمد دانیال، شاہد عزیز اور عبید شاہ نے 1، 1 وکٹ حاصل۔اس سے قبل سری لنکا کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے پاکستان شاہینز نے 9 وکٹوں کے نقصان پر مقررہ 20 اوورز میں 153 رنز اسکور کیے۔پاکستان کی جانب غازی غوری 39 رنز ناٹ آؤٹ بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔معاذ صداقت 23، احمد دانیال 22، سعد مسعود 22، محمد نعیم 16، محمد فائق 7، شاہد عزیز 7، یاسر خان 6، کپتان عرفان خان 6 اور عبید شاہ 0 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوئے۔سفیان مقیم 1 رن بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔سری لنکا اے کی جانب سے پرامود مدوشن نے 4 اور ٹراوین میتھیو نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ڈیتھ ویلاگے اور ملن رتنا کے نے 1، 1 وکٹ حاصل کی۔فائنل میں شاہینز کا مقابلہ بنگلا دیش اے ٹیم سے ہوگا۔

نیوزی لینڈ نے ویسٹ انڈیز کو ون ڈے سیریز میں وائٹ واش کردیا

ہدف کے تعاقب میں کیوی ٹیم ابتداء میں مشکلات کا شکار ہوئی تاہم مارک چیپمین اور مائیکل بریسویل نے ٹیم کو فتح دلوادی

لاہور(سپورٹس ڈیسک)نیوزی لینڈ نے تیسرے ایک روزہ میچ میں ویسٹ انڈیز کو 4 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز میں وائٹ واش کردیا۔ہیملٹن میں کھیلے گئے میچ میں ویسٹ انڈیز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا جو غلط ثابت ہوا۔ویسٹ انڈین ابتدائی 4 اوورز کے بعد ہی مشکلات کا شکار ہوگئی اور کوئی بلے باز زیادہ دیر کریز پر نہ رک سکا، پوری ٹیم 161 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔روسٹن چیز 38، جون کیمپبل 26 اور کھاری پیری ناٹ آؤٹ 22 رنز بنا کر نمایاں رہے۔نیوزی لینڈ کی جانب سے میٹ ہینری نے 4، جیکب ڈفی اور مچل سینٹنر نے 2،2 جبکہ کائل جیمیسن اور زیک فولکس نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ہدف کے تعاقب میں کیوی ٹیم ابتداء میں مشکلات کا شکار ہوئی اور اس کی 3 وکٹیں صرف 32 رنز پر گرگئیں۔تاہم مارک چیپمین (64) کی نصف سنچری اور مائیکل بریسویل کی ناقابل شکست 40 رنز کی اننگز کی بدولت کیوی ٹیم نے ہدف 30.3 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔

رونق میلہ

Showbiz

دو مرتبہ آسکر جیتنے والا اداکار مالی مشکلات کے باعث بے گھر

کام نہ ملنے کے باعث آمدنی کا ذریعہ نہیں رہا، جمع پونجی بھی ختم

لاہور(شوبز رپورٹر)ہالی ووڈ کے نامور اداکار کیون اسپیسی نے انکشاف کیا ہے کہ وہ اس وقت مستقل رہائش کے بغیر زندگی گزار رہے ہیں اور کبھی ہوٹلوں، کبھی عارضی ٹھکانوں پر رہنے پر مجبور ہیں۔غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق کیون اسپیسی نے بتایا کہ گزشتہ چند برسوں میں اُن پر لگنے والے جنسی ہراسانی کے الزامات اور طویل قانونی کارروائی نے انہیں شدید مالی بحران میں دھکیل دیا۔قانونی فیسوں نے ان کی جمع پونجی تقریباً ختم کردی ہے اور کام نہ ملنے کے باعث آمدنی کا ذریعہ بھی نہیں رہا۔انہوں نے بتایا کہ بالٹی مور والا گھر بھی نیلامی میں ہاتھ سے چلا گیا۔

ڈرامائی صورتحال کے بعد مس یونیورس کا تاج میکسیکو کی حسینہ کے سر سج گیا

لاہور(شوبز رپورٹر)تھائی لینڈ میں مس یونیورس کے فائنل مقابلے کا تاج میکسیکو کی فاطمہ بوش کے سر سج گیا۔25 سالہ فاطمہ بوش انسانیت دوست سرگرمیوں اور رضاکارانہ کاموں کے لیے مشہور ہیں۔فائنل سے پہلے کی ڈرامائی صورتحال کے باوجود فاطمہ نے جیت اپنے نام کرلی۔لائیو اسٹریم کے دوران تھائی ایونٹ ڈائریکٹر نے انکی سرِعام سرزنش کی لیکن اسکے باوجود فاطمہ بوش مداحوں کی پسندیدہ امیدوار قرار پائیں۔مس یونیورس کے فائنل میں آئیوری کوسٹ، فلپائن، تھائی لینڈ اور وینزویلا کی حسینائیں بھی شامل تھیں جنہیں 120 سے زائد شرکاء میں سے منتخب کیا گیا تھا۔فاطمہ بوش نے فائنل سے پہلے تھائی ایونٹ آرگنائزر نواٹ اتساگرسل کے ریمارکس پر ایک ڈرامائی واک آؤٹ کیا۔مس عراق سمیت دیگر شرکا نے بھی انکا ساتھ دیا اور وہ بھی واک آؤٹ کر گئے۔

فیروز خان نے اپنی ذاتی زندگی کو ٹارگٹ کیے جانے پر خاموشی توڑ دی

فیروز خان ایک ورسٹائل اور باصلاحیت پاکستانی ٹیلی ویژن اور فلمی اداکار ہیں

لاہور(شوبز رپورٹر)فیروز خان نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں لوگوں کی جانب سے ان کی ذاتی زندگی کو ٹارگٹ کیے جانے کے بارے میں بات کی۔فیروز خان ایک ورسٹائل اور باصلاحیت پاکستانی ٹیلی ویژن اور فلمی اداکار ہیں جنہوں نے اپنے ڈرامہ سیریل خانی کی کامیابی کے بعد بے پناہ اسٹارڈم حاصل کیا۔تاہم فیروز خان کی ذاتی زندگی اور طلاق اس وقت بڑی سرخیاں بنیں جب ان کی سابقہ بیوی نے ان پر بدسلوکی کا الزام لگایا۔اگرچہ اب وہ ڈاکٹر زینب کے ساتھ شادی کے بندھن میں منسلک ہیں لیکن ان کی ذاتی زندگی ان کی سابق اہلیہ کی پوسٹس کی وجہ سے آج بھی موضوع بحث بنی ہوئی ہے۔حال ہی میں فیروز خان ایک نجی شو میں نظر آئے جس کی میزبانی احمد رندھاوا کررہے تھے۔اس انٹرویو کا ایک ٹیزر شیئر کیا گیا جس میں فیروز خان نے اپنی ذاتی زندگی کے لیے نشانہ بننے کے حوالے سے بتایا کہ کس طرح ان کی والدہ کی دعاؤں نے انہیں مشکل وقت میں مضبوط رکھا۔انہوں نے تناؤ اور سوشل میڈیا پر مسلسل نفرتوں کی وجہ سے اپنے قریب المرگ کے تجربات کے بارے میں بھی بات کی۔اس بارے میں گفتگو کرتے ہوئے فیروز خان نے کہا کہ مجھے ذاتی طور پر شدید نشانہ بنایا گیا، ایک دن میں گر گیا اور موت کے منہ میں جا پہنچا، ایک دن میں اپنے ٹوائلٹ گیا اور میں نے خود کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی۔میں اپنے بچوں کو بہت یاد کررہا تھا کیونکہ مجھے ان سے ملنے کی اجازت نہیں تھی۔

نرگس فخری کو سالگرہ پر شوہر کی جانب سے قیمتی رولز رائس کا تحفہ

اداکارہ نے گاڑی کی تصاویر انسٹاگرام پر مداحوں سے شیئر کردیں

لاہور(شوبز رپورٹر)اداکارہ نرگس فخری ایک بار پھر سوشل میڈیا پر چھا گئیں اور اس بار وجہ بنا ان کا مہنگا ترین برتھ ڈے گفٹ جس نے مداحوں کو حیران کردیا۔46 سالہ اداکارہ نے انسٹاگرام پر شوہر ٹونی بیگ کی جانب سے ملنے والی اپنی نئی نیلے رنگ کی لگژری کار کی تصاویر شیئر کیں جو ایک بڑے سرخ ربن میں لپٹی ہوئی تھی۔اس گاڑی کی مالیت تقریباً 10 کروڑ 30 لاکھ روپے ہے۔اگرچہ نرگس کی سالگرہ اکتوبر میں تھی مگر انہوں نے یہ تحفہ نومبر میں سامنے لاتے ہوئے مزاحیہ انداز میں لکھا کہ اب وہ سوچ رہی ہیں کہ اگلے سال 2026 کا برتھ ڈے گفٹ کیا ہوگا۔دلچسپ بات یہ ہے کہ نرگس نے اپنی گاڑی کی وہ تصاویر بھی پوسٹ کیں جن میں ان کی رولز رائس ان کے شوہر کی رولز رائس کے ساتھ کھڑی نظر آرہی ہے۔پوسٹ سامنے آتے ہی شوبز ستاروں نے تبصروں کا سلسلہ شروع کردیا۔پروڈیوسر ایکتا کپور نے لکھا کہ ٹونی بھائی بہترین ہیں، جبکہ ہدایتکار ترن منسکانی نے مزاح کرتے ہوئے کہا کہ ٹونی، نرگس کو چھوڑو، میری سالگرہ بھی آنے والی ہے۔خیال رہے کہ نرگس فخری اور ٹونی بیگ رواں سال اس وقت خبروں میں آئے تھے جب یہ رپورٹس سامنے آئیں کہ دونوں نے لاس اینجلس میں قریبی دوستوں اور اہل خانہ کی موجودگی میں سادگی سے شادی کرلی ہے۔اگرچہ جوڑے نے باضابطہ اعلان نہیں کیا، مگر فرح خان کے ایک انٹرویو میں نرگس کو ٹونی کی بیوی کہہ دینے کے بعد یہ چہ مگوئیاں مزید بڑھ گئی تھیں۔

ایل جی بی ٹی کیو پر بات کرنے والے بچوں کے جنسی استحصال پر خاموش رہتے ہیں، نادیہ جمیل

ٹرک اڈوں اور کوئلے کی کانوں سمیت مختلف مقامات پر کم عمر بچوں کا جنسی استحصال جاری ہے، اداکارہ

لاہور(شوبز رپورٹر)سینئر اداکارہ نادیہ جمیل نے کہا ہے کہ پاکستان میں ایل جی بی ٹی کیو پر بات کرنے والے ملک میں جاری بچوں کے جنسی استحصال پر خاموش رہتے ہیں۔نادیہ جمیل کی نوجوان لڑکیوں کے گروپ سے خطاب کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہے جس میں انہوں نے معاشرتی تلخ حقائق پر بات کی۔اداکارہ نے بتایا کہ کچھ عرصہ قبل ایک صحافی نے خفیہ کیمرے سے لاہور اور دیگر شہروں میں بچوں کے 9 جسم فروشی کے اڈے دریافت کیے جہاں 7 سے 16 سال کے بچوں کا استحصال ہورہا تھا۔انہوں نے کہا کہ ویڈیو دیکھ کر دل دہل گیا۔

بھارتی فوج کا تجس طیارہ گر کر تباہ؛ فلمی ستارے مودی پر برس پڑے

لاہور(شوبز رپورٹر)دبئی ایئرشو میں کرتب دکھانے والا بھارتی فضائیہ کا تجس طیارہ گر کر تباہ ہوگیا جس پر بالی ووڈ کے ستاروں نے مودی سرکار کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔بھارتی میڈیا کے مطابق متعدد فنکاروں نے فوجی طیارہ حادثہ کی مذمت کرتے ہوئے فوجی طیاروں کی سیکیورٹی اور ٹیسٹنگ کے عمل کو مزید سخت بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔اداکارہ پریانکا چوپڑا نے واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ فوجیوں کے اہل خانہ ہمیشہ بے یقینی کا شکار رہتے ہیں۔ماضی کی معروف اداکارہ جیہ بچن نے بھی واقعے کی شفاف تفتیش پر زور دیتے ہوئے کہا کہ فوجیوں اہلکاروں کو محفوظ ماحول دیا جائے۔شتروگھن سنہا اور راج ببر سمیت دیگر اداکاروں نے بھی مودی سرکار کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور واقعے کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا۔اداکار اکشے کمار نے کہا کہ پائلٹ کی ہلاکت پر ان کے اہل خانہ کے ساتھ دکھ میں پورا ملک شریک ہے۔قوم اپنی جان قربان کرنے والے اہلکار کو یاد رکھے گی۔

’بچاؤ مجھے بچاؤ‘ اداکارہ یمنیٰ زیدی کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

لاہور(شوبز رپورٹر)معروف اداکارہ یمنیٰ زیدی کی دلچسپ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی جس میں اداکارہ کو شوٹنگ کے لیے تیار ہوتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ یمنیٰ زیدی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی جس کے کیپشن میں انہوں نے لکھا کہ ”بہت اہم سین ہے“۔ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ اداکارہ شوٹنگ کے لیے تیار ہوتے ہوئے کہتی ہیں کہ ”امپورٹنٹ سین ہے اور میک اپ لگاؤ“۔ویڈیو میں اداکارہ دروازہ کھول کر کہتی ہیں کہ ”بچاؤ مجھے بچاؤ“، جس کے بعد ایک لڑکا جس کے ہاتھ میں موبائل ہوتا ہے۔

بھارتی ویمن کرکٹر سمرتی مندھانا نے منگنی کرلی

لاہور(شوبز رپورٹر)بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کی اوپنر سمرتی مندھانا نے منگنی کا اعلان کردیا۔بھارتی میڈیا کے مطابق سمرتی مندھانا نے اپنے دوست موسیقار اور فلم ساز پالاش موچھل سے منگنی کی ہے، انہوں نے یہ خوشخبری جمعرات کو ایک ”ہلکے پھلکے انسٹاگرام ریل“ کے ذریعے شیئر کی جس نے فوراً انٹرنیٹ پر دھوم مچادی۔29 سالہ سمرتی مندھانا نے ریل میں اپنی ٹیم کی ساتھیوں جمائمہ روڈریگس، رادھا یادو، شریینکا پٹیل اور اروندتی ریڈی کے ساتھ ایک مزاحیہ ڈانس پرفارمنس دی۔آخر میں انہوں نے اپنی منگنی کی انگوٹھی دکھا کر خبر کی تصدیق کی۔مداحوں اور کرکٹرز نے انہیں زندگی کا نیا سفر شروع کرنے پر مبارکباد دی ہے۔

رجب بٹ کی نائٹ کلب میں لڑکیوں کے ساتھ ڈانس کرتے ویڈیو وائرل

حال ہی میں رجب بٹ کو ایک بار پھر برطانیہ کے ایک نائٹ کلب میں ایک لڑکی کے ساتھ رقص کرتے ہوئے دیکھا گیا

لاہور(سپورٹس ڈیسک)پاکستان کے متنازع ترین یوٹیوبر رجب بٹ کی برطانیہ کے ایک نائٹ کلب میں نشے کی حالت میں لڑکی کے ساتھ رقص کرنے کی ویڈیو وائرل ہوگئی، جس کے بعد یوٹیوبر پر شدید تنقید کی جارہی ہے۔رجب بٹ معروف پاکستانی سوشل میڈیا انفلوئنسر ہیں، جو اپنے فیملی ولاگز اور ٹک ٹاک لائیو سیشنز کی وجہ سے مشہور ہوئے۔ان کے یوٹیوب چینل کے سبسکرائبرز کی تعداد اب 2.8 ملین سے زائد ہے جبکہ انسٹاگرام پر ان کے 2.7 ملین سے زیادہ فالوورز موجود ہیں۔رجب بٹ کو ولاگنگ کی مختصر مدت میں ہی کئی تنازعات کا سامنا کرنا پڑا۔اس وقت وہ پاکستان میں مختلف مقدمات کے باعث برطانیہ میں مقیم ہیں، جہاں سے ان کی نشے کی حالت میں بننے والی کلب ویڈیوز اکثر وائرل ہوجاتی ہیں۔

پریانکا چوپڑا نے اپنی کزن پرینیتی کے نومولود بیٹے کے لیے ایک پیارا سا تحفہ بھجوادیا

گزشتہ کچھ عرصے سے بالی ووڈ کی مشہور کزن سسٹرز کے درمیان ناراضی کی افواہیں گردش کررہی تھیں

لاہور(شوبز رپورٹر)بالی ووڈ اداکارہ پریانکا چوپڑا نے اپنی کزن پرینیتی چوپڑا کے نومولود بیٹے کے لیے ایک پیارا سا تحفہ بھجوادیا۔گزشتہ کچھ عرصے سے بالی ووڈ کی مشہور کزن سسٹرز کے درمیان ناراضی کی افواہیں گردش کر رہی تھیں، خاص طور پر اس وقت جب پرینیتی اپنے کزن سدھارتھ چوپڑا کی شادی سے قبل ہونے والی تقریبات میں نظر نہیں آئیں تاہم بعدازاں شادی میں شرکت نے تمام قیاس آرائیوں کو خاموش کردیا تھا۔اب پرینیتی اور راگھو چڈھا کے ہاں 19 اکتوبر 2025 کو بیٹے کی پیدائش کے بعد پریانکا نے نہ صرف خوشی کا اظہار کیا بلکہ اپنے خاندان کی جانب سے ننھے بھانجے کے لیے ایک خوبصورت تحفہ بھی بھیجا۔پرینیتی نے انسٹاگرام اسٹوری پر اپنی کزن بہن کے بھجوائے گئے تحائف کی تصویر شیئر کی۔تصویر میں براؤن اور آف وائٹ رنگوں کے خوبصورت بے بی کپڑے، ایک اسٹفڈ ٹوائے اور دیگر ضروری سامان دیکھا جاسکتا ہے۔اداکارہ نے تصویر کے ساتھ لکھا کہ ننھا نیر ابھی سے پیار میں بگڑنے لگا ہے۔ساتھ ہی انہوں نے لکھا کہ نیئر گیٹنگ اسپلٹ آلریڈی، تھینک یو میمی ماں سی، نک ماں سا اور مالتی دی دی۔

اپنے فلمی کیریئر میں اتنا نہیں کمایا ہوگا جتنا پیسا یوٹیوب سے ملا؛ فرح خان

بالی ووڈ کی معروف کوریوگرافر اب یوٹیوب پر اپنا کوکنگ چینل بھی چلا رہی ہیں

لاہور(شوبز رپورٹر)فرح خان کے نام سے کون واقف نہیں جنھوں نے نہ صرف کوریوگرافی میں اپنا نام بنایا بلکہ فلم سازی میں بھی کسی سے پیچھے نہیں رہی ہیں اور اب ایک اور پلیٹ فارم کی بے تاج ملکہ بن گئی ہیں۔فرح خان کی زندگی شوبز کے ہنگاموں، چکاچوند اور شہرت کے گرد گھومتی ہے۔ان کے کریڈٹ پر متعدد کامیاب نغمے اور فلمیں ہیں۔فرح خان ہر وقت کچھ نیا کرنے کے لیے پُرعزم نظر آتی ہیں یہی وجہ ہے کہ جب سوشل میڈیا آیا تو کوریوگرافر نے اس صنف کو بھی آزمایا۔فلم ساز فرح خان نے یوٹیوب پر ولاگنگ کا آغاز کیا اور ایک کوکنگ چینل بھی چلا رہی ہیں جس میں ان کے خانساماں بھی ساتھ ہوتے ہیں۔اس یوٹیوب چینل کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ فرح خان کے ساتھ ساتھ ان کے خانساماں بھی معروف شخصیت بن گئے ہیں۔

بقیہ 1

طاہر حسین اندرابی کا کہنا ہے کہ اسرائیلی حملوں میں معصوم بچے، خواتین جاں بحق اور زخمی ہوئے، اسرائیل ان حملوں سے بین الاقوامی قوانین اور حالیہ امن معاہدے کی سنگین خلاف ورزی کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ حملے امن کی کوششوں کو سبوتاژ کر رہے ہیں، یہ حملے شرم الشیخ میں طے پانے والے امن معاہدے کی بھی کھلی خلاف ورزی ہیں، حکومت پاکستان عالمی برادری سے اسرائیلی استثنٰی اور جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کو ختم کرنے کا مطالبہ کرتی ہے۔دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ بین الاقوامی انسانی حقوق اور انسانی قانون کی پاسداری کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔ترجمان نے کہا کہ پاکستان آزاد سرحدوں پر مبنی ایک آزاد، خودمختار اور ملحقہ ریاست فلسطین کے قیام کے حق میں اپنے اصولی موقف کا اعادہ کرتا ہے۔

بقیہ 2

آفریدی وفاق اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کا ساتھ دینے کا کہا ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبے کی ترقی کے لیے وفاقی اداروں کا ساتھ دیں، خیبر پختونخوا وفاق کے بغیر نہیں چل سکتا۔گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ اگر افغانستان میں امن ہے تو پھر افغان باشندوں کو واپس جانا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین کے معاملے پر کے پی حکومت سیاست کر رہی ہے۔

بقیہ 3

کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے تعلق کی نفی کر دی۔نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف انفارمیشن ونگ کا پارٹی کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے کوئی تعلق نہیں۔انہوں نین کہا کہ ایکس اکاؤنٹ کو بیرون ملک میں کچھ پی ٹی آئی کارکن چلا رہے ہیں، پی ٹی آئی ایکس اکاؤنٹ پر پوسٹ کرنے والے پاکستان میں نہیں ہیں۔

بقیہ 4

پاکستان کا نام روشن کرنے والے کیوسیٹ محمد آصف اور اسجد اقبال قومی ہیروز ہیں۔

بقیہ 5

چوکیوں پر دہشت گردوں کے ہوئے 140 سے زائد حملے ناکام بنا دیے گئے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران دہشت گردوں کے خلاف آپریشنز میں 14 دہشت گردوں کو ہلاک اور 22 کو زخمی کیا گیا۔پولیس حکام نے بنوں ریجن میں دہشت گردی کے واقعات اور پولیس آپریشنز سے متعلق رپورٹ جاری کردی۔آپریشن کی نگرانی کرنے والے آر پی او سجاد خان نے کہا ہے کہ بنوں کے بعض علاقوں میں دہشت گردوں کے ٹھکانے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جدید وسائل ہونے کے باعث ڈرون حملوں سمیت دہشت گردوں کے بڑے حملے ناکام بنا دیے گئے ہیں، دہشت گردوں کے خلاف عوام نے ساتھ دیا۔

بقیہ 6

پر غیر معمولی رش رہا اور پولنگ اسٹیشنز پر عوام کی بھرپور آمدورفت دیکھی گئی۔انہوں نے کہا کہ ڈیرہ غازی خان میں بزرگ شہری، نوجوان اور خواتین سب بڑی تعداد میں ووٹ کاسٹ کے لئے گھروں سے نکلے، ہر طبقے سے لوگ باہر نکلے اور اپنا جمہوری حق استعمال کیا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ اکثریتی حلقوں میں تحریک انصاف نے بائیکاٹ کیا، سیاست میں کوئی بائیکاٹ نہیں ہوتا، بائیکاٹ کا ہمیشہ سیاسی نقصان ہوتا ہے۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ لاہور فیصل آباد، ساہیوال اور ڈیرہ غازی خان میں مسلم لیگ (ن) کا ٹرن آؤٹ انتہائی حوصلہ افزاء رہا۔انہوں نے کہا کہ ایسے ووٹرز بھی گھروں سے نکلے ہیں جو کافی عرصے سے خاموش تھے۔انہوں نے اس کی وجہ حکومت کی کارکردگی کو قرار دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی پرفارمنس کو ملکی و عالمی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے میں نمایاں کارکردگی دکھائی ہے۔انہوں نے کہا کہ پوری دنیا میں پاکستان کی مسلح افواج کی صلاحیتوں کو تسلیم کیا گیا اور پاکستان کی اکانومی کو سراہا گیا ہے۔دبئی ایئر شو میں بھارتی طیارے کے حادثے سے متعلق سوال پر وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ اس واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں اور انوسٹی گیشن کے بغیر کوئی حتمی رائے دینا قبل از وقت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ فی الوقت یہ کہنا مشکل ہے کہ حادثہ ٹیکنیکل خرابی سے ہوا یا کسی اور وجہ سے۔

بقیہ 7

کا دورہ کیا، دورے کے موقع پر پیر سید سجادہ نشین سید ابوالحسن جمال الدین گیلانی نے قائم مقام صدر کی دستار بندی کی، قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے ڈپٹی کمشنر ملتان وسیم حامد سندھو کے ہمراہ مزار پر حاضری دی اور دربار کی توسیع سے متعلق مختلف امور کا جائزہ لیا۔اس موقع پر قائم مقام صدر نے مزار اور مسجد کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور توسیعی منصوبے کے تکنیکی پہلوؤں پر ڈپٹی کمشنر سے بریفنگ حاصل کی۔قائم مقام صدر نے ہدایت کی کہ دربار کے توسیعی منصوبے کی رفتار مزید تیز کی جائے، برآمدہ کو مرکزی عمارت میں ضم کرنے اور مسجد کی تعمیر کے کام کا جلد آغاز کیا جائے۔انہوں نے تاکید کی کہ منصوبے کی معیاری اور بروقت تکمیل کے لیے ماہر انجینئرز اور متعلقہ تکنیکی ماہرین کی خدمات فوری طور پر حاصل کی جائیں۔ اس دوران انہوں نے سیکیورٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ڈپٹی کمشنر وسیم حامد سندھو نے یقین دہانی کرائی کہ توسیعی منصوبے پر کام جلد شروع کر دیا جائے گا اور تمام مراحل کی سخت مانیٹرنگ کی جائے گی۔دورے کے موقع پر سابق ایم پی اے سید احمد مجتبیٰ گیلانی، ڈاکٹر جاوید صدیقی، ایڈمنسٹریٹر اوقاف سید ایاز الحسن گیلانی اور سید فیاض الحسن گیلانی اور گیلانی خاندان کے افراد موجود تھے۔

بقیہ 8

ہمدردی و اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کی یہ بزدلانہ کارروائی امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوشش ہے۔محسن نقوی نے کہا کہ فتنۃ الخوارج کی ایسی بزدلانہ کارروائیاں عوام کے بلند حوصلے کو غیر متزلزل نہیں کرسکتیں، قوم اور ریاست امن دشمنوں کے سامنے متحد کھڑی ہے۔

بقیہ 9

سکندر سلطان راجا نے الیکشن کمیشن میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضمنی انتخاب بہت پرامن رہا، پنجاب اور خیبر پختونخوا کی حکومتوں کا شکرگزار ہوں۔انہوں نے کہا کہ ضمنی انتخابات میں ہمیشہ ٹرن آؤٹ کم رہتا ہے، جس کی بہت سی وجوہات ہوتی ہیں، اس انتخاب سے نمبر گیم تبدیلی نہیں ہونی تھی جس کی وجہ سے عوام کی دلچسپی کم رہی۔انہوں نے کہا کہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف کمیشن نے بلاتفریق ایکشن لیا، ڈی آر اوز نے کچھ رپورٹس بھیجی ہیں، کچھ شکایات کا کمیشن نے خودنوٹس لیا ہے تاہم ضمنی انتخاب میں کوئی غیر معمولی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ طلال چوہدری کو (آج) پیر کو طلب کیا ہے اور آج ہی سماعت ہوگی، لوکل گورنمنٹ انتخابات میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر ایک وزیر اور امیدوار کو نااہل کیا گیا تھا۔چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ ہر چیز کی ایک لیگل اسکیم ہے، دنیا بھر میں انتخابات میں خلاف ورزیاں ہوتی ہیں، کمیشن وقتاً فوقتاً اپنی تجاویز حکومت کو بھیجتا رہتا ہے، کمیشن کے پاس ٹریبونل کو ہدایات دینے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

بقیہ 10

تسلی بخش صورتحال پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب کا جو کنٹریکٹر معیاری کام نہیں کرے گا اس کی ادائیگی فوری طور پر معطل ہوگی، صفائی کی صورتحال تسلی بخش نہ ہونے پر ستھرا پنجاب کنٹریکٹ دوبارہ کرنے پر غور ہوگا۔انہوں نے پنجاب کی ہر شہر میں صفائی کے معیار کو بہتر سے بہترین بنانے کے لئے کوڑے دان کی صفائی اور ویسٹ انکلوژر بنانے کا حکم دیا ہے اور شہروں کا ماحول صاف اور خوشگوار رکھنے کے لئے ویسٹ انکلوژر کے گرد چار دیواری بنا کر مکمل طور پر بند کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔اس حوالے سے ہدایت کی گئی ہے کہ پنجاب بھر میں کوڑے دان روزانہ دھوئے جائیں، صفائی میں ذرا سی کوتاہی بھی برداشت نہیں ہوگی۔اس کے علاوہ پارکنگ ایریاز، بس سٹینڈز، اڈوں اور تمام پبلک مقامات کی مثالی صفائی کا حکم دیا گیا ہے، پنجاب کے ہر شہر کے داخلی و خارجی راستوں کی صفائی اور گرین بیلٹ کے قیام کیلئے بھرپور اقدامات کے احکامات جاری کئے ہیں، ہر چھوٹے بڑے شہر میں گرین بیلٹس کی مرمت، باقاعدہ شجرکاری اور گھاس وغیرہ لگوانے کا حکم دیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز نے آوارہ کتوں کے کاٹنے اور مین ہول میں گر کر ہونے والی ہلاکتوں کے واقعات روکنے میں ناکامی پر متعلقہ ڈپٹی کمشنرز کی سخت سرزنش کی، بعض اضلاع کے چند سرکاری ہسپتالوں میں پوری طرح فری میڈیسن نہ ملنے کا بھی سخت نوٹس لیا گیا ہے۔پنجاب میں تجاوزات کے مستقل خاتمے کیلئے اب سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے 24/7 مانیٹرنگ ہوگی، جس سے پنجاب میں غیر قانونی قبضے اور غیر قانونی تعمیرات لمحوں میں ڈیجیٹل ریکارڈ پر آئیں گی۔پنجاب میں آمدورفت میں رکاوٹ پیدا کرنے والی ریڑھیاں فوری ہٹانے کا حکم دیا گیا ہے جبکہ مارکیٹ انتظامیہ سے تحریری طور پر یقینی دہانی لینے کی سخت ہدایت جاری کی گئی ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سرکاری نرخ ناموں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کے ساتھ گرفتاری یقینی بنانے کی ہدایت جاری کر دی، اضلاع میں چلنے والی الیکٹرک بسوں کی حفاظت اور دیکھ بھال ضروری قرار دی ہے۔ بازاروں میں لٹکتے ہوئے خطرناک بجلی کے تار فوری درست کرانے کا حکم دیا ہے اور اس حوالے سے متعلقہ بجلی کمپنی کو سخت ہدایات جاری کی ہیں۔صوبے کے ہر شہر کے تمام روڈز پر لین مارکنگ کی مکمل ہدایت کی ہے اور اسسٹنٹ کمشنرز کو حکم دیا ہے کہ خود موجود ہو کر ہر مقام پر صفائی اور نظم و نسق کی یقینی نگرانی کریں، گڈ گورننس یقینی بنانے کے لئے تمام ڈپٹی کمشنرز کو وہیکل لینس ٹیمیں بنانے کا حکم دیا ہے۔مساجد کے وضو خانے کا پانی شجرکاری کے لئے استعمال کرنے کے لئے اقدامات اور پرائیویٹ ہاؤسنگ سوسائٹیز میں صفائی، مین ہول ڈھکن اور سٹریٹ لائٹس یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔سرکاری احکامات پر عملدرآمد یقینی نہ بنانے والی ہاؤسنگ سوسائٹیز کو جرمانہ کرنے کی تجویز پر اتفاق کیا گیا ہے، واٹرفلٹریشن پلانٹ کی دیکھ بھال اور صفائی، پبلک ٹوائلٹ کی مکمل اور مستقل صفائی یقینی بنانے کا حکم دیا ہے۔پنجاب حکومت نے نئے پٹرول پمپ پر چارجنگ سٹیشن ضروری قرار دیا ہے اور تمام ہائی ویز کے پٹرول پمپ پر بہترین صاف ستھرے ٹوائلٹ یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے رات 10 بجے کے بعد شادیاں ختم اور ون ڈش کی پابندی یقینی بنانے کی ہدایت ہے، مسلسل غیر معیاری کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ضلعی سربراہان کو تبدیل کرنے کی وارننگ ہے، 2 وارننگ کے بعد تیسری وارننگ پر متعلقہ ڈپٹی کمشنر کو ہٹا دیا جائے گا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ فنڈز دینے کے باوجود بہترین رزلٹ نہ آنا افسوسناک ہے، عوام کی خدمت کے امور میں کسی غلطی یا کوتاہی کی ہرگز گنجائش نہیں، پنجاب کے ہر شعبے میں نیکسٹ لیول گورننس درکار ہے، انتظامیہ کو پورے اختیارات، فنانس اور اعتماد دیا، اب 100 فیصد رزلٹ چاہیے۔مریم نواز کا کہنا تھا کہ پنجاب گڈ گورننس میں باقی صوبوں سے بہتر ہے لیکن میں مطمئن نہیں، معیار نیکسٹ لیول کا ہونا چاہیے، کوڑے کے کنٹینر گند سے زیادہ گندے نظر آنا انتہائی افسوسناک ہے، ڈپٹی کمشنرز نے افغان ایشو اور دیگر امور میں اچھا کام بھی کیا مگر گورننس کا معیار بھی بہتر بنانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ عوام کے گھروں کو اپنا گھر سمجھ کر صاف رکھنے کے لئے اقدامات کریں، برازیل میں درخت کی شاخ کاٹنا بھی جرم ہے، ہر شہر کے ہر بازار میں فٹ پاتھ دکان کے داخلی دروازے تک بنائیں، کہیں دھول مٹی نظر نہ آئے، ٹوٹے فٹ پاتھ اور فریش پینٹ نہ ہونے سے صورت بگڑ جاتی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ تمام اضلاع سے سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع سے براہ راست فیڈ بیک لے رہی ہوں، اپنے سیاسی لوگوں کو ناراض کر کے ڈپٹی کمشنرز کو اختیارات، فنانشل پاور اور سہولتیں دیں، 40 سے 50 ارب روپے کی مشینری اور ڈیڑھ لاکھ فورس کے باوجود کوڑے کے ڈھیر نظر آنا ہرگز برداشت نہیں۔

بقیہ 11

مذاکرات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں، تمام پارٹیوں کیلئے ایک جیسا لیول پلیئنگ فیلڈ مہیا کریں گے تو حالات بہتر ہوجائیں گے میڈیا سے گفتگو میں سہیل آفریدی نے کہا کہ تمام پارٹیوں کیلئے ایک جیسا لیول پلیئنگ فیلڈ مہیا کریں گے تو حالات بہتر ہوجائیں گے۔انہوں نے کہا کہ بے اختیار لوگوں سے مذاکرات کرنے کا فائدہ نہیں، میرے پاس لیڈر سے ملنے کے لیے احتجاج کے سوا کوئی راستہ نہیں۔وزیراعلی خیبر پختونخوا نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے صوبائی اسمبلی سے قرارداد منظور کی، چیف جسٹس کو خط لکھا، ہائیکورٹ میں پٹیشن بھی دائر کی۔انہوں نے کہا کہ حکومت کے ہر وار کا توڑ میرے پاس ہے، بانی پی ٹی آئی نے مذاکرات کے لیے کمیٹی بنائی لیکن ان کے پاس اختیار نہیں۔سہیل آفریدی نے کہا کہ اڈیالہ صرف بات کرنے جا رہا ہوں کبھی ایف آئی اے کبھی الیکشن کمیشن کا نوٹس آجاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے مجھے جلسے کے بعد طلب کرلیا، مریم نواز کے خلاف کوئی نوٹس نہیں لیا، الیکشن کمیشن سب کو ایک نظر سے دیکھے۔وزیراعلی خیبر پختونخوا نے کہا کہ لاہور میں ضمنی الیکشن کے دوران وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز وہاں ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کر رہی ہے۔

بقیہ 12

آفریدی وفاق اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کا ساتھ دینے کا کہا ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبے کی ترقی کے لیے وفاقی اداروں کا ساتھ دیں، خیبر پختونخوا وفاق کے بغیر نہیں چل سکتا۔گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ اگر افغانستان میں امن ہے تو پھر افغان باشندوں کو واپس جانا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین کے معاملے پر کے پی حکومت سیاست کر رہی ہے۔

بقیہ 13

مہنگائی کے ذریعے عوام کے استحصال کا سلسلہ بلاتعطل جاری ہے جس کے آگے بند باندھنے کی ضرورت ہے، پاکستان میں پرائس کنٹرول کے میکنزم کو ازسرنو ترتیب دینے کی ضرورت ہے جس کیلئے کامیاب ممالک کو سٹڈی کیا جائے ۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ رپورٹس کے مطابق مہنگائی میں 30 سے 40 فیصد گراں فروشی ہوتی ہے جس کی وجہ سے پسے ہوئے طبقات مزید مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ گراں فروشی کرنے والوں کو موقع پر ہی جرمانے، قید کی سزا اور کم از کم ایک ماہ تک کاروبار بند کرنے کے اقدامات تجویز کرنے چاہئیں تاکہ مصنوعی مہنگائی کرنے والے دوسرے تاجر اس سے عبرت حاصل کرسکیں۔مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ حکومت ایسا میکنزم بنائے جس سے مڈل مین کا کردار محدود ہو اور سبزیاں اور اشیائے خوردونوش براہ راست منڈیوں تک پہنچیں، اس اقدام کی وجہ سے قیمتیں عوام کی پہنچ میں رہیں گی۔

بقیہ 14

اس سال بھی مینا بازار کا انعقاد قابل ستائش ہے، مینا بازار کا انعقاد اہمیت کا حامل ہے۔انہوں نے کہا کہ مینا بازار مختلف ثقافتوں کو یکجا کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، دوست ممالک کے سٹالز پاکستان سے تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں، مینا بازار سے مختلف ممالک کی ثقافت کو جاننے کا موقع میسر آتا ہے۔نائب وزیراعظم نے کہا کہ پفوا کی سماجی فلاح و بہبود کیلئے خدمات نمایاں ہیں، حکومت خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے سرگرم ہے۔مینا بازار کا انعقاد فارن آفس ویمن ایسوسی ایشن کی طرف سے کیا گیا، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے سٹالز کا معائنہ بھی کیا، سیکرٹری خارجہ بھی اس موقع پر ان کے ساتھ تھے۔

بقیہ 15

انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کو جدوجہد کر کے وزیراعظم بنانا ہے، شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے پائے کے لیڈرز ابھی تک پیدا نہیں ہوئے۔گورنر سردار سلیم حیدر خان نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی پنجاب میں دوبارہ مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔

بقیہ 16

، کمرشل نوعیت کی اپیلوں ، جسٹس حسن نواز مخدوم کی سربراہی میں دو رکنی بنچ ٹیکس ریفرنسز ، جسٹس شہباز رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نیب، انسداد دہشتگردی کی اپیلوں ، جسٹس فیصل زمان کی سربراہی میں ڈویژن بنچ سول اپیلوں ، جسٹس چوہدری محمد اقبال کی سربراہی میں دو رکنی بنچ سول اپیلوں جبکہ جسٹس شہرام سرور چوہدری کی سربراہی میں دو رکنی بنچ قتل، اقدام قتل سمیت فوجداری اپیلوں پر سماعت کرے گا۔

بقیہ 17

جنرل اقبال خان سب سے طویل عرصے تین سال اور 344 دن تک اس عہدے پر رہے۔چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کا عہدہ ختم ہونے پر فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر چیف آف ڈیفنس فورسز کا عہدہ سنبھالیں گے۔

بقیہ 18

خواجہ سراؤں کا ووٹ ترجیحی بنیاد پر کاسٹ کروایا جائے گا۔صوبائی الیکشن کمشنر کے مطابق پولنگ سٹیشنوں پر موبائل فون لے جانے کی اجازت نہ ہے، شہری ووٹ کی رازداری کو برقرار رکھیں اور بیلٹ پیپر کی تصویر لینے سے اجتناب کریں۔انتخابات کی نگرانی کے لیے الیکشن کمیشن پاکستان اور الیکشن کمیشن پنجاب میں کنٹرول روم قائم کیے گئے ہیں، الیکشن کمیشن ہیڈکوارٹرز میں قائم کنٹرول روم کی نگرانی ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ہارون شنواری کر رہے تھے۔

بقیہ 19

امور کایا کالاس نے کی۔اجلاس میں پاکستان اور یورپی یونین کے باہمی تعلقات، 2019 کے سٹریٹجک انگیجمنٹ پلان کے تحت تعاون، اور مستقبل کے مشترکہ اہداف پر تفصیل سے بات چیت ہوئی، دونوں جانب سے اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ سیاسی، معاشی، انسانی حقوق، تجارت، مہاجرت، ترقیاتی منصوبوں اور یورپی یونین کے گلوبل گیٹ وے فریم ورک کے تحت تعاون مزید بڑھایا جائے گا۔اعلامیے کے مطابق فریقین نے ایراسمس منڈس اور ہورائزن یورپ جیسے تعلیمی پروگراموں کے ذریعے علم اور تحقیق کے تبادلوں کو مزید بڑھانے پر بھی اتفاق کیا، اس کے ساتھ ہی خوراک، توانائی کے بحران اور ماحولیاتی تبدیلی جیسے نئے چیلنجز پر مل کر کام کرنے کا عزم ظاہر کیا گیا۔برسلز میں بات کے دوران یورپی یونین نے پاکستان کے لیے جی ایس پی پلس اسٹیٹس کی مسلسل اہمیت کا اعتراف کیا، جو پاکستان اور یورپی یونین کے معاشی تعلقات کا بڑا ستون سمجھا جاتا ہے، فریقین نے اقوام متحدہ کے اصولوں، عالمی امن، کثیرالجہتی نظام، اور قانون کی حکمرانی کے تحت بین الاقوامی تنازعات کے حل پر زور دیا۔اجلاس میں غزہ کے مسئلے پر بھی بات چیت ہوئی، پاکستان اور یورپی یونین نے صدر ٹرمپ کے جامع منصوبے کے پہلے مرحلے پر اتفاقِ رائے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے زور دیا کہ تمام فریق جنگ بندی پر عمل کریں، معاہدے کے تمام مراحل بروقت مکمل ہوں اور غزہ میں تعمیرِ نو اور انسانی امداد تک رسائی یقینی بنائی جائے، دونوں نے دو ریاستی حل کی حمایت بھی دہرائی۔پاکستان اور یورپی یونین نے اکتوبر 2025 میں پاک افغان سرحدی کشیدگی کے تناظر میں علاقائی امن اور بات چیت کے ذریعے مسائل کے حل پر زور دیا، فریقین نے افغان عبوری حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اقدامات کریں۔اعلامیہ میں افغانستان کی بگڑتی معاشی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا اور کہا گیا کہ افغانستان میں امن، استحکام اور ایک جامع سیاسی عمل ہی خطے کے مفاد میں ہے، یورپی یونین نے اس بات کو سراہا کہ پاکستان گزشتہ 40 سال سے لاکھوں افغان مہاجرین کی میزبانی کر رہا ہے، اور کہا کہ کسی بھی واپسی کا عمل محفوظ، باوقار اور عالمی قوانین کے مطابق ہونا چاہیے۔آخر میں دونوں فریق اس بات پر متفق ہوئے کہ سٹریٹجک مکالمے کا آٹھواں دور اسلام آباد میں منعقد کیا جائے گا۔

بقیہ 20

پہلوؤں سے تحقیقات کر کے سفارشات مرتب کریں تاکہ مستقبل میں اس طرح کا حادثہ رونما نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ حکومت متاثرین کی مالی معاونت بھی کرے۔علاوہ ازیں حلقہ این اے 97 کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا کہ ہم نے علاقے میں بلاتفریق خدمت کی سیاست کی ہے، سڑکوں کی تعمیر، ناقص سیوریج کی بہتری اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے بھرپور کاوش کر رہے ہیں، گیس کی فراہمی کیلئے وزیر توانائی سے ملاقات ہو چکی ہے اور جلد پیشرفت ہوتی ہوئی نظر آئے گی ۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ انشاءاللہ حلقہ این اے 97 کو ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے مثالی حلقہ بنائیں گے

بقیہ 21

بابر علاؤ الدین نے مختلف مقامات پر کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا اور واضح ہدایت دی کہ تمام منصوبے شفاف انداز میں اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔ان کے ہمراہ اسٹاف آفیسر عبدالجبار بھٹی، حاجی امجد محمود راجپوت، میاں عمران یعقوب، مہر افتخار اور دیگر مقامی نمائندگان موجود تھے۔ایس ڈی او پبلک ہیلتھ نے بابر علاؤ الدین کو منصوبوں کی موجودہ پیش رفت اور تکنیکی امور پر بریفنگ دی۔انہوں نے کہا کہ سوہدرہ کے لوگ بہتر شہری سہولیات کے حقدار ہیں اور اسی مقصد کے لیے ترقیاتی اسکیموں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

بقیہ 22

کے لیے عالمی کوششوں کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔دفتر خارجہ نے بیان میں کہا کہ حکومت پاکستان بین الاقوامی برادری سے دوبارہ اپیل کرتی ہے کہ وہ فوری اقدامات کرے تاکہ اسرائیل کی بے قابو حرکات اور جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کو روکا جا سکے اور بین الاقوامی انسانی حقوق اور ہنگامی انسانی قانون کی پاسداری یقینی بنائی جا سکے۔بیان میں کہا گیا کہ پاکستان اپنے اصولی موقف پر قائم ہے کہ ایک آزاد، خودمختار، قابل عمل اور ہمسایہ ریاست فلسطین قائم کی جائے، جو جون 1967 کی سرحدوں کی بنیاد پر ہو اور جس کا دارالحکومت القدس شریف ہو۔

بقیہ 23

کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں ایس پی انڈسٹریل ایریا زون کی زیر نگرانی تھانہ سمبل کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کئے گئے، سرچ آپریشن کے دوران 235 افراد، 115 گھروں، 31 گاڑیوں اور 28 موٹر سائیکلوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے آٹھ مشکوک افراد کو تھانہ منتقل کیا گیا، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں، اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن ** پکار“ 15 پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 24

اور طالبات، اساتذہ اور مہمانانِ گرامی سے اہم خطاب کیا۔اس موقع پر یونیورسٹی انتظامیہ نے ان کا بھرپور اور والہانہ استقبال کیا۔خطاب کرتے ہوئے سیدال خان ناصر نے کہا کہ تعلیم یافتہ بیٹیاں کسی بھی قوم کی سب سے بڑی طاقت ہوتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قوموں کی ترقی میں خواتین کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے اور جہاں عورت نے قلم اٹھایا، وہاں ترقی نے بھی اپنا راستہ بنایا۔انہوں نے اس حقیقت پر زور دیا کہ ایک بیٹی کی تعلیم پوری نسل کو روشن کرتی ہے۔قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے یونیورسٹی کے مؤثر تعلیمی نظام اور اس کے مثالی کردار کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ نہ صرف تعلیم دے رہی ہے بلکہ کردار سازی کے میدان میں بھی نمایاں خدمات انجام دے رہی ہے۔ انہوں نے یونیورسٹی کے بانی مولوی ریاض الدین احمد خان کی تعلیمی خدمات کو زبردست الفاظ میں سراہا۔سیدال خان ناصر نے کہا کہ سینیٹ نے گزشتہ ایک سال کے دوران خواتین کی تعلیم اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے متعدد اہم اقدامات کیے ہیں، جن میں لڑکیوں کی یونیورسٹیوں کے فنڈز میں اضافہ، پسماندہ علاقوں کی بچیوں کے لیے خصوصی وظائف، اعلیٰ تعلیمی اداروں میں خواتین کی نمائندگی بڑھانے کے لیے بل کی منظوری اور جامعات میں ہراسگی کے خلاف مزید مؤثر قوانین شامل ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ڈیجیٹل اسکلز فار گرلز“ پروگرام کی توسیع کے لیے بھی سفارشات منظور کی گئی ہیں جس سے نوجوان لڑکیوں کو جدید ٹیکنالوجی اور آئی ٹی کے شعبے میں وسیع مواقع میسر آئیں گے۔انہوں نے طالبات کو نصیحت کی کہ کامیابی کا راز عزم، محنت اور استقامت میں ہے۔انہوں نے کہا کہ تاریخ میں بے شمار خواتین نے اپنی ہمت اور بصیرت سے معاشروں میں انقلابی تبدیلیاں لائیں، اور آج کی پاکستانی بیٹیوں میں بھی وہی صلاحیت موجود ہے کہ وہ اپنا اور ملک کا مستقبل روشن کر سکیں۔سیدال خان ناصر نے اساتذہ کو بھی زبردست الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا اور کہا کہ استاد وہ چراغ ہے جو خود جل کر دوسروں کو روشنی دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا کردار انبیا کے ورثے کی مانند ہے، جو علم اور تربیت کے ذریعے قوم کی تعمیر کرتے ہیں۔انہوں نے یونیورسٹی انتظامیہ کا پرتپاک استقبال پر شکریہ ادا کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس ادارے کو مزید ترقی دے اور یہاں سے تعلیم پانے والی ہر طالبہ کو کامیابی اور استقامت عطا فرمائے۔

بقیہ 25

نے شہری کو بہانے سے کھیتوں میں لے جا کر قتل کر کے لاش گہری کھائی میں پھینک دی تھی۔تفتیش میں انکشاف ہوا کہ انہوں نے معمولی لڑائی جھگڑے کے رنج میں قتل کیا۔صدر واہ پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ٹریس کر کے ملزمان کو گرفتار کیا، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ایس پی پوٹھوہار طلحہٰ ولی نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 26

پالیسیوں اور ضابطوں پر آگاہی سیشنز منعقد کرنے کے لیے تمام کمرشل بینکوں کو ہدایات جاری کرے تاکہ نہ صرف برآمد کنندگان بلکہ بینکوں کے عملے کو بھی ان سے آگاہی حاصل ہو سکے۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے افسران نے یقین دہانی کرائی کہ ملاقات میں جن مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے ان کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔علاوہ ازیں ایسوسی ایشن کے آفس میں جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین میاں عتیق الرحمان اور وائس چیئرمین ریاض احمد نے کہا کہ ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کے مسائل کے حل اور برآمدات میں اضافے کے لئے ہر ممکن کاوشیں جاری ہیں۔ اس موقع پر طورخم بارڈر کے مسائل اور آئندہ کے حوالے سے حکمت عملی بارے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے کہا کہ تمام افراد ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو دوبارہ عروج پر لے جانے کے لئے پرعزم ہیں جس کے لئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی، حکومت سے اپیل ہے کہ پیداواری لاگت میں کمی، صنعت کی ضرورت کے مطابق ہنرمندوں کی دستیابی اور فریٹ سبسڈی کے حوالے سے سرپرستی کرے ۔ میاں عتیق الرحمان اور ریاض احمد نے کہا کہ آئندہ سال تین عالمی نمائشوں کا انعقاد ہونے جا رہا ہے جو پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں کی مصنوعات کی تشہیر اور مارکیٹنگ اور برآمدات کے فروغ کا سنہری موقع ہے جس سے بھرپور استفادہ کرنا چاہیے، ہمیں مذکورہ نمائشوں میں بھرپور شرکت کے لئے ابھی سے تیاریوں کا آغاز کرنا چاہیے۔

بقیہ 27

مسافر کو مشکوک پایا گیا، ابتدائی تفتیش میں معلوم ہوا کہ مسافر مختلف ایجنٹوں سے رابطے میں تھا۔تحقیقات کے مطابق مسافر کو رواں سال اٹلی سے غیر قانونی ہجرت پر ڈی پورٹ بھی کیا گیا تھا۔ترجمان نے بتایا کہ مسافر کے موبائل فون سے ٹیمپرڈ ریزیڈنٹ کارڈ بھی برآمد ہوا، جبکہ وہ سعودی عرب سے جعلی دستاویزات پر یورپ جانے کی کوشش کر رہا تھا۔

بقیہ 28

انہوں نے کہا کہ ہم ’غزہ منصوبے‘ کو نہیں مانتے، پاکستان نے فلسطین پالیسی سے انحراف کرتے ہوئے عالمی استحکام فورس کا حصہ بننے کا فیصلہ کیا، ہم صرف آزاد اور خودمختار فلسطین چاہتے ہیں، جس کسی نے پاکستان کی فلسطین پالیسی سے انحراف کیا تو اسے نشان عبرت بنا دیں گے۔حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ہم کشمیریوں کو پاکستانی سمجھتے ہیں، پورا پاکستان کشمیریوں کا بیس کیمپ ہے، مودی اور بھارت کی کشمیر پر قبضے کی کوشش پر اس وقت کے حکمران خاموش نہ رہتے تو ایسا نہ ہوتا، لیکن موجودہ حکمرانوں نے اگر ٹرمپ کی ثالثی میں کشمیر پر کوئی سمجھوتہ کیا تو قوم اسے قبول نہیں کرے گی، ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے روڈمیپ پر عمل کیا جائے۔امیر جماعت اسلامی پاکستان نے کہا کہ عام انتخابات کے اعلان تک کسی انتخاب میں حصہ نہیں لیں گے، نواز شریف! عوام اب ہارس ٹریڈنگ کی حقیقت کو پوری طرح سمجھ چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہریوں نے دیکھ لیا ہے کہ کون اپنے مؤقف پر ڈٹا رہتا ہے اور کون اپنے عوامی مینڈیٹ کو بیچ دیتا ہے، اسی لیے ہر جگہ حافظ نعیم الرحمٰن کی حمایت بڑھ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حافظ نعیم نے اُس وقت سمجھوتہ کرنے سے انکار کیا جب دوسرے سودے بازی میں مصروف تھے، عوام اپنا فیصلہ کر چکے ہیں۔حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ وڈیرا صاحب! سندھ کے لوگ ناانصافی پر مبنی غیر منصفانہ کم از کم مزدوری کے خلاف متحد ہو کر حافظ نعیم الرحمن کے ساتھ کھڑے ہو گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سالوں سے محنت کش طبقے کو نظر انداز کیا جاتا رہا تاہم آج سندھ ہمت کے ساتھ کھڑا ہے اور وہ مطالبہ کر رہا ہے جو ہر محنتی پاکستانی کا حق ہے: عزت، احترام اور منصفانہ اجرت۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ یہ تحریک صرف اعداد و شمار کا مسئلہ نہیں، یہ لوگوں، خاندانوں اور ہمارے صوبے کے مستقبل کا معاملہ ہے۔انہوں نے کہا کہ نظم و ضبط کے بغیر تحریکیں ختم ہوجاتی ہیں، قانون سب کے لیے برابر ہوتا ہے، عام انتخابات کے اعلان تک کسی انتخاب میں حصہ نہیں لیں گے، ہم پورے نظام کو چیلنج کرنے کی بات کرتے ہیں، حافظ نعیم نے کہا کہ دنیا میں اب ظلم کا نظام ختم ہونا چاہیے، فلسطین میں انسانیت کا قتل عام ہو رہا ہے، دنیا بھر کے مظلوموں کو اکٹھا کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ دنیا کے معاملات چند لوگوں کے ہاتھوں میں ہیں، انسانیت سسک رہی ہے، اور کوئی پوچھنے والا نہیں۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اپنے مقامی حالات میں کام کرے گی، ظلم کے خلاف آواز اٹھائے گی، جبر کا سامنا کرے گی، لیکن ہم قوم پرست ہیں، نہ تقسیم پیدا کریں گے، ہم پاکستان سے کیوں شکوہ کریں؟ پاکستان کسی وڈیرے، جرنیل یا سیاستدان کی جاگیر نہیں، ہر بلوچ، سندھی، کشمیری، پٹھان، ہزارے وال، پنجابی اور مہاجر سمیت یہاں بسنے والی تمام قومیتوں کا ہے۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ وقتی پاپولرٹی تباہی لاتی ہے، ہماری اصل طاقت اپنے نظم و ضبط اور اجتماعیت میں ہے، لاہور کے لوگوں نے میزبانی کی، کوئٹہ میں بھی ہم اجتماع کریں گے تو ان شا اللہ وہ بھی اپنی رہائش گاہیں اسی طرح خالی کر دیں گے۔انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں جنریشن زی کی سوچ ایک جیسی ہے، نیپال اور بنگلہ دیش میں حال ہی میں حکومتوں کو گھر بھیجا گیا ہے، پاکستان کے حکمرانوں نے اپنا قبلہ درست نہ کیا تو یاد رکھیں کہ بنگلہ دیش میں حسینہ واجد کو ایئرلفٹ کرنے ہیلی کاپٹر پہنچ گیا تھا، لیکن ایسا نہ ہو کہ عوام آپ کو ایئرپورٹ تک پہنچنے بھی نہ دیں۔حافظ نعیم نے کہا کہ دنیا میں انفارمیشن کا طوفان ہے، نئی نسل کا کسی ایک معاملے پر فوکس نہیں ہوتا، شکوے کرنے کے بجائے انہیں سکھائیں، اس نسل کو خود سے کاٹ نہیں سکتے، جدید تعلیم دیکر ان بچوں کو ہم خود سے جوڑے رکھیں گے۔انہوں نے کہا کہ دنیا کے معاملات چند لوگوں کے ہاتھوں میں ہیں، انسانیت سسک رہی ہے، ہمیں دین کی سربلندی کے لیے کام کرنا ہے، دین اسلام کا پیغام سب تک پہنچانا ہے، آخری سانس تک کوشش کرنا ہمارا بنیادی بنیادی مقصد ہونا چاہیے۔انہوں نے زی کنیکٹ پروگرام کا اعلان بھی کیا جو نوجوانوں کیلئے آئی ٹی سمیت جو پروگرامز دے سکے وہ دیں گے، انہیں ابتدائی اور ایڈوانس کورسز کروا کر روزگار کمانے کے قابل بنائیں گے، اس کے ساتھ ساتھ ہنرمندی کے پروگرام بھی شروع کریں گے، پیرامیڈیکل اسٹاف کی تربیت دیکر نئی نسل کو ہنرمند بنائیں گے۔

بقیہ 29

اور اپنی سیاسی سبکی سے توجہ ہٹانے کے لیے وزیراعلی پنجاب پر الزامات لگا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ سہیل آفریدی خود اپنے لیڈر کی روش پر چلتے ہوئے مسلسل جھوٹ بول رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سہیل آفریدی کے حالیہ بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔وزیر اطلاعات نے نشاندہی کی کہ سہیل آفریدی نے خود سرکاری افسران کو کل کا سورج نہ دیکھنے جیسی کھلی دھمکیاں دیں، جس کی ویڈیوز اور بیانات عوام کے سامنے موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسے بیانات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ دھونس اور دھمکیوں کی سیاست تحریک انصاف کا مستقل وطیرہ ہے۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ حیرت انگیز طور پر سہیل آفریدی خود شہر ناز کی انتخابی مہم چلانے پہنچے، لیکن اس کے باوجود وزیراعلی پر بے تکی تنقید کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مریم نواز کی عوامی خدمت کا دائرہ انتخابی سیاست سے بالاتر ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ مریم نواز کے 90 سے زائد ریکارڈ ترقیاتی منصوبے کسی ضمنی الیکشن کے محتاج نہیں۔پنجاب کے عوام مسلم لیگ (ن) کی کارکردگی پر اعتماد رکھتے ہیں اور خود سے پارٹی امیدواروں کو ووٹ دیتے ہیں۔

بقیہ 30

افغانستان سے تجارتی بندش عام پاکستانی کی زندگی پر تقریباً کوئی اثر نہیں پڑا۔ذرائع نے کہا کہ پاکستان کا 11 اکتوبر 2025 کو افغان سرحد بند کرنا ردعمل نہیں بلکہ تجارتی نظام کی اصلاح کا باعث ہے، پاکستان نے وہ تمام راستے بند کیے جو اسمگلنگ، منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور دہشتگردی کے بنیادی ذرائع تھے۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق افغانستان کی 70 سے 80 فیصد تجارت پاکستان کی سڑکوں اور بندرگاہوں پر منحصر ہے، افغانستان میں سامان کراچی کے راستے 3 سے 4 دن میں پہنچتا ہے، جبکہ ایران کے راستے سے 6 سے 8 دن میں پہنچے گا۔افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے نام پر اسمگلنگ کا سامان پاکستان میں داخل ہوتا رہا، حقائق کے مطابق پاکستان کو ہر سال 4.3 کھرب روپے کا نقصان اسمگلنگ سے ہوتا تھا، افغان ٹرانزٹ سے تقریباً 1 کھرب روپے کا سامان واپس آ جاتا تھا، جو اضافی نقصان کا سبب بنتا تھا۔ذرائع نے بتایا ہے کہ طورخم بارڈر کی بندش سے ایک ماہ میں افغانستان کو 45 ملین ڈالر کا نقصان ہوا، چند ہفتوں میں افغانستان کیلئے تمام سرحدوں کا مجموعی نقصان 200 ملین ڈالر سے تجاوز کر گیا، 5000 سے زائد ٹرک پھنسے اور افغان فصلیں و پھل جو پاکستان میں منڈی کے انتظار میں تھے وہ یا تو خراب ہوگئے یا پھر انہیں افغانستان میں ہی انتہائی کم قیمت پر فروخت کرنا پڑا۔

بقیہ 31

میانوالی میں سکیورٹی انتظامات، قیدیوں کی رہائش، صفائی اور دیگر امور کو چیک کیا اور جیل ہسپتال، کچن، ریفریجریٹری، بیرکس اور موٹر ورکشاپ سمیت دیگر مختلف شعبوں کی صورتحال کا جائزہ لیکر افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔انہوں نے قیدیوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے اور جیل انتظامیہ کو قیدیوں کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئیکہا کہ قیدیوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا جیل انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔انہوں نے ٹیوٹا کی کلاسز، ووکیشنل ٹریننگ، اور قیدیوں کی اصلاحی سرگرمیوں کا مختصر جائزہ لیا اور عملہ کی کارکردگی بہتر بنانے، سکیورٹی مزید موثر کرنے اور مشینری کو اپ گریڈ کرنے کے احکامات جاری کیے۔

بقیہ 32

تھے اور انتخابی سامان کی ترسیل کی نگرانی ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر، ریٹرننگ افسران، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ افسر اور الیکشن کمیشن کے افسران کی زیرنگرانی کی گئی۔انہوں نے کہا کہ انتخابی سامان کی ترسیل کے لیے خاطر خواہ تعداد میں ٹرانسپورٹ کا بندوبست کیا گیا تھا، اور تمام پریزائڈنگ افسران کو انتخابی سامان کے ساتھ سکیورٹی اہلکاروں کی موجودگی میں متعلقہ پولنگ اسٹیشنز تک پہنچایا گیا تھا۔ترجمان نے مزید کہا کہ نجی ٹی وی چینل پر چلنے والی خبر سراسر جھوٹ اور پروپگینڈا پر مبنی تھی۔چینل پر دکھائی جانے والی تصاویر غیر واضح اور حقیقت سے عاری تھیں، جو عوام کو گمراہ کرنے کے لیے نشر کی گئیں۔صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب نے میڈیا سے گزارش کی ہے کہ کسی بھی خبر کو بغیر تصدیق کیے نشر نہ کیا جائے اور عوام کی درست آگاہی کے لیے صرف مستند اطلاعات پر انحصار کیا جائے۔

بقیہ 33

بھی کی جا رہی ہے۔سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ کھلی جگہوں پر آگ جلانے پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، ایس او پیز کی خلاف ورزی پر روزانہ جرمانے کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ صوبے بھر میں اسموگ ایمرجنسی اسکواڈز 24/7 فیلڈ میں الرٹ ہے، ٹریفک پولیس کی خصوصی اینٹی اسموگ ڈیوٹیاں بڑھا دی گئی ہیں، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 34

آغاز ہوا ہے۔پاکستان کی نویں سب میرین کیبل SeaMeWe-6 کی پاکستانی ساحل پر لینڈنگ ٹیلی کام کے شعبہ میں تاریخی اقدام قرار دیا جا رہا ہے۔21 ہزار کلومیٹر طویل نویں سب میرین کیبل فرانس سے سنگاپور جاتی ہے اور پاکستان کیلئے 40 فیصد اضافی انٹرنیٹ صلاحیت کی حامل ہے۔گزشتہ ایک سال میں پاکستان میں 2 نئی ٹی ڈبلیو اے اور 1 پی ٹی سی ایل کی کیبل بھی شامل ہوئی ہے۔ملک میں مجموعی طور پر 6 سب میرین کیبلز پہلے سے فعال، مزید 3 نئی کیبلز کی شمولیت خوش آئند اقدام ہے۔آئی ٹی و ٹیلی کام کے شعبہ میں جدت کیلئے ٹرانس ورلڈ کی جانب سے ابتدائی طور پر مزید 4 ٹیرا بائٹ فی سیکنڈ اضافی صلاحیت شامل کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔

بقیہ 35

کی بندش سے افغان معیشت پر منفی اثرات نمایاں ہو رہے ہیں جس پر افغان عوام نے شدید ردعمل دیا ہے۔افغان نشریاتی ادارہ آمو ٹی وی کے مطابق پاکستان سے سرحدی بندش سے افغانستان میں بنیادی اشیاء کی قیمتیں غیر معمولی حد تک بڑھ گئیں۔افغان حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے افغان عوام نے کہا کہ قیمتوں میں اضافہ عام لوگوں کیلئے ناقابل برداشت ہوگیا ہے، بنیادی غذائی اشیاء اب عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہیں، غریب کیسے گزارا کرے؟ افغان چیمبر آف کامرس کے مطابق ہر ماہ سرحد کی بندش سے تقریباً 200 ملین ڈالر کا نقصان ہوسکتا ہے، پاکستان پر تجارتی انحصار کی بدولت سرحدی بندش سے افغانستان کو سب سے زیادہ نقصان ہو رہا ہے۔ماہرین کے مطابق خوراک اور ایندھن کی بڑھتی قیمتیں سردیوں کے دوران افغان عوام کی زندگی مزید مشکل بنا سکتی ہیں، اگر پاک افغان سرحد جلد نہیں کھلی تو انسانی اور اقتصادی نقصان میں اضافہ ہوگا۔قابض افغان طالبان کی ہٹ دھرمی نے افغانستان کو شدید اقتصادی بحران کی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔

بقیہ 36

کسانوں نے بتایا کہ یہ ریٹ مقرر کرنا کسانوں کا معاشی قتل ہے۔ دریں اثناء ضلع سجاول میں قائم تینوں شوگر ملیں تاحال بند ہیں جس کی وجہ سے گنے کے کاشتکاروں کو سخت پریشانی کا سامنا ہے۔

بقیہ 37

نے مختصر مدت میں جس رفتار سے ترقیاتی منصوبے شروع کیے ہیں، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پنجاب حقیقی معنوں میں تعمیر و ترقی کے نئے دور میں داخل ہو چکا ہے۔انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ علاقائی سطح پر سڑکوں کی تعمیر، صاف پانی کے منصوبے، اسکولوں کی بہتری، ہسپتالوں میں سہولیات میں اضافہ اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے وزیراعلیٰ کی خصوصی دلچسپی نہ صرف قابلِ تعریف ہے بلکہ عوام میں نئی امید بھی پیدا کر رہی ہے۔چودھری شہزاد نذیر سندھو نے واضح کیا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور مریم نواز کی قیادت میں پنجاب ترقی کا وہ راستہ اختیار کر چکا ہے جو آنے والی نسلوں کے لیے بہتر مستقبل کی ضمانت بنے گا۔انہوں نے کہا کہ وہ اور ان کی پوری ٹیم وزیراعلیٰ کے ویژن کی مکمل حمایت کرتی ہے اور علاقے کی مزید بہتری کے لیے ہر سطح پر کردار ادا کرتی رہے گی۔

کونسل تحت پڑی کی ملک برادری نے پاکستان نظریاتی پارٹی میں شمولیت کا اعلان کردیا

اس سلسلے میں گزشتہ روز ایک خصوصی تقریب ملک عمران کی صدارت میں منعقد کی گئی

راولپنڈی (نمائندہ شمال) کونسل تحت پڑی کی ملک برادری نے پاکستان نظریاتی پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر دیا اس سلسلے میں گزشتہ روز ایک خصوصی تقریب ملک عمران کی صدارت میں منعقد کی گئی مختلف خاندانوں کے سربراہان نے اپنی برادریوں سمیت پی این پی شمولیت کا اعلان کیا جن میں ملک عثمان، ملک حارث بلال، ملک وسیم، ملک شوکت، راجہ اشتیاق، چوہدری اسد، ملک ارسلان و دیگر شامل ہیں تقریب میں سابق چیئرمین مرحوم ملک عنایت کی خدمات کا اعتراف کیا گیا اور ان کی سماجی جدوجہد، تنظیمی خدمات اور نظریاتی وابستگی پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔شرکا نے مرحوم ملک عنایت کو ایک باکردار، محنتی اور نظریاتی رہنما قرار دیتے ہوئے کہا کہ تنظیم کے لیے ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔شمولیتی تقریب میں پاکستان نظریاتی پارٹی کے سربراہ شہیر حیدر سیالوی، پارٹی چیئرمین شہزاد ملک الیاس، ملک جان، ملک حارث، ملک مدثر، ملک شفیق، ملک جاوید، ملک زبیر، ملک شہزاد، ملک سجاد، ملک افضال، چوہدری ناصر اور بلال خان مرکزی جنرل سیکریٹری فیضان اسلم لنگریال، جنرل جائنٹ سیکریٹری عابد الطاف بٹ، حیدر علی قریشی سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی تقریب میں ملکی سیاسی صورتحال، بین الاقوامی معاملات اور تنظیمی امور پر بھی مشاورت کی گئی۔یونین کونسل تحت پڑی یونٹ کے ارکان ملک حذیفہ (پپی چٹھہ)، ماول خان، بندہ اور رات، ندیم رانجھا، صابر خان، ملک شہزاد، امجد محمود، چوہدری شہریار، امجد اسفند، ملک سوز، مدثر خان، ساجد خان، بلال بوچہ، ملک فاروق، ملک اورنگزیب سمیت مختلف اضلاع اور تحصیلوں کے نمائندے بھی اس موقع پر موجود تھے

وی سی کے ایم یو پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الحق کم عمر ترین ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایچ ای سی مقرر خیبر پختونخوا نے ایک تاریخی لمحہ حاصل کیا

یہ باوقار تقرری ان کی غیر معمولی قیادت، شاندار تعلیمی شراکت اور ممتاز تحقیقی کامیابیوں کے اعتراف میں کی گئی

پشاور (اشتیاق نور خان سے) وی سی کے ایم یو پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الحق کم عمر ترین ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایچ ای سی مقرر خیبر پختونخوا نے ایک تاریخی لمحہ حاصل کیا ہے کیونکہ معروف ماہر تعلیم اور صحت عامہ کے ماہر پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الحق، خیبر میڈیکل یونیورسٹی (KMU) پشاور کے وائس چانسلر کو ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) اسلام آباد کا ایگزیکٹو ڈائریکٹر مقرر کیا گیا ہے۔یہ باوقار تقرری ان کی غیر معمولی قیادت، شاندار تعلیمی شراکت اور ممتاز تحقیقی کامیابیوں کے اعتراف میں کی گئی ہے۔پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الحق نہ صرف اس اہم قومی عہدے پر فائز ہونے والے سب سے کم عمر پاکستانی ماہر تعلیم ہیں بلکہ خیبر پختونخوا کے پہلے اسکالر بھی ہیں جنہیں یہ اہم ذمہ داری سونپی گئی ہے، یہ ایک ایسا اعزاز ہے جس نے صوبے اور ملک بھر کی تعلیمی برادری دونوں کے لیے فخر کا باعث بنا ہے۔اپر دیر کے دور افتادہ اور پسماندہ ضلع سے تعلق رکھنے والے پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الحق نے معزز خیبر میڈیکل کالج پشاور سے ایم بی بی ایس مکمل کیا، اس کے بعد برطانیہ کی ممتاز یونیورسٹی آف گلاسگو سے پبلک ہیلتھ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔وہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی جانب سے قائم کردہ ہائر ایجوکیشن ٹاسک فورس کے کنوینر کے طور پر بھی کام کر چکے ہیں۔وائس چانسلر کے طور پر اپنے چار سالہ دور میں، کے ایم یو نے گورننس، مالی استحکام، تعلیمی معیار اور تحقیقی پیداوار میں نمایاں پیش رفت دیکھی۔قومی اور بین الاقوامی جرائد میں 105 اشاعتوں کے ساتھ ایک ممتاز محقق، اس نے عالمی اداروں سے مسابقتی تحقیقی فنڈز میں 5 PKR بلین سے زیادہ حاصل کیے ہیں۔اس سال کے شروع میں صدر پاکستان نے انہیں ان کی علمی اور تحقیقی کارکردگی کے اعتراف میں ستارہ امتیاز سے نوازا۔پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الحق نے KMU کو صوبے کی پہلی پیپر لیس یونیورسٹی میں تبدیل کر دیا، جدید ای فائلنگ اور ای امتحانی نظام متعارف کرایا۔ان کی قیادت میں، پاکستان کی پہلی پبلک ہیلتھ ریفرنس لیبارٹری نے وبائی امراض کے دوران کامیابی سے تقریباً 20 لاکھ COVID-19 ٹیسٹ کیے۔گزشتہ چار سالوں میں، KMU نے خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں 10 دور دراز کیمپس قائم کر کے اپنی رسائی کو بڑھایا۔ان کی نگرانی میں انسٹی ٹیوٹ آف فارماسیوٹیکل سائنسز، انسٹی ٹیوٹ آف پبلک مینٹل ہیلتھ اینڈ بیہیویورل سائنسز اور انسٹی ٹیوٹ آف پیتھالوجی اینڈ ڈائیگنوسٹک میڈیسن سمیت کئی اہم تعلیمی ادارے بھی شروع کیے گئے۔کسی بھی یونیورسٹی کے تحت صوبے کا پہلا سپیشلائزڈ ٹیچنگ ہسپتال ان کی قیادت میں مکمل ہوا۔مزید برآں، KMU نے حال ہی میں 000,40 سے زائد امیدواروں کے لیے MD-CAT 2025 کے امتحان کا انعقاد کیا، جس نے ریکارڈ 12 گھنٹے کے اندر منصفانہ اور شفاف نتائج پیش کیے، PMDC اور متعلقہ قومی اداروں کی جانب سے بڑے پیمانے پر پذیرائی حاصل کی۔ماہرین تعلیم، فیکلٹی ممبران، طلباء اور پاکستان بھر میں اعلیٰ تعلیم کے اسٹیک ہولڈرز نے ان کی بطور ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایچ ای سی تقرری کا پرتپاک خیر مقدم کیا ہے۔انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الحق ملک کے اعلیٰ تعلیم کے شعبے کو آگے بڑھانے، مالیاتی اور انتظامی چیلنجوں سے نمٹنے اور ملک بھر میں تدریس، تحقیق اور اختراعات کو فروغ دینے میں ایک متحرک اور فیصلہ کن کردار ادا کریں گے۔

سابق فاٹا (ضم شدہ اضلاع) کا مالیاتی انضمام قابل تقسیم پول میں شامل کیا جائے

اس اقدام سے بوجھ صوبوں پر منتقل ہوگا اور وفاقی حکومت کو ریلیف ملے گا

پشاور (اشتیاق خان سے) سابق فاٹا (ضم شدہ اضلاع) کا مالیاتی انضمام قابل تقسیم پول میں شامل کیا جائے۔اس اقدام سے بوجھ صوبوں پر منتقل ہوگا اور وفاقی حکومت کو ریلیف ملے گا۔مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلمصوبوں کے درمیان افقی تقسیم (آبادی، ریونیو، غربت اور ریورس آبادی کثافت) کو بہتر یا از سر نو تشکیل دیا جائے۔مشیر خزانہ مزمل اسلمسان ڈویژنل پول میں شامل وسائل کا دوبارہ جائزہ لیا جائے۔جنہیں وفاق بطور سبسڈیز بغیر کسی معیار کے صوبوں کو منتقل کرتا ہے۔مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے خزانہ مزمل اسلم نے گیارویں این ایف سی پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ سابق فاٹا (ضم شدہ اضلاع) کا مالیاتی انضمام ڈویژ ایبل پول میں شامل کیا جائے جبکہ اس وقت ضم شدہ اضلاع کو وفاقی حکومت کی جانب سے خصوصی گرانٹس ملتی ہیں اور اس اقدام سے بوجھ صوبوں پر منتقل ہوگا اور وفاقی حکومت کو ریلیف ملے گا۔ان خیالات کا اظہار مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے گزشتہ روز اپنے دفتر سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کیا۔مزمل اسلم نے کہا کہ چھوٹے صوبوں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے تحفظات دور ہونے کی امید ہے اور صوبوں کے درمیان افقی تقسیم (آبادی، ریونیو، غربت اور ریورس آبادی کثافت) کو بہتر یا از سر نو تشکیل دیا جائے۔مزمل اسلم نے کہا کہ نئے افقی عوامل موسمیاتی تبدیلی، آبی وسائل، آبادی پر قابو، صوبائی سطح پر ریونیو اکٹھا کرنا اور ہیومن ڈویلپمنٹ انڈیکس جیسے چیزیں شامل ہونی چاہیے۔مشیر خزانہ خیبر پختونخوا نے کہا کہ نان ڈویژ ایبل پول میں شامل وسائل کا دوبارہ جائزہ لیا جائے جنہیں وفاق بغیر کسی معیار کے سبسڈیز کی صورت میں صوبوں کو منتقل کرتا ہے اس میں چھوٹے صوبوں کو بڑے صوبوں کی نسبت کم حصہ ملتا ہے۔مشیر خزانہ خیبر پختونخوا نے کہا کہ وہ اخراجات جو وفاق کے ذمے نہیں بنتے لیکن وہ اٹھا رہا ہے، انہیں مکمل طور پر صوبوں کو منتقل کیا جائے۔اور ریونیو ٹو جی ڈی پی اور خاص طور پر ٹیکس ٹو جی ڈی پی میں بہتری کے لیے نئے ذرائع کی نشاندہی کی جائے۔مزمل اسلم نے کہا کہ پی ایف سی پر سنجیدہ بحث اور موجودہ حیثیت کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے مقامی حکومتوں پر موجودہ اخراجات صوبائی بجٹ میں بالادست ہیں کم از کم خیبر پختونخوا میں تو ایسے ہیں مگر ترقیاتی پہلو مکمل طور پر ہم آہنگ نہیں۔مزمل اسلم نے کہا کہ پی ایف سی کے اپنے ذرائع آمدن (پراپرٹی، میونسپل اور ایکسائز ٹیکس) صوبائی ہیڈ کوارٹرز (کراچی، لاہور اور پشاور) سے آگے تقریباً نظرانداز ہیں۔یہ تمام صوبوں اور نتیجتاً مقامی حکومتوں کے لیے گیم چینجر ثابت ہو سکتے ہیں۔مشیر خزانہ خیبر پختونخوا نے کہا کہ وفاقی اخراجات کی تنظیم نو اور منطقی تشکیل، جو وفاقی حکومت کی مالیاتی نظم وضبط کے لیے چیلنج بنے ہوئے ہیں۔آئی ایم ایف کی حالیہ کرپشن ڈائیگنوسٹک رپورٹ میں نشاندہی کردہ مالی بے ضابطگیاں دور کرنے سے وفاق کو اضافی وسائل مل سکتے ہیں بجائے اس کے کہ 5.57، 5.41، 5 اور 1 فیصد عمودی تقسیم کو چھیڑا جائے۔مزمل اسلم نے کہا کہ صوبہ وار آبادی کا آزادانہ آڈٹ کیا جائے ان سب کے علاوہ مزید نکات بھی شامل ہو سکتے ہیں۔اہم بات یہ ہے کہ پسماندہ علاقوں کو باقی پاکستان کے برابر لایا جائے۔بے ضابطگیاں دور کی جائیں اور وفاقی اخراجات کے دباؤ میں کمی لائی جائے۔اس کے لیے ڈیٹا پر مبنی نقطہ نظر اپنانا ضروری ہے۔

پنجاب میں جنوری تا جون 2025 کے دوران بچوں پر تشدد کے 4 ہزار 150 سے زائد واقعات رپورٹ، سزا کی شرح 1 فیصد سے بھی کم رہی

چھ ماہ میں روزانہ اوسطاً 23 بچے تشدد کا شکار ہوئے، ایس ایس ڈی او نے فیکٹ شیٹ جاری کر دی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سسٹین ایبل سوشل ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن (SSDO) نے پنجاب میں جنوری تا جون 2025 کے دوران بچوں پر ہونے والے تشدد، بدسلوکی اور استحصال سے متعلق تازہ فیکٹ شیٹ جاری کر دی ہے، جس کے مطابق گزشتہ چھ ماہ میں روزانہ اوسطاً 23 بچوں پر تشدد کے واقعات پولیس کے پاس رپورٹ ہوئے۔یہ فیکٹ شیٹ پنجاب پولیس سے پنجاب ٹرانسپیرنسی اینڈ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013 کے تحت حاصل کردہ ضلعی سطح کے اعداد و شمار پر مبنی ہے۔ایس ایس ڈی او کے مطابق پنجاب بھر میں اس عرصے کے دوران بچوں سے متعلق 4 ہزار 150 مقدمات درج ہوئے، جن میں سے 3 ہزار 989 کیسز چالان ہوئے جبکہ 3 ہزار 791 تاحال زیر سماعت ہیں، جو عدالتی تاخیر اور کمزور نظام انصاف کی نشاندہی کرتے ہیں۔تنظیم کے مطابق گزشتہ ایک سال میں پنجاب حکومت نے رپورٹنگ کے نظام میں بہتری لائی ہے، جس سے کیسز کے اندراج میں اضافہ ہوا ہے، تاہم سزا کی انتہائی کم شرح باعثِ تشویش ہے۔اعداد و شمار کے مطابق چھ ماہ کے دوران صرف 12 مقدمات میں سزا سنائی گئی، جو کہ مجموعی کیسز کا نہایت کم تناسب ہے اور تفتیش، شواہد کے حصول، متاثرہ بچوں کی معاونت اور استغاثہ کے مراحل میں سنگین خامیوں کی جانب اشارہ کرتا ہے۔جنسی استحصال کے 717 واقعات رپورٹ ہوئے، جن میں سے 658 چالان ہوئے اور 581 مقدمات عدالتوں میں زیر سماعت ہیں۔اس سنگین نوعیت کے جرم میں ایک بھی سزا نہیں ہو سکی جبکہ 12 مقدمات میں بریت اور 8 میں درخواستیں واپس لی گئیں۔چائلڈ بیگری (بچوں سے بھیک منگوانا) سب سے زیادہ رپورٹ ہونے والا جرم رہا، جس کے 2 ہزار 693 کیسز درج ہوئے۔ان میں سے 2 ہزار 674 چالان ہوئے اور 2 ہزار 669 تاحال زیر سماعت ہیں، مگر ایک بھی مقدمے میں سزا نہیں ہو سکی۔دیگر اقسام میں چائلڈ ٹریفکنگ کے 332 کیسز سامنے آئے جن میں 4 ملزمان کو سزا ہوئی، جبکہ چائلڈ لیبر کے 182 کیسز میں 8 سزائیں سنائی گئیں۔اس کے برعکس جسمانی ہراساں کے (87 کیسز) اور اغوا (27 کیسز) کے مقدمات میں بھی کوئی سزا نہ ہو سکی۔چائلڈ میرج انتہائی کم رپورٹ ہونے والا جرم رہا، جہاں صرف 12 کیسز سامنے آئے اور کسی بھی مقدمے میں سزا یا بریت نہیں ہوئی، جو معاشرتی، ثقافتی اور قانونی رکاوٹوں کو نمایاں کرتا ہے۔ضلعی سطح پر لاہور، گوجرانوالہ، فیصل آباد، راولپنڈی اور سیالکوٹ بچوں پر تشدد اور استحصال کے نمایاں ہاٹ سپاٹس کے طور پر سامنے آئے ہیں۔لاہور میں جنسی استحصال، چائلڈ بیگری اور ٹریفکنگ کے سب سے زیادہ مقدمات رپورٹ ہوئے، جبکہ ننکانہ صاحب، گجرات اور منڈی بہاؤالدین میں ٹریفکنگ کی بلند شرح دیکھی گئی۔ایس ایس ڈی او کے مطابق مجموعی صورتحال واضح کرتی ہے کہ پنجاب میں بچوں کے تحفظ کے نظام میں شدید خامیاں موجود ہیں، سزا کی انتہائی کم شرح، ہزاروں زیر سماعت مقدمات اور چائلڈ میرج جیسے حساس جرائم کی بدستور کم رپورٹنگ۔تنظیم نے تفتیشی صلاحیت بڑھانے، فوری ٹرائلز، بین الادارہ جاتی تعاون، چائلڈ پروٹیکشن یونٹس کے دائرہ کار میں توسیع اور کمیونٹی سطح پر آگاہی مہمات پر فوری عملدرآمد کی سفارش کی ہے

پاکستان نظریاتی پارٹی اپنے منشور کی بنیاد پر آمدہ الیکشن میں کامیابی حاصل کرے گی۔شہیر حیدر ملک سیالوی

یونین کونسل تحت پڑی کی ملک برادری نے پاکستان نظریاتی پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر دیا

رواٹ (ملک قیصر اعوان نمائندہ پنڈی ٹو ڈے) یونین کونسل تحت پڑی کی ملک برادری نے پاکستان نظریاتی پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر دیا اس سلسلے میں گزشتہ روز ایک خصوصی تقریب ملک عمران کی صدارت میں منعقد کی گئی مختلف خاندانوں کے سربراہان نے اپنی برادریوں سمیت پی این پی شمولیت کا اعلان کیا جن میں ملک عثمان، ملک حارث بلال، ملک وسیم، ملک شوکت، راجہ اشتیاق، چوہدری اسد، ملک ارسلان و دیگر شامل ہیں تقریب میں سابق چیئرمین مرحوم ملک عنایت کی خدمات کا اعتراف کیا گیا اور ان کی سماجی جدوجہد، تنظیمی خدمات اور نظریاتی وابستگی پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔شرکا نے مرحوم ملک عنایت کو ایک باکردار، محنتی اور نظریاتی رہنما قرار دیتے ہوئے کہا کہ تنظیم کے لیے ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔شمولیتی تقریب میں پاکستان نظریاتی پارٹی کے سربراہ شہیر حیدر سیالوی، پارٹی چیئرمین شہزاد ملک الیاس، ملک جان، ملک حارث، ملک مدثر، ملک شفیق، ملک جاوید، ملک زبیر، ملک شہزاد، ملک سجاد، ملک افضال، چوہدری ناصر اور بلال خان مرکزی جنرل سیکریٹری فیضان اسلم لنگریال، جنرل جائنٹ سیکریٹری عابد الطاف بٹ، حیدر علی قریشی سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی تقریب میں ملکی سیاسی صورتحال، بین الاقوامی معاملات اور تنظیمی امور پر بھی مشاورت کی گئی۔یونین کونسل تحت پڑی یونٹ کے ارکان ملک حذیفہ (پپی چٹھہ)، ماول خان، بندہ اور رات، ندیم رانجھا، صابر خان، ملک شہزاد، امجد محمود، چوہدری شہریار، امجد اسفند، ملک سوز، مدثر خان، ساجد خان، بلال بوچہ، ملک فاروق، ملک اورنگزیب سمیت مختلف اضلاع اور تحصیلوں کے نمائندے بھی اس موقع پر موجود تھے اس موقع پر نمائندہ پنڈی ٹوڈے سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے شہیر حیدر ملک کا کہنا تھا کہ آج کا یوسی تحت پڑی کا یہ جلسہ آمدہ الیکشن میں ایک تازہ ہوا کا جھونکا ثابت ہوگا اور پی این پی ہر حلقے سے اپنا امیدوار کھڑا کرے گی

تاجر برادری کی خدمت کا جذبہ لے کر میدان میں اترے ہیں: محمد رمضان چوہانہ

ہمارا مقصد محض کامیابی نہیں انجمن تاجران کو مضبوط اور فعال بنانا ہے: چوہدری اجمل عباس گجر

سکھو (محمد فرقان قریشی) تاجر برادری کی فلاح و بہبود کا عزم لے کر نکلے ہیں، تاجر برادری نے ہم پر اعتماد کیا تو کاروباری مسائل کا حل، انتظامیہ سے رابطہ، مارکیٹس میں سیکورٹی، صفائی اور دیگر سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہوں گی، ان خیالات کا اظہار انجمن تاجران سکھو موڑ کے پہلے انتخابات کے سلسلہ میں محافظ گروپ کے نامزد امیدوار برائے صدر محمد رمضان چوہان، امیدوار برائے جنرل سیکرٹری چوہدری اجمل عباس گجر اور امیدوار برائے سیکرٹری فنانس چوہدری صغیر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا، انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں تاجر برادری کو ایسا پلیٹ فارم مہیا کریں جو ان کی آواز بنے جو مشکل وقت میں ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہو، ہم انجمن تاجران سکھو کو سیاست سے پاک اور خدمت پر مبنی بنائیں گے، نامزد امیدواران کا کہنا تھا کہ ہم امید کرتے ہیں کہ 29 نومبر کو تاجر برادری شعور، اتحاد پسند اور عملی سوچ رکھنے والی قیادت کا انتخاب کر کے سکھو موڑ کے مقام پر ایک تاریخ رقم کریں گے

پشاور فرنٹیئر کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹر دھماکہ

افسوسناک دھماکے کے بعد ڈپٹی کمشنر پشاور کیپٹن (ر) ثناء اللہ خان نے لیڈی ریڈنگ ہسپتال کا دورہ کیا

اشتیاق خان سے) پشاور میں فرنٹیئر کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹر پر ہونے والے افسوسناک دھماکے کے بعد ڈپٹی کمشنر پشاور کیپٹن (ر) ثناء اللہ خان نے لیڈی ریڈنگ ہسپتال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی۔اس موقع پر انہوں نے ہسپتال انتظامیہ سے ملاقات کی اور زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہدایات جاری کیں۔ڈپٹی کمشنر پشاور کے مطابق ضلعی انتظامیہ پشاور زخمیوں اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو ہر ممکن بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔۔

پاکستان اوورسیز الائنس فورم یورپ نے سکاٹ لینڈ کے عہدیداروں کا اعلان کر دیا

سینئر نائب صدر سردار محمد افضل سہیل راجہ عابد حسین نائب صدر اور شمشاد اللہ رسول چیف آرگنائزر ہونگے

راولپنڈی (ملک نعیم اختر) پاکستان اوورسیز الائنس فورم یورپ نے سکاٹ لینڈ کے عہدیداروں کا اعلان کر دیا۔پی او اے ایف یورپ کے مطابق سکاٹ لینڈ سے صدر چوہدری امجد نعیم جٹ۔سینئر نائب صدر سردار محمد افضل سہیل راجہ عابد حسین نائب صدر اور شمشاد اللہ رسول چیف آرگنائزر ہونگے۔اس اعلان سے سکاٹ لینڈ میں موجود اوورسیز پاکستانیوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی امجد نعیم جٹ نے میڈیا سے وڈیو لنک پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا مرکزی الائنس اور اوورسیز نے ہم پر اعتماد کا اظہار کیا اس میں ہم کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرونگا اوورسیز پاکستا کو آئر پورٹس پر درپیش مسائل۔پراپرٹی اور جو عدالتی مسائل درپیش ہیں انھیں ہم ترجیحی بنیادوں پر حل کروائے گئے اوورسیز کو ہر طرح ریلیف دلائے گے اوورسیز پاکستانی اپنے آپ کو تنہا نہ سمجھے

ضمنی انتخابات میں ن لیگ کی شاندار کامیابی

نتائج مریم شہباز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف کی عوام دوست پالیسیوں کا ثبوت ہیں۔ممبر پنجاب اسمبلی تحسین فواد

راولپنڈی (سردار آفتاب اقبال) ممبر پنجاب اسمبلی محترمہ تحسین فواد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ ضمنی انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ ن کی واضح کامیابی عوام نے صوبائی و وفاقی حکومت کی کارکردگی پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا عوام نے جس اعتماد کے ساتھ ن لیگ کے امیدواروں کا انتخاب کیا ہے، وہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اصلاحاتی پالیسیوں اور عوامی ریلیف پروگراموں پر اعتماد کا اظہار ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں صحت، تعلیم اور مہنگائی میں کمی کے اقدامات نے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا ہے معاشی بہتری، توانائی کے شعبے میں بہتری اور انتظامی اصلاحات نے عوام کو امید دلائی ہے۔تحسین فواد نے کہا کہ ضمنی انتخابات کے نتائج اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ عوام کارکردگی دیکھ کر فیصلہ کرتے ہیں اور ن لیگ ہی ملک کو استحکام دے سکتی ہے۔

جدید زرعی تحقیق، نئی تکنیکی جدت اور کسان دوست پالیسیوں کے فروغ کے بغیر خطے کی زرعی ترقی ممکن نہیں

معیاری بیج، زرعی آلات اور فصلوں کی جدید پیداوار ٹیکنالوجی سے متعلق عملی رہنمائی فراہم کی جائے گی

ڈیرہ اسماعیل خان (حسنین قریشی) وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی ڈیرہ پروفیسر ڈاکٹر شکیب اللہ نے کہا ہے کہ جدید زرعی تحقیق، نئی تکنیکی جدت اور کسان دوست پالیسیوں کے فروغ کے بغیر خطے کی زرعی ترقی ممکن نہیں۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی میں تحقیقی لیبارٹریوں کی بہتری، فیکلٹی ڈویلپمنٹ، سمارٹ فارمنگ ٹیکنالوجیز اور جدید تجرباتی فارموں کے قیام پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تا کہ طلبہ اور کسانوں دونوں کو بہترین سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ڈاکٹر شکیب اللہ نے بتایا کہ یونیورسٹی ایسے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جن کے تحت کاشتکاروں کو موسمیاتی تبدیلی، پانی کے موثر استعمال، معیاری بیج، زرعی آلات اور فصلوں کی جدید پیداوار ٹیکنالوجی سے متعلق عملی رہنمائی فراہم کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کا مقصد تحقیق کو زمین پر منتقل کر کے کسانوں کی عملی پیداوار میں اضافہ کرنا ہے۔وائس چانسلر نے مزید کہا کہ تحقیق اور تدریس کے ساتھ صنعتی اداروں اور تحقیقی تنظیموں کے ساتھ اشتراک کو بھی بڑھایا جا رہا ہے تا کہ طلبہ کو روزگار اور عملی تربیت کے مزید مواقع فراہم کیے جا سکیں۔انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ یونیورسٹی جلد جنوبی خیبر پختونخوا کے زرعی شعبے میں نئی راہیں متعارف کرواتے ہوئے ملک کی نمایاں زرعی جامعات میں اپنا مقام مضبوط کرے گی۔

ضلع ڈیرہ اسماعیل خان پولیس کی ڈکیتی و چوری کی وارداتوں کیخلاف بڑی کامیابیاں

متعدد وارداتوں میں ملوث بین الصوبائی گروہ و خاتون ڈکیت سمیت 14 ملزمان گرفتار

ڈیرہ اسماعیل خان (حسنین قریشی) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان پولیس کی ڈکیتی و چوری کی وارداتوں کیخلاف بڑی کامیابیاں، متعدد وارداتوں میں ملوث بین الصوبائی گروہ و خاتون ڈکیت سمیت 14 ملزمان گرفتار، چار گاڑیاں، 25 عدد موٹر سائیکل اور 12 موبائل فونز اور 40 ہزار نقد رقم برآمد، عوام کی جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائیں گے، چوروں اور ڈکیتی کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے، ڈی پی او سجاد احمد صاحبزادہ کی پریس کانفرنس۔تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈیرہ سجاد احمد صاحبزادہ نے کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ متعدد وارداتوں میں ملوث بین الصوبائی کارندوں سمیت 14 ڈکیت گرفتار کر لئے گئے۔گرفتار ملزمان میں 1 خاتون ڈکیت بھی شامل ہے۔گرفتار بین الصوبائی گروہ پنجاب پولیس کو چوری و ڈکیتی کے 17 مقدمات میں مطلوب ہے۔گرفتار ملزمان سے مجموعی طور پر اسلحہ کی نوک پر چھینے گئے، سرقہ شدہ 4 عدد گاڑیاں، 25 عدد موٹر سائیکلیں اور 12 عدد موبائل فونز، 1 عدد پسٹل معہ ایمونیشن برآمد ہوئے۔اسی طرح ایس پی سٹی ڈویژن علی حمزہ بٹ نے ہمراہ ڈی ایس پی سٹی سرکل حافظ محمد عدنان نے موٹر سائیکل چوری و ڈکیتی میں ملوث ملزمان کیخلاف کامیابی حاصل کی متعدد وارداتوں میں ملوث تین رکنی گروہ اختر محمد ولد محمد اسلم خان قوم سلیمان خیل سکنہ ٹانک، گلاب خان ولد سدوزئی قوم سلیمان خیل سکنہ ٹانک روڈ اور عارف ولد سعید احمد قوم ممی خیل سکنہ بلوچ آباد کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے و سرقہ شدہ 17 عدد موٹر سائیکل ہنڈا 125 اور 2 عدد 70 سی سی موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ڈی پی او ڈیرہ سجاد احمد صاحبزادہ نے پریس کانفرنس کے آخر میں عوام الناس کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائیں گے۔چوروں اور ڈکیتی کے رحم و کرم پر عوام کو نہیں چھوڑ سکتے۔ضلع ڈیرہ پولیس کی جرائم کی بیخ کنی کیلئے شب و روز مصروف عمل ہے۔

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کا بڑا ایکشن

سرکاری زمین پر قبضہ گروپس کے خلاف فیصلہ کن آپریشن کا اعلان



چکوال (بیورو چیف ملک حسن فردوس) تفصیلات کے مطابق چکوال ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات نے واضح اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری اراضی پر قابض عناصر کے خلاف ضلع بھر میں ایک بھرپور اور فیصلہ کن آپریشن شروع کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ اراضی ریاست کی ملکیت ہے اور اس سے حاصل ہونے والا ریونیو عوامی بہبود کے منصوبوں پر خرچ ہونا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ چند افراد یا گروہوں کا سرکاری زمین پر قبضہ صرف حکومت ہی نہیں بلکہ پوری عوام کے حقوق پر ڈاکہ ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا ڈی سی سارہ حیات نے کہا کہ قبضہ مافیا جہاں بھی ہوگا، کارروائی ہوگی بی کسی قسم کا دباؤ، سفارش یا مزاحمت قبول نہیں کی جائے گی۔انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ سرکاری اراضی کی مکمل نشاندہی، ریکارڈ کی درستی اور فوری واگزاری کے لیے بلاتفریق کارروائی یقینی بنائی جائے

کاروباری شخصیت محمد پرویز مختصر علالت کے بعد اپنے خالق سے جا ملے

جہانگیر خان طاہر خیلی اور سابق نائب ناظم سٹی حاجی ملک خورشید خان سمیت کئی اہم شخصیات کی شرکت

حسن ابدال (رفیق قادری سے) کاروباری شخصیت محمد پرویز مختصر علالت کے بعد اپنے خالق سے جا ملے۔نماز جنازہ میں سابق امیدوار برائے حلقہ پی پی 2 جہانگیر خان طاہر خیلی اور سابق نائب ناظم سٹی حاجی ملک خورشید خان سمیت کئی اہم شخصیات کی شرکت۔تفصیلات کے مطابق محلہ غلام خان کے رہائشی برادران محمد اقبال اور محمد اعظم کے بھائی احمد شہزاد اور عمر شہزاد کے والد محمد پرویز کی نماز جنازہ میں شرکت اور دعائے مغفرت کرنے والوں میں مرکزی صدر انجمن تاجران چوہدری اظہر علی نائب صدر سید ہاشم علی علوی جنرل سیکرٹری شیخ محمد رفاقت۔چیئرمین پریس کلب حاجی محمد رفیق قادری۔صدر پاکستان عوامی تحریک حاجی عبدالحمید مغل، صدر انجمن تاجراں شاہ جھولن روڈ شکیل احمد خان۔صاحبزادہ محمد رضا طاہر۔صدر انجمن نوجوانان محلہ گڑھی اسد اقبال ترک۔لیبر لیڈر واپڈا یونین ملک محمد اشفاق اور مرغوب احمد مغل سمیت کثیر تعداد میں سول سوسائٹی سے لوگوں نے شرکت کی۔نماز جنازہ کے بعد مرحوم کو شہر کے قدیمی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

جلالپور جٹاں کی سرزمین پر دکھی انسانیت کی بے مثال خدمت کی نئی تاریخ رقم

الشفاء انٹرنیشنل ہسپتال راولپنڈی کے تعاون سے چار روزہ النور آئی ٹرسٹ فری کیمپ کا افتتاح

جلالپور جٹاں (ضامن عباس جعفری) جلالپور جٹاں کی سرزمین پر دکھی انسانیت کی بے مثال خدمت کی نئی تاریخ رقم، الشفاء انٹرنیشنل ہسپتال راولپنڈی کے تعاون سے چار روزہ النور آئی ٹرسٹ فری کیمپ کا افتتاح ڈپٹی کمشنر گجرات محترمہ نور العین قریشی نے نہایت باوقار انداز میں فیتہ کاٹ کر کر دیا سی سی او ہیلتھ ڈاکٹر عطاء معتنم، سی او میونسپل کمیٹی جلالپور جٹاں مرزا مشرف بیگ اور دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے افتتاحی تقریب میں پہنچنے پر بانی ٹرسٹ محمد رمضان دانش، صدر حاجی مرزا ریاض ابراہیم، جنرل سیکرٹری طاہر اکرام راٹھور اور ٹیم نے ڈی سی گجرات کا شاندار اور پُرجوش استقبال کیا اس موقع پر ماحول خدمتِ خلق کے عزم سے گونجتا رہا ڈی سی گجرات محترمہ نور العین قریشی نے گورنمنٹ عبدالحق کالج میں قائم فری آئی ہسپتال کے تمام شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا، جہاں پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے ضلعی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عرفان مغل سمیت دیگر منتظمین نے انہیں بریفنگ دی بریفنگ میں بتایا گیا کہ گزشتہ کئی برسوں سے لگنے والے فری آئی کیمپ میں سالانہ 30 سے 35 ہزار مریضوں کا مفت معائنہ کیا جاتا ہے مریضوں کو بالکل فری ادویات، نظر کی عینکیں، ٹیسٹ اور علاج فراہم کیا جاتا ہے آنکھوں کے آپریشن اور لینز کی فری تنصیب بھی کی جاتی ہے الشفاء انٹرنیشنل کی تقریباً 60 ماہر ڈاکٹروں، آپریشن تھیٹر ٹیم اور تکنیکی عملے پر مشتمل پروفیشنل ٹیم خدمات سرانجام دیتی ہے جو کہ پنجاب بھر میں اپنی مثال آپ ہے ڈپٹی کمشنر گجرات محترمہ نور العین قریشی نے النور آئی ٹرسٹ کی خدمات کو زبردست الفاظ میں سراہتے ہوئے کہا کہ اتنے بڑے پیمانے پر عوام کو بلا معاوضہ اعلیٰ معیار کی میڈیکل سہولیات فراہم کرنا حقیقی معنوں میں خدمت خلق اور دکھی انسانیت سے محبت کی روشن مثال ہے النور آئی ٹرسٹ اور الشفاء انٹرنیشنل کی مشترکہ کاوشیں ضلع گجرات کا فخر ہیں انہوں نے مزید کہا کہ کھاریاں، لالہ موسیٰ اور ضلع کے دیگر شہروں میں بھی ایسے کیمپوں کا انعقاد ہونا چاہیے تا کہ زیادہ سے زیادہ عوام مستفید ہو سکیں ڈی سی گجرات نے منتظمین کو بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ ضلع انتظامیہ ہر اُس کام کے ساتھ کھڑی ہے جس کا مقصد عوام کی خدمت اور سہولت ہو النور آئی ٹرسٹ کی کاوشیں قابلِ تقلید ہیں اور انہیں ہر فورم پر سراہا جائے گا

دفاع راجپوت پاکستان انٹرنیشنل نے ملک بھر میں رکنیت سازی کے حوالے سے مہم کا آگاہ کر دیا

جس میں خصوصا یوتھ کے حوالے سے مکمل طور پر عہدے اور زمہ داریاں دی جائیں گی

خبر شامل کرتے ہیں ہمارے نمائندے رانا اسد شبیر کی تفصیلات کے مطابق دفاع راجپوت پاکستان انٹرنیشنل نے ملک بھر میں رکنیت سازی کے حوالے سے مہم کا آگاہ کر دیا ہے جس میں خصوصا یوتھ کے حوالے سے مکمل طور پر عہدے اور زمہ داریاں دی جائیں گی اس سلسلہ میں مرکزی چیئرمین دفاع راجپوت پاکستان انٹرنیشنل انجینئر رانا صدیق شوکت کی قیادت میں کام کو اور مضبوطی سے کرنے کا عزم کیا ہے سوشل میڈیا پر راجپوت برادری کے حوالے سے راجپوت تاریخ پر بھی کام شروع کیا جائے گا سوشل میڈیا پر فیس بک پیجز ٹک ٹاک اور دوسرے مختلف پلیٹ فارم کو ایکٹو کیا جائے گا صوبائی میڈیا کوآرڈینیٹر دفاع راجپوت پاکستان انٹرنیشنل رانا اسد شبیر نے پنجاب کے مختلف علاقوں میں میڈیا کوآرڈینیٹر کے حوالے سے نوجوانوں کو اہم زمہ داریاں بھی دی گئی ہیں

علماء کرام کی ذمہ داریاں اور کردار ایک مصلح اور رہنما کی حیثیت سے بہت وسیع اور اہم ہیں

دستار فضیلت صرف ایک اعزاز نہیں، بلکہ علم دین کی تکمیل اور معاشرتی اصلاح کی عظیم ذمہ داری کا نشان ہے

(بیان۔مفتی سراج الحق سراج مدیر دارالافتاء مومن ٹون پشاور) علماء کرام کی ذمہ داریاں اور کردار ایک مصلح اور رہنما کی حیثیت سے بہت وسیع اور اہم ہیں۔دستار فضیلت صرف ایک اعزاز نہیں، بلکہ علم دین کی تکمیل اور معاشرتی اصلاح کی عظیم ذمہ داری کا نشان ہے۔علماء کا مقام و کردار دین کی تعلیم و ترویج: علماء کا بنیادی کردار قرآن و سنت کی تعلیمات کو عام کرنا اور لوگوں کے لیے دین کی تفہیم کو آسان بنانا ہے۔یہ دین کی صحیح تشریح اور عملی رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔معاشرتی رہنمائی اور اصلاح: علماء معاشرے کو نیکی کی طرف بلانے اور برائیوں سے روکنے کا فریضہ سرانجام دیتے ہیں۔وہ فتنوں اور باطل نظریات کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جاتے ہیں، جیسے قادیانیت، انکارِ حدیث، یا لادینیت۔وہ لوگوں کے بے چین ذہنوں کو مطمئن کرتے ہیں اور اخلاقی اقدار کو فروغ دیتے ہیں۔حکمت و بصیرت: انہیں دینی بصیرت (فقہ فی الدین) حاصل ہوتی ہے، جس کی بدولت وہ زندگی کے پیچیدہ مسائل میں شرعی حل فراہم کرتے ہیں۔وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راستے پر چلتے ہوئے بصیرت کے ساتھ اللہ کی طرف دعوت دیتے ہیں۔علم کی فضیلت: قرآن و حدیث میں علم والوں کے درجات کو بلند قرار دیا گیا ہے اور انہیں اللہ کی توحید پر گواہ بنایا گیا ہے۔علماء انبیاء کے وارث ہیں اور ان کا علم ان کی میراث ہے۔ایک عالم کی فضیلت ایک عابد سے زیادہ ہے۔دستار فضیلت کا مفہوم دستار فضیلت (عمامہ) اسلامی مدارس میں علوم دینیہ کی تکمیل کی ایک رسمی علامت ہے۔یہ اس بات کا اعتراف ہے کہ طالب علم نے علم میں مہارت حاصل کی ہے۔اب وہ دینی علوم کی امانت کا بوجھ اٹھانے کے اہل ہے۔یہ دستار دراصل طویل محنت اور ریاضت کا انعام ہے اور معاشرتی ذمہ داریوں کے آغاز کی علامت ہے۔ایک مصلح کا کردار ایک مصلح عالم دین کی ذمہ داری ہے کہ وہ مثبت اور حکیمانہ انداز میں اصلاح کرے۔عقائد کی درستی کرے اور باطل فرقوں کا رد نہایت حکمت سے کرے۔صحابہ کرام اور بزرگانِ دین کے فضائل اور سیرت بیان کر کے لوگوں کے دلوں میں عقیدت اور محبت پیدا کرے، جو ہر قسم کے فتنوں کا تریاق ہے۔لوگوں کے درمیان رواداری، بھائی چارہ اور انصاف قائم کرنے کی کوشش کرے۔اپنے علم کو صرف کتابوں تک محدود نہ رکھے بلکہ اسے نافع بنا کر عملی زندگی میں نافذ کرے۔کیا آپ علماء کرام کی ان ذمہ داریوں سے متعلق کسی خاص پہلو پر مزید تفصیل جاننا چاہیں گے)

کرم کا فخر کے پی کے کا فخر

ایشیاء رائزنگ کپ پاکستان کی جیت، کرم کا فخر پاکستان نے ایشیاء رائزنگ کپ اپنے نام کر کے یہ ثابت کر دیا کہ جذبہ سچا ہو تو کامیابی خود راستہ بنا لیتی ہے

کرم) محمد خالق اورکزئی سے) کرم کا فخر کے پی کے کا فخر۔ایشیاء رائزنگ کپ پاکستان کی جیت، کرم کا فخر پاکستان نے ایشیاء رائزنگ کپ اپنے نام کر کے یہ ثابت کر دیا کہ جذبہ سچا ہو تو کامیابی خود راستہ بنا لیتی ہے۔ہماری ٹیم نے ہمت، یکجہتی اور بے مثال کھیل کے ساتھ وہ کارنامہ سرانجام دیا جس نے ہر پاکستانی کا دل خوشی سے بھر دیا۔اس تاریخی جیت کی سب سے خوبصورت بات یہ ہے کہ ضلع کرم کے دو درخشاں ستارے بھی اس فاتح ٹیم کا حصہ تھے۔بگن کے شاہد عزیز اور اپر کرم کے محمد نعیم منگل نے اپنی محنت، تربیت اور لگن سے نہ صرف پاکستان کا پرچم بلند کیا، بلکہ یہ ثابت کیا کہ کرم کے نوجوان کسی سے کم نہیں۔ان دونوں کی شاندار موجودگی پورے ضلع کرم کے لیے بڑی عزت اور فخر کا باعث ہے۔آج پاکستان کی فتح کے ساتھ ساتھ کرم کی دھرتی بھی خوش ہے۔کیونکہ اس کے بیٹے ملک کی کامیابیوں میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔پاکستان زندہ)

ظاہری شرافت یا ذاتی مفاد؟ ایک دلچسپ ملاقات

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی۔قلمِ حق

کچھ عرصہ قبل میری ملاقات ایک ایسے شخص سے ہوئی جو پاکستان سے حال ہی میں آیا تھا۔اس کی شخصیت میں ایک خاص طرح کی گرمجوشی اور روانی تھی۔وہ بات کرتے ہوئے اس انداز میں الفاظ چنتا کہ انسان خود کو اس کی گفتگو میں کھو بیٹھے۔بظاہر وہ ایک عام سا شخص دکھائی دیتا تھا مگر اس کی باتوں میں ایک عجیب طرح کی گہری معنی خیزی تھی جو ہر جملے کے پیچھے چھپی محسوس ہوتی تھی۔اس ملاقات کے دوران ہم نے مختلف موضوعات پر بات چیت کی۔کبھی حالاتِ حاضرہ پر بات ہوتی، کبھی معاشرتی رویوں پر اور کبھی ان ذاتی تجربات پر جو انسان کو اندر سے بدل دیتے ہیں۔میں مسلسل اس کی باتوں کا تجزیہ کرتا رہا اور کوشش کرتا کہ اس کے خیالات کی سمت سمجھ سکوں۔ایک لمحے میں اس نے باتوں ہی باتوں میں کہا کہ اسے ایک تحفہ خریدنا ہے۔ابتدا میں مجھے یہ بات بالکل معمولی لگی۔میں نے سوچا کہ شاید کوئی عام سا تحفہ ہوگا جو کوئی بھی شخص اپنی پسند کے مطابق لے سکتا ہے۔شاید کوئی خوشبو، کوئی کپڑا، یا کوئی سادہ سا زیور۔لیکن جیسے ہی اس نے قیمت کا ذکر کیا، یا شاید مقصد کا اندازہ دیا، تو میرا ذہن بے اختیار ٹھٹھک گیا۔اس نے کہا کہ تحفہ کم از کم ڈیڑھ لاکھ سے دو لاکھ پاکستانی روپے کی قیمت کا ہونا چاہیے۔میں ایک لمحے کے لیے حیرت میں ڈوب گیا۔یہ عام تحفہ تو کسی طور نہیں تھا۔میں نے اس سے پوچھا کہ آخر یہ تحفہ کس کے لیے ہے؟ اور اسی سوال نے گفتگو کی سمت کو مکمل بدل دیا۔اس نے بتایا کہ یہ تحفہ ایک فوجی کرنل کی بیوی کے لیے ہے۔اس جواب نے کہانی کے رنگ ہی بدل دیے۔اب یہ معاملہ ایک عام تحفہ نہیں بلکہ ایک پسِ پردہ مقصد کی نشاندہی کر رہا تھا۔لیکن اصل سوال یہی تھا کہ آخر کوئی شخص اتنی خطیر رقم کا تحفہ کیوں دے؟ ڈیڑھ لاکھ سے دو لاکھ شاید واقعی ایک امیر آدمی کے لیے معمولی بات ہو، مگر ایک عام انسان کے لیے یہ صرف تحفہ نہیں بلکہ ایک بوجھ، ایک دباؤ، اور ایک غیر معمولی مطالبہ ہوتا ہے۔اگر آپ کوئی غیر قانونی، مشکوک یا خفیہ فائدہ نہیں دے رہے تو پھر اتنی بڑی قربانی کی آخر ضرورت ہی کیا ہے؟ دل نے فوراً اشارہ دیا کہ یہاں معاملہ محض چاہت یا احترام کا نہیں، یہ کسی پوشیدہ مقصد، کسی خاموش معاہدے، یا کسی ایسی وابستگی کا تقاضا ہے جس کے اثرات بعد میں سامنے آتے ہیں۔ایسے تحائف اکثر رشتوں کو مضبوط نہیں کرتے، بلکہ انسان کو احسان کے بوجھ تلے دبا دیتے ہیں، اور یہی احساس مجھے اندر سے بے چین کر رہا تھا۔اس شخص نے اپنی کہانی آگے بڑھاتے ہوئے بتایا کہ وہ مختلف غیر قانونی کام کرنل صاحب پر کرتا تھا۔اور اس کے بدلے میں یہ مہنگے تحفے اس کے لیے ایک طرح کی "سرمایہ کاری" کی حیثیت رکھتے تھے۔یہ تحفہ دراصل احسان کی یاد دہانی، رشتے کی مضبوطی اور فائدے کے سلسلے کو قائم رکھنے کا کردار ادا کرتا تھا۔یہ سن کر میرے اندر ایک عجیب سی کیفیت پیدا ہوئی۔یہ وہ حقیقت تھی جو اکثر ہمارے معاشرے میں نظر تو آتی ہے مگر بیان نہیں کی جاتی۔طاقتور اور بااثر لوگوں کے درمیان تعلقات کی بنیاد محبت یا احترام پر نہیں بلکہ مفاد اور ضرورت پر ہوتی ہے۔میں سوچنے لگا کہ بعض لوگ تعلقات کو صرف ایک تجارت کی طرح دیکھتے ہیں۔جہاں ہر چیز کا وزن قیمت میں کیا جاتا ہے۔محبت، عزت، خیر خواہی سب ایک ایسے ترازو میں تولی جاتی ہیں جس کے باٹ پیسے اور فائدے ہوتے ہیں۔یہ واقعہ میرے لیے ایک آئینہ بن گیا۔میں نے پہلی بار اتنی واضح شکل میں سمجھا کہ انسان اپنے ظاہری عمل میں خواہ کتنا ہی خوش اخلاق اور نرم دکھائی دے، اصل حقیقت اس کے اندر کے ارادوں میں چھپی ہوتی ہے۔اور نیت وہ راز ہے جو اکثر دیر سے کھلتا ہے۔تحفہ ہمیشہ محبت کی علامت نہیں ہوتا۔کبھی کبھی تحفہ ایک قرض ہوتا ہے، جس کا بدلہ بعد میں وصول کیا جاتا ہے۔کبھی یہ ایک دروازہ کھولنے کی کنجی ہوتا ہے۔اور کبھی یہ انسان کی خواہشات اور ضروریات کی قیمت ہوتا ہے۔اس شخص کے انداز سے واضح تھا کہ وہ اس نظام کا حصہ بن چکا تھا اور اسے اس میں کچھ غلط دکھائی نہیں دیتا تھا۔اس کے لیے یہ سب معمول اور عقل کے دائرے میں تھا۔جیسے یہی زندگی کا طریقہ ہو۔لیکن میرے لیے یہ ایک سبق تھا۔ایک ایسا سبق جو انسان کو سوچنے پر مجبور کر دے کہ دنیا میں رشتے اور تعلقات اکثر وہ نہیں ہوتے جو دکھائی دیتے ہیں۔ہر مسکراہٹ کے پیچھے خوشی نہیں ہوتی، اور ہر نرمی کے پیچھے خلوص نہیں۔وقت گزرنے کے ساتھ میں اس ملاقات کو بھول نہیں پایا۔کیونکہ یہ ملاقات کسی فرد کے بارے میں نہیں تھی، بلکہ اس معاشرتی ڈھانچے کے بارے میں تھی جو ہم سب کے اردگرد بُنا گیا ہے۔ہم اکثر لوگوں کی دولت، مہنگے لباس، چمک دمک، بااثر تعلقات اور سماجی حلقے کو دیکھ کر ہی ان کی کامیابی کو پرکھنے لگتے ہیں، جیسے انسان کی اصل قدر و قیمت کا معیار صرف وہی چیزیں ہوں جو ظاہری طور پر نمایاں نظر آتی ہیں۔ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ کامیابی کا حقیقی پیمانہ محنت، خلوص، کردار کی مضبوطی اور وہ جدوجہد ہے جو کسی کی آنکھوں میں تو نہیں دکھتی مگر اس کی زندگی کے ہر موڑ پر روشنی بکھیرتی ہے۔ایسے میں ہماری نگاہیں اکثر ان اصل حقیقتوں سے ہٹ جاتی ہیں جو انسان کو بڑا بناتی ہیں، اور ہم محض دکھاوے کے آئینے میں ان کی زندگی کا فیصلہ سنا دیتے ہیں۔کچھ تعلقات دل سے بنتے ہیں اور کچھ تعلقات مجبوریاں بنتی ہیں۔کچھ رشتے احترام پر کھڑے ہوتے ہیں اور کچھ رشتے فائدے پر۔اور انسان کے لیے یہ پہچاننا ضروری ہے کہ وہ کس طرح کے رشتوں میں جی رہا ہے۔میں نے یہ سمجھا کہ اصل دولت دل کا سکون، نیت کی پاکیزگی اور اعمال کی سچائی ہے۔جو شخص یہ دولت رکھتا ہے، وہی اصل میں کامیاب ہے۔دنیا کے لین دین، فائدے، تعلقات اور مصلحتیں کبھی ختم نہیں ہوتیں۔لیکن انسان اگر چاہے تو اپنی حدیں مقرر کر سکتا ہے۔کہ وہ کس چیز کی قیمت چکانے کے لیے تیار ہے اور کس کی نہیں۔اور اس لمحے میں نے دل میں فیصلہ کیا کہ میں ان رشتوں کو ترجیح دوں گا جو خلوص پر قائم ہوں، نہ کہ فائدے پر۔اور میں چاہتا ہوں کہ میں ایسی دنیا میں نہ کھیلوں جہاں محبت کا پیمانہ قیمت ہو۔

ضلع کرم کے علاقے صدہ میں اہلِ سنت علماء کونسل کے وفد نے ونگ ہیڈکوارٹر میں ونگ کمانڈر سے ملاقات کی

جس میں امن و امان کی صورتحال اور انسدادِ دہشت گردی سے متعلق امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی

کرم) محمد خالق اورکزئی سے) ضلع کرم کے علاقے صدہ میں اہلِ سنت علماء کونسل کے وفد نے ونگ ہیڈکوارٹر میں ونگ کمانڈر سے ملاقات کی جس میں امن و امان کی صورتحال اور انسدادِ دہشت گردی سے متعلق امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ونگ کمانڈر نے علماء کے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ منبر و محراب کو امن، اخوت اور مثبت رہنمائی کے لیے استعمال کیا جائے اور اشتعال انگیز تقاریر سے ہر ممکن گریز کیا جائے۔علماء نے مساجد پر حالیہ حملوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا، جس پر ونگ کمانڈر نے بتایا کہ خوارج عناصر اکثر مساجد اور مدارس کو پناہ گاہ بنا کر سیکورٹی فورسز پر حملے کرتے ہیں، جس کے باعث بعض اوقات ان مقدس مقامات کی حرمت متاثر ہوتی ہے۔انہوں نے علماء سے اپیل کی کہ ایسے عناصر کی روک تھام میں اپنا فعال کردار ادا کریں۔ملاقات کے اختتام پر اہلِ سنت علماء کونسل نے ونگ کمانڈر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امن و استحکام کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی)